وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کیلئے آسان بنا دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا

قرآن آسان

مؤلفہ

ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ

حافظ محمد زبیر ملک ، حافظ محمد بلال ملک

سیرت انٹرپرائزز

آفس نمبر ۷، ۳۳ صادق پلازہ ، تیسری منزل ، نزد

مسجد شہداء، شاہراہ قائد اعظم لاہور ۔ پاکستان

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

""ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان بنا دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟""

قرآن آسان

- قرآنی عربی بغیر استاد سیکھنے کا دس روزہ کورس
- صرف و نحو کے 20 آسان اور جامع اسباق
- قرآن مجید کے 270 الفاظ کی تشریح اور قرآن میں ان کا استعمال۔ جدید طریقہ مشق
- قرآن کے 70% ذخیرہ الفاظ سے واقفیت

مؤلفہ

ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ

حافظ محمد زید ملک ۔ حافظ محمد بلال ملک

سیرت انٹرپرائز

37۔ صادق پلازہ (تیسری منزل) نزد مسجد شہداء، شاہراہِ قائدِ اعظم

لاہور۔ پاکستان

نام کتاب : قرآن آسان

تالیف : ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ

حافظ محمد زید ملک ۔ حافظ محمد بلال ملک

مطبع : علی مجید پرنٹرز ۔ لاہور

تعداد : پانچ ہزار

طبع اول : اکتوبر 1997

قیمت : مجلد: 150 روپے

غیر مجلد: 135 روپے

ملنے کا پتہ : سیرت انٹرپرائزز ۔ آفس نمبر 37، صادق پلازہ (تیسری منزل) نزد مسجد شہداء شاہراہ قائد اعظم لاہور، پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

انتساب

بنام خواجہ کونین سرور عالم فداہ روحی و عرضی و کل ما عندی

وہ ذات گرامی جن کے قلب اطہر پر قرآن مجید نازل ہوا

وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یسیں، وہی طٰہ

وہ ذات اقدس و اطہر جنہوں نے تن تناسب سے پہلے اور سب سے زیادہ خود قرآن پر عمل کیا۔ پانچ لاکھ صحابہ کو قرآن سکھایا، اس پر انفرادی اور اجتماعی طور پر بدرجہ کمال عمل کروایا۔ تاریخ بشر کا عظیم ترین انقلاب برپا کیا، تاریخ بشر کا حسین ترین معاشرہ قائم کیا جس میں اخلاقی، روحانی، مادی، معاشی، سیاسی اور معاشرتی اقدار اپنی معراج کو پہنچ گئیں۔ آزادی، عدل اور مساوات اسلامی سلطنت کا مزاج ٹھہرا۔ اللہ کے اس پیغام کو پوری دنیا تک پہنچا دیا اور نصف صدی کے اندر اندر نصف سے زیادہ کرہ ارضی عملاً و فعلاً قرآن کے زیر سایہ و زیر نگیں آگیا۔ اگر وہ نہ ہوتے تو نہ جانے آج ہم کیا ہوتے اور دنیا کا کیا حال ہوتا۔ اس تصور سے روح لرز اٹھتی ہے!

مولای صلّ وسلّم دائمًا ابدًا
علی حبیبك خیر الخلق كلهم

درود ان پر کہ جن کی بزم میں قسمت نہیں سوتی
سلام ان پر کہ جن کے ذکر سے سیری نہیں ہوتی

صلی اللہ علیک وسلم

اے شہ دیں! اے مرسل اکرم! صلی اللہ علیک وسلم
خلق ترا قرآن مجسم، صلی اللہ علیک وسلم

حاصل امکاں، غایت عالم، صلی اللہ علیک وسلم
جسم منور، نور مجسم، صلی اللہ علیک وسلم

خلد ترے دیدار کی منزل، دوزخ تیرے ہجر کی صورت
تیری اطاعت وصل ہے ہر دم، صلی اللہ علیک وسلم

تیری بات ہے وحی سراپا، ان ہو الا وحی یوحیٰ
پوری حیات اسلام کا عالم، صلی اللہ علیک وسلم

خلق ترا ہے مصحف فرقاں، نطق ترا ہے شارح قرآں
لمحہ لمحہ آیہ محکم، صلی اللہ علیک وسلم

تیری خوشبو زیست کا ساماں، تیری ہدایت تار رگ جاں
تجھ سے بچھڑنا موت ہے جانم، صلی اللہ علیک وسلم

تیری توجہ غم کا مداوا، تیرا تبسم کیف سویرا
تیری نظر ہے پیار کا موسم، صلی اللہ علیک وسلم

یاد تری ہر زخم کا مرہم، تیری رحمت چارہ گر غم
تیرے ذکر سے آنکھیں پرنم، صلی اللہ علیک وسلم

سرور دوراں، خواجہ گیہاں، صدر رسولاں، خسرو خوباں
جان نگاراں سید منعم، صلی اللہ علیک وسلم

حامل قرآں، درد کے درماں، مشعل عرفاں، صبح بہاراں
اعدل و اجود، امی و اعلم، صلی اللہ علیک وسلم

احسن واسلم، اکمل واقوم، اجمل واقدم، افضل وخاتم
سب سے آخر، سب پہ مقدم، صلی اللہ علیک وسلم

تجھ پہ ہوا ہے دین مکمل، تجھ پہ ہوئی ہر نعمت کامل
دین مبین کے خاتم، و خاتم صلی اللہ علیک وسلم

وحش وطیر بھی طالب رحمت، اونٹ بلک کر عرض کناں تھا
تیرا سایہ لطف کا عالم، صلی اللہ علیک وسلم

عکرمہ کو سینے سے لگائے، مجرم طائف پاس بٹھائے
تشنہ ہوں میں بھی پیار کے زمزم، صلی اللہ علیک وسلم

میرے جدو اب تجھ پہ تصدق، تن من دھن سب تجھ پہ تصدق
تیرے تصدق عالم عالم، صلی اللہ علیک وسلم

لہرائے ہر سمت سویرا، صدق و صفا کا، عدل و عطا کا
تیری سنت صبح دو عالم، صلی اللہ علیک وسلم

ہجر میں میں ڈوبا رہتا ہوں، ساز الست سنا کرتا ہوں
روح کے بربط پر ہے دما دم، صلی اللہ علیک وسلم

داغ عصیاں کے حد سے بڑھے ہیں، زخموں سے ہم چور ہوئے ہیں
کب چھڑکو گے پیار کی شبنم؟ صلی اللہ علیک وسلم

قریہ جاں پر تیرا سایہ، صلح و صفا اور امن کا ضامن
تیری شریعت اسلم تسلم، صلی اللہ علیک وسلم

چارہ گر آشوب و عوارض! انساں پھر بیمار ہوا ہے
دیں ہے تیرا جب چارۂ ہر غم، صلی اللہ علیک وسلم

رہ میں ترے گھر بار تصدق، اسوہ پہ پندار تصدق
ہادی دوراں، رہبر اعظم، صلی اللہ علیک وسلم

رنگ و نسب کے، فکر و نظر کے، بت سب فرقہ واریت کے
کر دیئے حب اللہ میں مدغم، صلی اللہ علیک وسلم

تیری شریعت، تیری طریقت انساں کے ہر دکھ کا مداوا — تو نے رکھا ہر زخم پہ مرہم، صلی اللہ علیک وسلم

نکہت و نور کی باراں بن کر پھیل رہا ہے نام محمد ﷺ — نغمہ سرا ہیں انجم پیہم، صلی اللہ علیک وسلم

علم و ادب کا مہر درخشاں، خلق و صفا کی منزل آخر — اسوۂ احسن، مرشد اعظم، صلی اللہ علیک وسلم

تیرے قدموں میں ہر رفعت، تجھ سے دوری عرصہ ظلمت — تیری اطاعت سب پہ مقدم، صلی اللہ علیک وسلم

ہر دو سرا کے تار رگ جاں، دیں ہے ترا سر نامہ امکاں — بعد خدا تو سب سے مکرم، صلی اللہ علیک وسلم

انساں جاگا تیری صدا سے، عالم چمکا تیری ضیاء سے — ممنوں تیرا دودۂ آدم، صلی اللہ علیک وسلم

جاء الحق و زھق الباطل، ان الباطل کان زھوقا — غلبہ دیں کی آیہ محکم، صلی اللہ علیک وسلم

غار حرا سے فتح مبیں تک، دعوت سے تکمیل دیں تک — ہر نعمت کی حق نے فراہم، صلی اللہ علیک وسلم

مہر و مروت تیری فطرت وحشی، ہند، ہبار پہ شفقت — اپنوں بیگانوں کے ہمدم، صلی اللہ علیک وسلم

نظریئے اور فلسفے قرباں، تیری نظر پر، تیری ادا پر — صدقے تجھ پر دونوں عالم، صلی اللہ علیک وسلم

شخصیت سازی کے مظہر، سارے صحابہ انجم سراسر — فیض سے تیری سب ہوئے اعظم، صلی اللہ علیک وسلم

سارے صحیفے تیرے منادی، موسیٰ و عیسیٰ تیرے مبشر — تیرے دم سے عظمت آدم، صلی اللہ علیک وسلم

فیض ترا ہر آن رواں ہے، عقدہ کشائے عالمیاں ہے — تیرا ثنا خواں رب دو عالم، صلی اللہ علیک وسلم

تیرے دروازہ پہ کھڑا ہوں، شاہا میں محتاج عطا ہوں — پاس نہیں جز گریہ پیہم، صلی اللہ علیک وسلم

میں مسکیں اور تیرا ارماں؟ تجھ پہ جاں و دل سے قرباں — قطب، ولی، اصحاب مکرم، صلی اللہ علیک وسلم

خود قبلہ، خود قبلہ نما ہے سرور و شاہ ہر دو سرا ہے — میں تیرا ہوں مجھ کو کیا غم، صلی اللہ علیک وسلم

تیرا دیرینہ ہمسایہ، سائل بن کر گھر سے آیا — بھیک عطا ہو شاہ معظم، صلی اللہ علیک وسلم

چشم کرم ہو اے شہ والا! کر دے من میرے میں اجالا
پردیسی ہوں رحمت عالم! صلی اللہ علیک وسلم

ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ

قرآن کی فریاد

طاقوں میں سجایا جاتا ہوں، آنکھوں سے لگایا جاتا ہوں
تعویذ بنایا جاتا ہوں، دھو دھو کے پلایا جاتا ہوں

جزدان حریر و ریشم کے اور پھول ستارے چاندی کے
پھر عطر کی بارش ہوتی ہے، خوشبو میں بسایا جاتا ہوں

جیسے کسی طوطے مینا کو کچھ بول سکھائے جاتے ہیں
اس طرح پڑھایا جاتا ہوں، اس طرح سکھایا جاتا ہوں

دل سوز سے خالی رہتے ہیں، آنکھیں ہیں کہ نم ہوتی ہی نہیں
کہنے کو میں اک اک جلسہ، میں پڑھ پڑھ کے سنایا جاتا ہوں

جب قول و قسم لینے کے لئے تکرار کی نوبت آتی ہے
پھر میری ضرورت پڑتی ہے ہاتھوں پہ اٹھایا جاتا ہوں

نیکی پہ بدی کا غلبہ ہے، سچائی سے بڑھ کر دھوکا ہے
اک بار ہنسایا جاتا ہوں، سو بار رلایا جاتا ہوں

یہ میری عقیدت کے دعوے قانون پہ راضی غیروں کے
یوں بھی مجھے رسوا کرتے ہیں، ایسے بھی ستایا جاتا ہوں

کس بزم میں میرا ذکر نہیں، کس عرس میں میری دھوم نہیں
پھر بھی میں اکیلا رہتا ہوں، مجھ سا بھی کوئی مظلوم نہیں

ماہر القادری

فہرست مضامین

پیش لفظ

اسلام ایک پیغام ہے جسے تمام پیغمبران اللہ تعالٰی سے وصول کرتے اور دنیا تک پہنچاتے چلے آئے ہیں آخری شکل میں اسلام وہ پیغام ہے جسے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے انسانوں تک پہنچایا ہے یہ پیغام قرآن مجید ہے جو وحی کی شکل میں حضور اکرم ﷺ پر اترا اور آپ ﷺ نے اس پیغام کو پوری انسانیت تک پہنچا دیا جس شخص نے قرآن مجید کو بحیثیت پیغام انہی سے وصول کیا اور قبول کرلیا وہ شخص مسلمان ہے اور جو شخص اس پیغام سے عقیدتاً اور عملاً محروم رہا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے

ہماری بدنصیبی ہے کہ امت مسلمہ میں ہزار میں بمشکل ایک شخص ایسا ملتا ہے جس نے قرآن مجید کو ایک مرتبہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک سمجھ کر پڑھ لیا ہو گویا یک فی ہزار لوگ بھی ایسے نہیں ہیں جنہوں نے قرآن مجید کو بحیثیت کلام ربی کے وصول کیا ہو، سمجھا ہو اور قبول کیا ہو

کہنے کو ہم سب لوگ ہیں، اس لئے کہ ہم کلمہ گو ہیں، ہم نے لا الہ اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کیا ہوا ہے اور یہ حدیث بھی پڑھ رکھی ہے :-

مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

"جس نے اس کلمہ کا اقرار کیا وہ جنت میں داخل ہو گیا"

یہ تو بالکل ایسے ہی ہے جیسے کسی شخص کا نکاح ہو جائے اور وہ یہ سمجھے کہ اب میرا گھر آباد ہو گیا اور مجھ پر کوئی ذمہ داری نہیں حالانکہ نکاح ہونے سے ذمہ داری ختم نہیں ہوتی ہے، بلکہ ذمہ داریوں کی ابتداء ہوتی ہے کلمہ طیبہ پڑھ لینے سے ایک انسان اسلام میں داخل ہوتا ہے اور ذمہ داریوں کی ابتدا ہوتی ہے

چنانچہ کلمہ پڑھنے سے ہم اسلام میں داخل ہو گئے، اسلام سے ہمارا نکاح ہو گیا علامہ اقبال فرماتے ہیں :

چوں می گویم مسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلات لا الہ را

کلمہ طیبہ "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه" دراصل ایک عہد ہے، قول و قرار ہے جو ہم اللہ تعالٰی سے کرتے ہیں

"اے اللہ ہم آئندہ زندگی میں سوائے تیرے کسی اور کی عبادت نہیں کریں گے سوائے

تیرے حبیب محمد رسول اللہ ﷺ کے کسی اور کی عملی زندگی کا اتباع نہیں کریں گے۔" ظاہر ہے اس قول و قرار کو پورا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی تعلیمات خصوصاً اس کے پیغام' قرآن مجید کو پڑھنا سمجھنا' اس پر غور و فکر کرنا' اپنانا اور اس کے رنگ میں اپنے آپ کو رنگ لینا' اس عہد کا انتہائی ضروری تقاضا ہے

اس طرح سے اس کلمہ کے دوسرے حصہ "محمد رسول اللہ" ﷺ کا تقاضا ہے کہ ہم سیرتِ طیبہ کا مطالعہ کریں' اس کو اپنائیں اور اس کے رنگ میں اپنے آپ کو رنگ لیں گویا "لَا اِلٰه اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه" کا اقرار کرنے کے بعد ہم اسلام میں داخل ہوجاتے ہیں یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ ایک طالب علم یونیورسٹی میں داخل ہو جاتا ہے' رول نمبر لیتا ہے' اسے پورے سال بھر کا پروگرام مل جاتا ہے اور اسے چاہئے کہ یونیورسٹی اسے جس ڈسپلن سے گزارنا چاہتی ہے' وہ اس ڈسپلن سے گزرے۔ اگر بد نصیبی سے یہ طالب علم اس ڈسپلن سے نہیں گزرتا جس سے اسے یونیورسٹی گزارنا چاہتی ہے' وہ نہ تو درسی کتابیں خریدتا ہے' نہ ان کا مطالعہ کرتا ہے' نہ کلاس روم میں بیٹھتا ہے' نہ اساتذہ سے فائدہ اٹھاتا ہے' نہ ہوم ورک کرتا ہے' نہ لائبریری میں بیٹھتا ہے' نہ امتحان کی تیاری کرتا ہے' نہ امتحان دیتا ہے' نہ امتحان پاس کرتا ہے' نہ سند لیتا ہے' تو کہنے کو تو یہ یونیورسٹی سٹوڈنٹ ہے لیکن دراصل یہ حقیقی طالب علم نہیں ہے بلکہ طالب علموں' کے نام پر ایک دھبہ ہے۔ بالکل یہی صورت حال اس مسلمان کی بھی جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کا قول و قرار کر کے اسلام میں داخل تو ہو جاتا ہے لیکن اس کے بعد اس ڈسپلن سے نہیں گزرتا جس میں دین اسلام اسے گزارنا چاہتا ہے۔ نہ وہ قرآن مجید کا مطالعہ کرتا ہے' نہ اسے اپناتا ہے' نہ سمجھتا ہے' نہ اس پر غور و فکر کرتا ہے' نہ اس پر ایمان لانے کا حق ادا کرتا ہے' نہ وہ سیرت طیبہ کا مطالعہ کرتا ہے اور نہ وہ رسول اکرم ﷺ کا اتباع قولاً و فعلاً کرتا ہے یہ شخص کہنے کو تو مسلمان ہے لیکن درحقیقت مسلمان نہیں ہے

غلط فہمیاں

پہلی غلط فہمی :-

ہمارے ہاں ایک غلط فہمی تو یہ پھیلا دی گئی ہے کہ عربی زبان انتہائی مشکل زبان ہے اور صرف و نحو پڑھانے میں اس قدر مار پیٹ اور دہشت کا سہارا لیا جاتا ہے کہ ہرحساس اور ذہین طالب علم چند ہی روز کے بعد عربی زبان پڑھنے اور سیکھنے کو خیر باد کہہ جاتا ہے یہ بات درست نہیں۔ ہماری تحقیق ہے کہ عربی زبان دنیا کی آسان ترین زبان ہے اور یہ بات ہم نے تجربے سے ثابت کی ہے۔ زیر نظر کتاب اسی طرز کی ایک کاوش ہے جس میں عملاً ہم ثابت کر دیں گے کہ عربی

زبان کو دس پندرہ روز میں آسانی سے سیکھا جا سکتا ہے

دوسری غلط فہمی :-

بالکل اسی طرح سے ایک غلط فہمی یہ پھیلا دی گئی ہے کہ قرآن مجید بہت ہی مشکل کتاب ہے اور اس کو سمجھنے کے لئے کم از کم تیرہ علوم سے فارغ التحصیل ہونا اور ایک خاص درجہ کی روحانیت پر فائز ہونا بہت ضروری ہے

نتیجہ یہ نکلا کہ لوگوں نے یہ سمجھا کہ قرآن مجید تو صرف بہت بڑے روحانی بزرگوں اور بہت متبحر علماء کے پڑھنے کی چیز ہے' یہ عامتہ الناس کے بس کی بات ہی نہیں ہے حالانکہ دیکھ لیجئے قرآن میں اس قدر واضح الفاظ میں یہ دعویٰ موجود ہے :

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (القمر /17)

"ہم نے قرآن مجید کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان بنا دیا ہے۔تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟" (القمر/17)

وہی تیرہ علوم جنہیں قرآن مجید پڑھنے کے لئے عام طور پر شرط قرار دیا جاتا ہے' انہیں شاہ ولی اللہ دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے کئی جگہوں پر خرافات قرار دیا ہے فلسفہ' منطق' ہیئت' عروض' قوافی' فصاحت' بلاغت اور نہ جانے اس کے علاوہ اور کیا کیا مضامین ہیں جو ہم نے اپنے جی سے گھڑ لئے ہیں۔ صحابہ کرام ﷺ نے تو ان کی طرف بالکل توجہ نہیں دی تھی اور شاہ ولی اللہ دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے جس مدرسہ علم کی بنیاد ڈالی' اس میں انہوں نے ان تمام غیر ضروری علوم کو نکال باہر کیا۔ شاہ صاحب کا طریقہ یہ تھا کہ وہ عربی زبان پڑھاتے تھے اور وہ بھی قرآن و حدیث کے راستہ سے۔ جب قرآن و حدیث کے لئے عربی زبان پڑھنی ہے تو اسے قرآن و حدیث کے راستے ہی سے کیوں نہ پڑھا جائے؟ آخر عربی ادب پڑھنے کے لئے متنبی' حماسہ'مقامات اور جاہلی ادب جیسی لغویات کی کیا ضرورت ہے؟ کیا قرآن و حدیث سے بڑھ کر اور ادبی کتابیں بھی تصور میں لائی جاسکتی ہیں؟ کیا کلام اللہ اور کلام الرسول ﷺ سے زیادہ بھی کوئی ادبی کلام ہوسکتا ہے؟ لیکن ہماری بدنصیبی کی بات ہے کہ ہماری زندگی کا بیشتر حصہ عربی زبان و ادب کی ان کتابوں میں صرف ہو جاتا ہے جن کا قرآن و حدیث سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے اور وہ فی الواقع لفظاً ہمیں قرآن سے دور کرتی ہیں ہم نے کوشش کی ہے کہ عربی زبان کو قرآن مجید کی آیات کے راستے سے مختصر ترین مدت میں سیکھنے کی کوشش کریں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہو گی کہ عالم اسلام کی بڑی بڑی یونیورسٹیوں میں کہیں بھی یہ تیرہ علوم نہیں پڑھائے جارہے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ' جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ' جامعہ ازھر شریف' جامعہ عین شمس وغیرہ کے نصابات کو دیکھ لیجئے کہیں بھی آپ کو یہ فضولیات نہیں ملیں گی جو عرصہ دراز سے بلکہ گزشتہ سات آٹھ سو

سال سے ہماری دینی درسگاہوں کا لازمہ بنی ہوئی ہیں

تیسری غلط فہمی :۔

قرآن مجید کے بارے میں ایک غلط فہمی یہ پھیلا دی گئی کہ اس کا مطالعہ فارغ التحصیل علماء ہی کر سکتے ہیں حالانکہ یہ حدیث بہت واضح دلالت کرتی ہے قرآن مجید پہ کسی طبقہ کی اجارہ داری نہیں اور نہ یہ صرف مفسرین و محدثین یا اولیاء کے لئے نازل ہوا ہے، یہ تو عامتہ الناس کے لئے نازل ہوا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً

"ایک آیت بھی اگر تمہیں آتی ہے تو مجھ سے سن کر اسے آگے پہنچاؤ"

چوتھی غلط فہمی :۔

دوسری طرف سے ایک غلط فہمی یہ پھیلا دی گئی کہ قرآن مجید اگر عربی زبان میں نہیں پڑھ سکتے اور عربی زبان نہیں آتی تو اس کا ترجمہ پڑھ لینا کافی ہے یہ اپنی جگہ پر ایک فتنہ ہے

اگر کسی سے یہ کہہ دیا جائے کہ تم ہیر وارث شاہ اردو میں پڑھ لیا کرو یا غالب کا کلام پنجابی میں ترجمہ کر کے پڑھ لو تو، پتہ چلے گا کہ وہ بات جو وارث شاہ پنجابی میں اور غالب اردو میں کہہ رہے ہیں ترجمہ کے بعد اس کا آدھا لطف بھی باقی نہیں رہے گا۔ اس کے کلام کا لفظی و معنوی حسن باقی نہیں رہے گا ہر شخص جانتا ہے کہ قرآن مجید کے نزول کے وقت قرآن نے جن لوگوں کو چیلنج دیا تھا، یہ لوگ عام انسان نہیں تھے، یہ بڑے بڑے شاعر، ادیب، خطیب اور نقاد قسم کے لوگ تھے اور قرآن مجید نے پہلے ہی راؤنڈ میں اگر ان کو ناک آؤٹ کیا ہے تو اپنے اسلوب، لغت اور ڈکشن کی وجہ سے کیا ہے اگر مسلمان عربی مبین سے واقف نہیں ہیں تو ظاہر ہے کہ قرآن کے اس معجزے سے بالکل محروم رہیں گے جس سے قرآن نے لوگوں کو پہلے ہی ہلے میں شکست دے دی

پیغام قرآنی کا ایک حصہ تو معلوم ہوجائے گا لیکن قرآن مجید کی اس روحانیت اور دل و جان پر اس تاثیر کا کیا کریں گے جو صرف اللہ تعالیٰ کے کلام میں ہے؟ ظاہر ہے کہ ترجمہ کلام اللہ تو نہیں ہوسکتا وہ کلام اللہ کی ایک جزوی نمائندگی کرتا ہے۔ اس اعتبار سے قرآن مجید کو عربی زبان میں پڑھنا اور عربی میں سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔

زبان کو فطری طریقے سے سیکھنا :-

ہم نے زبان سیکھنے کے عمل کو صرف و نحو کا پابند کرلیا ہے یہ بات اصولاً غلط ہے زبان سیکھنے کا فطری طریقہ صرف وہی ہے جس طریقے سے ہم نے اپنی مادری زبان کو سیکھا

مادری زبان کو سیکھتے ہوئے ہم نے کسی صرف و نحو کا سہارا نہیں لیا بلکہ وہ تو صرف اتنی سی بات تھی کہ ہم خاموشی سے اپنے والدین ' بزرگوں اور گھر والوں کی گفتگو سنتے رہتے تھے - وہ جملے جن کا بار بار اعادہ اور تکرار ہوتا اور وہ ہمیں آہستہ آہستہ سمجھ میں آنے لگتے تھے' وہ ہمارے حافظے میں سٹور ہو جاتے تھے اور یوں جب آہستہ آہستہ ہمارے حافظے میں جملوں کی ایک بہت بڑی تعداد سٹور ہوگئی تو ہم نے گفتگو کرنا شروع کردی اور یوں ہماری مادری زبان وجود میں آگئی ہم دنیا کی ہر زبان اس فطری طریقہ سے سیکھ سکتے ہیں ہمیں چند جملوں کا انتخاب کرنا ہوگا جو بہت زیادہ استعمال ہونے والے ہوں اور جن کا یاد کرنا بھی آسان ہو جب ایک ہزار کے قریب جملے ہمیں یاد ہوجائیں گے تو ہم بہت آسانی سے اس زبان میں گفتگو کرنے کے قابل ہوجائیں گے یہ زبان سیکھنے کا فطری طریقہ ہے-جمال الدین افغانی رحمتہ اللہ علیہ دنیا کے جس ملک میں جاتے تھے'دس روز میں زبان سیکھ لیتے تھے-آپ لندن گئے دس روز میں انگریزی زبان سیکھ لی اور پندرہ روز کے اندر اندر ایک اخبار کے ایڈیٹر بن گئے اور انگریزی زبان میں اتنا اچھا اخبار نکالا کہ وہاں سے ملک بدر کردیئے گئے- یہی کچھ پیرس میں بھی کیا'دس روز میں فرانسیسی زبان سیکھ لی'پندرہ روز میں فرانسیسی اخبار نکال دیا اور وہاں سے بھی آپ جناب کی چھٹی ہوگئی- ماسکو میں آئے تو دس روز میں روسی زبان سیکھ لی'پندرھویں روز اخبار نکال دیا اور اخبار اتنا ہر دلعزیز ہوا کہ حکومت وقت کو اپنی خیریت کی فکر ہوئی اور وہاں سے بھی آپ کو نکال دیا گیا

تو معلوم ہوا کہ زبان صرف و نحو کی پابند نہیں ہوا کرتی بلکہ صرف و نحو زبان کی پابند ہوتی ہے- ہمیں صرف و نحو سے آزاد ہوکر زبان کو سیکھنا چاہیئے- لیکن یہ ہماری بد نصیبی ہے کہ ہم صدیوں سے صرف و نحو کے بغیر زبان سیکھنے سے نا آشنا ہیں- میں نے اسی لئے صرف و نحو کے بیس اسباق منتخب کئے ہیں جنہیں استاد کی مدد کے بغیر پڑھا جاسکتا ہے'اس میں عربی زبان کا پورا ڈھانچہ آسانی سے سمجھ میں آجاتا ہے- اتفاق سے یہ وہی اسباق ہیں جو میری والدہ نے مجھے اس زمانے میں پڑھا دیئے تھے جب میں ابھی چوتھی جماعت میں پڑھتا تھا- اس کے بعد ایم اے تک مجھے صرف و نحو پڑھنے کی ضرورت نہیں پیش آئی

270 الفاظ کی مشق :-

اس فطری طریقہ سے زبان سیکھنے کے عمل کو بروئے کار لاتے ہوئے میں نے زیر نظر کتاب میں جدید طرز کی کوشش کی ہے-

وجہ یہ ہے کہ قرآن مجید کے 80,000 الفاظ میں سے 270 لفظ ایسے منتخب کئے ہیں جو غالباً سب سے زیادہ استعمال ہوئے ہیں۔ میں نے ان 270 الفاظ کو ان کے مختلف مشتقات کے ساتھ اسی طرح سے پیش کیا ہے کہ ان کی عملی مشق ہوجاتی ہے اور قرآن مجید میں وہ جس جس طرح سے استعمال ہوئے ہیں' میں نے ان کے استعمال کو بہت مختصر آیات کی شکل میں واضح کیا ہے۔ کوئی بھی آیت آدھی سطر سے زیادہ نہیں ہے۔ اب اگر ایک لفظ کو اس کے مختلف مشتقات کے ساتھ چھ سات آیات میں الگ الگ استعمال کے ذریعے واضح کردیا جائے تو وہ لفظ آسانی سے سمجھ میں بھی آجاتا ہے اور اس کا مفہوم بھی ہمیشہ کے لئے دل نشین ہوجاتا ہے۔ یوں تقریباً ڈیڑھ دوہزار آیات کو یاد کرکے اگر 270 الفاظ ہم ذہن نشین کرلیں تو قرآنی الفاظ کا 70 فی صد ذخیرہ ہمارے حافظے میں جاگزیں ہوجاتا ہے۔

دیکھنے کو یہ کتاب ہے لیکن درحقیقت یہ ایک دس روزہ کورس ہے۔ اگر ہمت کرکے بیٹھ جائیں' روزانہ دو سبق صرف و نحو کے اور تقریباً 27 الفاظ قرآن مجید کے مطالعہ کریں تو دس دن کے اندر یہ کتاب آسانی سے پڑھی جاسکتی ہے۔

میں نے اس میں ایک اور کوشش بھی کی ہے کہ قرآن مجید کے پارہ اول (مترجم حافظ نذر احمد صاحب) کو بنیاد بنایا ہے۔ اگر پارہ اول کو پورے دھیان سے پڑھ لیا جائے اور اس کے ذخیرہ الفاظ کو اور آیات کو خاص طور پر وہ آیات جو میں نے تشریحاً لکھی ہیں' اگر سمجھ لیا جائے تو قرآن مجید کا باقی حصہ پڑھنا اور سمجھنا بہت آسان ہوجائے گا۔

کرنے کا کام یہ ہے کہ گھر کا سربراہ روزانہ رات کو سونے سے پہلے اپنے بچوں کو ساتھ بٹھالے اور آدھ پون گھنٹہ محنت کرکے اس کتاب کا کچھ حصہ پڑھ لے اور پڑھا دے تو یہ کام آسانی سے ہوسکتا ہے۔

اگر روزانہ آدھ پون گھنٹہ دیا جائے تو دس بارہ الفاظ اور ایک سبق صرف آسانی سے مکمل کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح سے بیس پچیس روز میں یہ کتاب مکمل کی جاسکتی ہے۔

میں چاہتا ہوں کہ قرآن مجید کی طرف ہم لوٹ آئیں اور یہ کتاب قرآن مجید کو آسان بنانے کا ایک ذریعہ بن جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ جو صاحب ثروت لوگ ہیں وہ اس کتاب کو اپنے طور پر مفت تقسیم کریں۔ ہر مسجد میں اس کی پچاس ساٹھ کاپیاں رکھوائیں اور طلباء خصوصاً غریب طلبا میں مفت تقسیم کریں تاکہ قرآن کی طرف پلٹ آنے کی کامیاب تحریک بن جائے۔

مجھے یقین کامل ہے کہ جو حضرات ایک مرتبہ عزم کے ساتھ زیر نظر کتاب کو پڑھ لیں گے اور اس کے ضروری الفاظ کے معنی اور متعلقہ آیات ذہن میں جاگزیں کرلیں گے' وہ اس قدر عربی تو ضرور سیکھ لیں گے کہ قرآن مجید کو کہیں سے بھی کھول کر تلاوت کریں' قرآن مجید ان کی سمجھ میں آجائے گا۔ اگر اتنا بڑا فائدہ دس بیس روز کی محنت سے حاصل ہوسکتا ہے

تو غور کیجیئے کہ اس عمل سے محرومی کتنی بڑی محرومی ہے!

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ماضی کی غفلت اور کوتاہیوں کو معاف فرما دیں اور ہمیں توفیق عطا فرمائیں کہ ہماری بقیہ اور آئندہ زندگی کتاب و سنت سے محرومی کا شکار نہ رہے

اب تک جیسی عمر بتائی بیت گئی

اب اس عمر کا باقی حصہ تیرے نام

وما توفیقي الا با اللہ

المخلص ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ

لاہور، جمعہ 23 جمادی الثانی 1418

26، ستمبر 1997

قرآنِ مجید فہم و تدبّر سے پڑھنے کی اہمیت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا. مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ.

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ.
(آلِ عمران : ۱۰۲)

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا. (النساء : ۱)

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا. (الاحزاب : ۷۱)

اما بعد!

الٓرٰ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰہُ اِلَیْکَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ

”الٓر۔۔۔ یہ کتاب ہے جو ہم نے تمہاری طرف نازل کی تاکہ تم لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے آؤ۔“ (ابراہیم:1)

قرآنِ پاک سرچشمۂ ہدایت ہے اور بارگاہِ ایزدی تک پہنچنے کا وسیلہ بھی۔ لیکن اِس کا فیض ہم تک صرف اِس صورت میں پہنچے گا اگر ہم اس میں تدبّر و تفکّر کریں اور اس کی تعلیمات کی روشنی میں اپنی زندگیوں کو ڈھالنے کی کوشش کریں۔ ہم پر قرآن پاک کے چند حقوق ہیں۔ ان میں سے ایک حق اس کی تلاوت کا ہے۔ یہاں تلاوت سے مُراد صرف پڑھ لینا ہی نہیں بلکہ اس میں غور و فکر کرنا اور پھر اس کی پیروی کرنا مقصود ہے۔ جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے:

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝

"قرآن میں یہ لوگ کیوں تدبّر نہیں کرتے' کیا ان لوگوں کے دلوں پر تالے پڑے ہوئے ہیں؟" (محمد: 24)

قرآنِ پاک وہ کتاب ہے جو تمام آسمانی صحائف اور کتابوں کا نچوڑ ہے۔ دنیا میں جتنے بھی رسول اور پیغمبر آئے' اُن پر اللہ تعالیٰ نے صحائف اور کتابیں نازل کیں جو مختلف علاقوں میں آباد مختلف قوموں پر اتاری گئیں۔ قرآنِ حکیم اِن سب کتابوں اور صحائف کا لُبِّ لباب ہے اور یہ حتمی صورت میں آچکا ہے۔

کلامِ الٰہی کی تاثیر کے بارے میں قرآن ہی میں ارشاد ہوتا ہے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ

"اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کر دیتے تو تم اسے دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے ریزہ ریزہ ہو رہا ہے۔" (الحشر: 21)

لیکن انسان اسی قرآن سے صرف نظر کرتا ہے اور اس کو دِل کی گہرائیوں میں اُترنے نہیں دیتا جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اس کا دِل پتھر بن جاتا ہے۔

سورۂ بقرہ میں فرمان ہے:

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

"پھر تمہارے دِل پتھروں کی طرح سخت ہو گئے۔" (البقرہ: 84)

بلکہ اگر کہا جائے کہ دِل پتھر سے زیادہ سخت ہو گئے تو زیادہ درست ہو گا۔ کیونکہ پتھر تو اللہ جَلّ شانہ کے خوف سے ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں اور اُن سے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں' لیکن انسانوں کے دل تو پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو جاتے ہیں کہ وہ اپنے حقیقی خالق و مالک کے کلام کو نہ توجہ سے سنتے ہیں اور نہ غور سے پڑھتے اور سمجھتے ہیں' جس کی وجہ سے نہ تو ان کے دلوں سے کوئی چشمہ پھوٹتا ہے اور نہ ہی کسی کو فیض ملتا ہے۔

علّامہ اقبالؒ نے فرمایا تھا:

از تلاوت بر تو حق دارد کتاب
تو ازو کامے کہ می خواہی بیاب

قرآن پاک ہمارے دستورِ حیات کی حیثیت کا حامل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جب زمین پر اپنا خلیفہ اور نائب بنا کر بھیجا تو اُس وقت فرمایا:

فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○

"دیکھو جب تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے تو (اس کی پیروی کرنا کہ) جنہوں نے میری ہدایت کی پیروی کی اُن کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔" (البقرہ:38)

مختلف زمانوں اور مختلف ادوار میں انسانوں پر جو ہدایات' احکامات اور تعلیمات نازل ہوتی رہی ہیں' اُن سب کا نچوڑ قرآنِ مجید میں موجود ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ○

"وہی تو ہے جس نے (عرب کے) ناخواندہ لوگوں میں اُنہی (کی قوم) میں سے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو اُن کو اللہ کی آیات پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن کو پاک کرتے ہیں اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور اِس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔" (الجمعہ:2)

اِن چار کاموں کی تشریح

قرآن مجید میں یہ آیت چار جگہوں پر آتی ہے۔ اس میں یہ بیان کیا گیا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان چار کاموں کے لئے بھیجا گیا ہے اور رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ چار کام لوگوں کو کرکے دکھائے:

1- تلاوتِ آیات

سب سے پہلے قرآن کی تلاوت فرمائی اور اتنے مؤثر انداز میں فرمائی کہ پورے عرب کا منہ بند ہوگیا اور بڑے بڑے شاعروں کی حیثیت ماند پڑگئی۔ زمانہ جاہلیت کا ایک شاعر جس کے شعر سننے پر لوگ سجدے میں گر جایا کرتے تھے' اُس سے پوچھا گیا کہ تم نے شعر کہنا کیوں بند کردیے؟

وہ کہنے لگا: اَفَبَعْدَ الْقُرْاٰنِ "کیا قرآن کے بعد بھی کسی شاعری کی گنجائش رہ گئی؟"
سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے قرآن مجید کی خود تلاوت کی اور لوگوں سے کروائی۔ لیکن تلاوت تدبّر اور تذکر کے ساتھ! ویسے بھی وہ لوگ عرب تھے' اس لئے قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھا کرتے تھے۔

2- تزکیہ

دوسرا کام یہ کیا کہ تلاوتِ قرآن کے ذریعہ تزکیۂ قلوب اور تطہیرِ نفوس کا عملِ عظیم پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ سورۂ مزمّل کی ابتدائی آیات سے پتا چلتا ہے کہ صحابہ کرامؓ کے تربیتی کورس میں اہم ترین بات یہ تھی کہ وہ نصف شب یا اس سے کم و بیش اللہ تعالیٰ کے حضور قیام کریں اور نوافل کے دوران میں ترتیل کے ساتھ تلاوتِ قرآن کرتے رہیں۔ یہ عمل صحابہ کرامؓ پر تقریباً ڈیڑھ سال تک فرض رہا۔ پھر سنّتِ مؤکدہ کے درجے میں آ گیا۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ عمل پوری زندگی فرض رہا۔ آپؐ تلاوت کے دوران میں رحمت کی آیات پہ رحمت کی دعائیں مانگتے' غصّہ و غضب کی آیات پر اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے۔ یوں تلاوت و دُعا آپس میں مل جاتیں اور شدید گریہ کی کیفیت طاری ہوتی۔ اس کیفیت کو تزکیہ و تطہیر کا بہترین ذریعہ قرار دیا گیا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْـًٔا وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝

"اے کپڑوں میں لپٹنے والے! رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑی سی رات (یعنی) نصف رات یا اس سے کچھ کم یا نصف سے کچھ زیادہ اور قرآن کو خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو۔ ہم عنقریب تم پر ایک بھاری فرمان نازل کریں گے (مراد قرآن پاک ہے) کچھ شک نہیں کہ رات کا اُٹھنا (نفسِ حیوانی کو) سخت پامال کرتا ہے اور اس وقت ذکر بھی درست ہوتا ہے۔" (المزمّل- 1 تا 6)

قرآن کے متعلق فرمایا گیا:

شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ

"دلوں میں جو بیماریاں ہیں' اُن کے لئے شفا ہے" (یونس: 57)

تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ تزکیہ کا اصل ذریعہ قرآن ہی ہے۔

3- تعلیمُ الکتاب

تیسرا کام یہ کیا کہ اُن کو اللہ کی کتاب کی تفصیل کے ساتھ تعلیم دی اور اس سے متعلقہ احکام بتا دیئے کہ یہ

تمہارے کرنے کے کام ہیں اور یہ نہ کرنے کے کام ہیں' یہ ضروری و جائز ہیں اور یہ حرام ہیں۔

تیسرا کام یعنی "تعلیمُ الکتاب" پندرہ سال بعد اپنے جوبن پہ آیا۔ تیرہ سال مکہ میں اور پھر دو سال مدینے میں گزار دیئے۔ اِس کے بعد قرآن کے احکامات نازل ہونا شروع ہوئے کہ حلال اور حرام کیا ہے؟

حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے: "اپنی ساری عبادتیں اور مناسک مجھ سے لے لو۔" (مسلم)

مناسک اور احکامِ شریعت کی تفصیلی تعلیم اِسی زمانے میں دی گئی۔ کیونکہ اُن پر صحیح طور پر عمل اِسی صورت میں ممکن تھا جب ایک اسلامی معاشرہ اپنے ارتقا کی منازل طے کرنے کے بعد تشکیل پا چکا ہو۔

4- تعلیمُ الحِکمَتہ

چوتھا کام یہ کیا کہ لوگوں کو اللہ جَلَّ شانہ' کی اس کتاب کے مطابق زندگی گزار کے دکھادی کہ زندگی گزارنے کا حکیمانہ اور دانشمندانہ طریقہ یہ ہے اِسے سُنّت کہتے ہیں۔ سُنّت سے مراد تین چیزیں ہیں۔

1- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول

2- آپؐ کا عمل

3- کسی معاملہ میں آپؐ کی خاموشی۔ یعنی آپؐ نے کوئی بات یا کوئی عمل ہوتے ہوئے دیکھا یا سنا اور اُس سے منع نہیں فرمایا بلکہ اُسے برقرار رکھا۔ اِسے "تقریر" کہتے ہیں۔

غور طلب امر

ایک غور طلب امر یہ ہے کہ یہی اولُ الذکر دو کام ہیں جو ہم نے چھوڑ دیئے ہیں۔ ثانی الذّکر دو کام یعنی تعلیمُ الکتاب اور تعلیمُ الحکمتہ جو کہ پہلے دو کاموں کے بغیر نہیں ہو سکتے' اُن پر ہم زور دے رہے ہیں اور وہ بھی ناقص طریقے سے۔ مزید بر آں دینی مدرسوں میں فنون تو پڑھائے جاتے ہیں یعنی منطق' فلسفہ' ہیئت' ریاضی وغیرہ لیکن قرآن و سُنّت کی تدریس میں کوتاہی ہو رہی ہے۔ دوسری جانب یونیورسٹی میں بی اے کی سطح تک "اسلامیات" موجود ہے لیکن قرآن نصاب سے خارج ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ آٹھ دس سال کی محنتِ شاقّہ کے بعد جو شخص تعلیم سے فارغ ہو کر نکلتا ہے' اُسے سب کچھ آتا ہے مگر وہ قرآن سے نابلد ہوتا ہے' قرآن پڑھنے پڑھانے کا ذوق اُس میں سرے سے پیدا ہی نہیں ہوتا' چونکہ تلاوت اور تزکیہ کا کام بالکل صفر ہے۔ اس لئے اس میں یہ ذوق فراواں نہیں ہوتا کہ وہ قرآن مجید کو شروع سے آخر تک پڑھے تو اُس کی روح پھڑک اٹھے' یا وہ قرآن کو صبح' شام اور سونے سے پہلے پڑھے' اُس کی آیات پر غور و فکر کر کے آنسو بہائے یا پھر ایسا ذوق و شوق ہو کہ قرآن کی آیات اُس سے باتیں کریں' وہ اللہ سے ہمکلام ہونے لگے۔ قرآن تو اللہ کا کلام ہے' آپ اگر اُسے سمجھ کر پڑھیں گے تو ایک ایک آیتِ مبارکہ سمجھ میں

آتی چلی جائے گی۔ جب انسان اللہ سے ہم کلام ہو گا تو اس سے اس کی شخصیت پاک ہوتی چلی جائے گی۔

یہ کام ہم سے چھوٹ گیا ہے اور ہم سے کیا' پورے عالمِ اسلام میں یہ کام نہیں ہو رہا۔ لوگ تلاوت کرتے ہیں مگر بغیر سوچے سمجھے' بغیر فکر و تدبر کے اور جنہوں نے کچھ عربی زبان پڑھ لی ہے اور قرآن کو سمجھتے ہیں تو انہوں نے چند آیات مناظرے کے لئے سنبھال کر رکھی ہوئی ہیں۔ باقی قرآن اُن کے نصاب ہی سے خارج ہے حالانکہ قرآن کے بارے میں تو یہ کہا گیا ہے:

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ ○

"جو شخص دل (آگاہ) رکھتا ہے یا دل سے متوجہ ہو کر سنتا ہے' اُس کے لئے اس میں نصیحت ہے" (سورۂ ق: 37)

تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ ○

"رجوع کرنے والے بندے کے لئے یہ ہدایت اور نصیحت (کا پیغام) ہے" (سورۂ ق: 8)

یعنی قرآن ہر رجوع کرنے والے بندے کی آنکھیں کھول دیتا ہے [illegible]
[illegible] اصل کام یہ ہے کہ ایک دفعہ قرآن کو سمجھ [illegible]

ایک [illegible] واقعہ

راقم جب سعودی عرب میں پڑھاتا تھا تو اُن دنوں [illegible] طالب علم آیا' اُس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ کہنے لگا کہ میں اتنی شدید پریشانیوں میں مبتلا ہوں کہ زندگی سے بیزار ہو چکا ہوں۔ آپ سے اللہ کے نام پر محبت ہے اور جو کچھ میں آپ کو بتا سکتا ہوں کسی اور کو نہیں بتا سکتا۔ آپ میرے لئے کچھ تجویز کریں' کوئی وظیفہ یا دُعا فرمائیں۔ میں نے جب اس کی محبت اور لجاجت بھری کیفیت دیکھی تو میں نے کہا: ابھی ابھی اللہ تعالیٰ نے میرے دِل میں ایک بات ڈالی ہے' میری بات کو غور سے سننا اور [illegible] کی کوشش کرنا۔ تمہیں جو بھی پریشانی ہے اور جس عذاب سے بھی تم گزر رہے ہو' تمہیں اُس میں نجات کا راستہ مل جائے گا۔ میں نے اُسے بتایا کہ تم عرب ہونے کے ناطے عربی سے تو واقف ہو' ایسا کرو کہ قرآن کو ابتداء سے [illegible] پڑھنا شروع کر دو' لیکن آنکھیں کھول کر' بقائمی ہوش و حواس اور دل کے دروازے کھول کر پڑھنا۔ یونہی پڑھتے پڑھتے تمہارے سامنے ایک آیت آ جائے گی اور یہ آیت تمہیں خود بتائے گی کہ میں تمہارا علاج ہوں۔ اس آیت کو بار بار پڑھتے رہنا۔ جب طبیعت سیر ہو جائے تو پھر آگے چلنا' تلاوت کرتے چلے جانا۔ پھر ایک آیت آئے گی جو تم کو خود سے ہمکلام ہوتی ہوئی محسوس ہو گی' خود تمہیں پکارے گی کہ مجھے پڑھو' میں تمہارا علاج ہوں۔ اس آیت کو بار بار پڑھنا۔ تمہیں کسی سے پوچھنے کی قطعاً حاجت نہیں ہو گی' خود وہ آیت تمہیں کہے گی کہ مجھے بار بار پڑھو۔ تم وہاں رُک کر کثرت سے اُس کی تلاوت کرنا'

بار بار ان کو پڑھا [illegible] اور ترتیب سے پڑھتا اور جب طبیعت میں ٹھنڈک اور سیری محسوس ہونے لگے تو آگے چلے جانا [illegible] جب قرآن مجید ختم کر لینا' پھر آ کے مجھے ملنا۔

وہ طالب علم [illegible] کے بعد میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ "اگر مجھے ڈر نہ ہوتا کہ آپ مجھے تھپڑ ماریں گے تو میں [illegible] میرے گھر کے اندر خزانہ موجود تھا اور مجھے علم ہی نہیں تھا۔" کہنے لگا کہ تمام مسائل [illegible] ان شاء اللہ قرآن کو یونہی پڑھتا رہوں گا۔ ایک بات یہ ہے کہ اُس کو ملکہ حاصل تھا کہ وہ قرآن کی زبان جانتا تھا۔ مفہوم جاننے کے بعد اس نے قرآن کو آنکھیں کھول کر پڑھا' ایک ایک آیت کو ٹھہر ٹھہر کر اور سمجھ سمجھ کر پڑھا' تو اس کے سارے مسائل حل ہو گئے۔ معلوم ہوا کہ قرآن مجید کی یہ آیات اللہ تبارک تعالیٰ کے پیغامات ہیں۔ یہ اللہ کی ٹیلی گرامز ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ہم ان کو کبھی پڑھ کر نہ دیکھیں۔ تلاوت اور تزکیہ کا عمل کرنے کی بجائے ہم تعلیم الکتاب اور تعلیم الحکمت کی طرف سے ابتدا کرتے ہیں۔ اگرچہ اِس عمل کو بہت کم لوگوں نے کیا ہے لیکن جتنے لوگوں نے بھی کیا' میں اُن کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ٹھیک ترتیب سے آیئے۔ پہلا کام قرآن پاک کی آیات کی تلاوت کا ہے۔ اپنے شاگردوں کو اتنی عربی پڑھایئے کہ وہ قرآن مجید کو سمجھ کر اُس کی تلاوت کر سکیں۔ جب قرآن مجید پڑھیں تو اس فرقانِ حمید کی آیات اُن سے ہم کلام ہوں' وہ کچھ سمجھ کے پیغام وصول کر رہے ہوں' بات اُن کے دلوں میں اُتر رہی ہو۔ اِس عمل کے بغیر شاید تلاوت کا ثواب حاصل ہو جاتا ہو لیکن مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

قوموں کے عروج و زوال کا معیار

اب ایک دوسرا غور طلب قاعدہ بیان کرتا چلوں جسے میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

عُمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ أَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهٖ آخَرِيْنَ

"بے شک اللہ تعالیٰ اِس کتاب کے ذریعے سے بعض قوموں کو رفعت و بلندی عطا فرما دیتے ہیں اور اِسی کتاب کو چھوڑ دینے کی وجہ سے بعض قوموں کو نیچے گرا دیتے ہیں۔" (مسلم)

یعنی پیمانہ اس کتاب کو بنایا گیا ہے جو بھی اِس کتاب کے جتنا قریب ہو گا' اتنا ہی بلند ہوتا چلا جائے گا اور جو اُس کتاب سے جتنا دور ہو گا اتنا ہی نیچے گرتا چلا جائے گا۔ یہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی ایک سُنّت اور ہمارے لئے ایک مستقل راستہ بتا دیا ہے۔ اب پورے عالمِ اسلام پر نظر ڈالئے' قرآنِ پاک کو سمجھ کر پڑھنے والے کتنے لوگ ہیں؟ کتنے لوگ ہیں جنھوں نے زندگی میں ایک مرتبہ بھی پورا قرآن سمجھ کر پڑھ لیا ہو۔

مولانا مفتی محمد شفیعؒ سے ایک دفعہ بات ہوئی۔ عرض کیا: قرآن مجید کو کتنا پڑھنا چاہئے؟ کہنے لگے: "بھئی

احادیث کا مطالعہ کر کے دیکھو، کوئی صحابی تمہیں ایسا نظر آتا ہے جو قرآن مجید کو ختم کرنے میں سات دن سے زیادہ صرف کرتا ہو؟ اسی لئے قرآن مجید کی سات منزلیں بنائی گئی ہیں تاکہ قرآن مجید سات دنوں میں ختم ہو جائے۔"

تلاوتِ قرآن کے بارے میں ایک بہت عظیم الشان اور مشہور حدیث ہے:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا:

"جس نے اللہ کی کتاب سے ایک لفظ پڑھا، اُس کے لئے ایک نیکی ہے اور ایسی نیکی کہ جس کا درجہ دس کے برابر ہے۔ یعنی ایک حرف پر دس نیکیاں اور میں یہ نہیں کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے، لام دوسرا حرف جبکہ میم تیسرا حرف ہے۔" (ترمذی)

یہ لفظ ادا کیا تو تیس نیکیاں مل گئیں۔ اب اسی حدیث کا مطالعہ دیگر احادیث سے ملا کر کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ اگر یہی تلاوت وضو کر کے کی جائے تو دس کی بجائے پچیس نیکیاں ملیں گی۔ اگر یہی تلاوت نماز کے اندر کی گئی تو ہر حرف پر پچیس کی بجائے پچاس نیکیاں ملیں گی۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ لَئِنْ تَغْدُوْا تَتَعَلَّمَ اٰيَةً مِّنَ الْقُرْاٰنِ خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ تُصَلِّيَ مِائَةَ رَكْعَةٍ (ابوداؤد)

ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ "اے ابو ذر! تو اگر صبح اٹھتے ہی قرآنِ مجید کی ایک آیت سیکھ لے (اسے باترجمہ پڑھ کر اس کا مفہوم جان لے) تو وہ تیرے لئے سو رکعت نوافل پڑھنے سے زیادہ بہتر ہے۔" (ابوداؤد)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے ایک مجلس میں انہیں بہت سی نصیحتیں فرمائیں، ان میں سے ایک نصیحت یہ بھی تھی کہ

"کسی حال میں بھی قرآن کی تلاوت نہ چھوڑنا"

یہاں ایک اہم بات عرض کرتا چلوں کہ میں یہاں تلاوت و قرأت کی بات کر رہا ہوں، تفسیر کی بات نہیں کر رہا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے تلاوتِ قرآن کا کام کثرت سے کیا ہے۔ جبکہ تفسیر کا کام تو بہت کم صحابہ کرامؓ نے کیا ہے۔ ایک صحابی بھی ایسا نہیں جو روزانہ قرآنِ مجید کو سمجھ کے نہ پڑھتا ہو اور ہفتے میں ایک مرتبہ قرآن مجید ختم نہ کر لیتا ہو اور تلاوت ہمارے یہاں کے حُفّاظ کی طرح جلدی جلدی نہیں کی جاتی تھی بلکہ ترتیل سے ہوتی تھی۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝

"قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھو (اس طرح کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو)" (مزمل-4)

قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ اگر اس سے بڑا کوئی اور عمل ہوتا تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور اُسے اختیار فرماتے اور صحابہ کرامؓ کو بھی اُسی پر مامور فرماتے۔ لیکن آپؐ نے زندگی بھر یہی کام کیا۔ آپ نے زیادہ سے زیادہ تلاوتِ قرآن کا عمل اختیار کیا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

یٰٓاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ۝ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝

"اے اوڑھنے والے! رات کو قیام کیجئے۔ آدھی رات یا اِس سے کچھ کم یا اس سے کچھ زیادہ اور اِس قیام کے دوران میں قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کے پیار اور محبت سے اور فکر و تدبر سے پڑھئے۔"

حضورؐ نے زندگی بھر صرف یہی کام کیا۔ آپؐ کے مختلف مواقع پر کئے جانے والے وظائف اپنی جگہ لیکن مستقل اور ہمیشہ کا وظیفہ قرآن مجید تھا۔ اُس کو ٹھہر ٹھہر کے آرام اور توجہ سے دل لگا کر پڑھنا' ایک ایک حرف' ایک ایک آیت اور ایک ایک لفظ کو اپنے دل کے اندر اتار کے پڑھنا' محمدؐ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زندگی بھر یہی معمول رہا اور یہی معمول صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین کا تھا۔

صحابہ کرامؓ کی روحانیت

صحابہ کرام کی روحانیت تین کاموں پر مبنی تھی۔ نماز' تلاوت اور جہاد۔ باقی سب کام بھی ساتھ ساتھ چلتے لیکن ان کا درجہ ثانوی ہو جاتا۔ فرض نماز کو باجماعت ادا کرنے پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین نے جس قدر زور دیا ہے' اس سے زیادہ کسی بات پر زور نہیں دیا۔ اس کے بعد کثرتِ تلاوت میں تمام صحابہ ایک دوسرے سے سبقت فرماتے۔ اُن کی تلاوت یہ تھی کہ تدبّر اور تذکّر کے ساتھ پڑھتے تھے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْكَ مُبٰرَكٌ لِّیَدَّبَّرُوْٓا اٰیٰتِهٖ وَلِیَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

"یہ کتاب جو ہم نے تم پر نازل کی ہے بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور عقل والے اس سے نصیحت حاصل کریں (اس کے مطابق زندگی گزاریں)" (ص:29)

جہاد کی ابتداء یہ ہے کہ آدمی دین سیکھنا اور سکھانا شروع کردے اور انتہا یہ ہے کہ اس کام میں جان قربان کر

دے۔ باقی درمیان کے سب درجے جہاد شمار ہوتے ہیں۔ مگر ہم نے ان تینوں کاموں کا یہ حشر کیا کہ اُن کو چھوڑ دیا۔
نماز کے بارے میں حدیث شریف ہے:

"تمہاری نماز میں تمہارا حصہ وہی ہے جو تم نے سمجھ کے پڑھا۔"

یہ کوئی جنتر منتر تو ہے نہیں کہ اُسے بغیر سوچے سمجھے پڑھ لیا۔ اس مرحلے سے ذرا اور آگے بڑھے تو یہ حال ہو گیا کہ فرض نماز آئی اور گزر گئی۔ آج کل بڑے بڑے بزرگ بھی یہی عمل کرتے نظر آتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ نماز چھوٹ گئی۔ یہاں تک کہ اب ان میں سے بعض کو (نعوذ باللہ) نماز کی حاجت نہیں۔ سید الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زندگی کے آخری لمحے تک نماز کی حاجت رہی۔ مرض الموت تک مسجد میں اس طرح تشریف لاتے کہ دو صحابہ کرامؓ نے دائیں اور بائیں سے سہارا دے کر تقریباً اٹھایا ہوا ہوتا اور آپ ﷺ کا پاؤں زمین پر گھسٹتا ہوا چلتا اور گھر سے لے کر مسجد کی صف تک پاؤں کے انگوٹھے سے ایک لکیر سی کھنچ جاتی۔ غرضیکہ آخری لحہ تک نماز نہ چھوٹی۔

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تلاوت کرتے ہوئے گھنٹوں تک روتے رہتے تھے اور انہیں تلاوت کرتے ہوئے وجد آجایا کرتا تھا۔ امام ابو حنیفہؒ رحمتہ اللہ کا ذکر ہے کہ ایک دفعہ پوری رات ایک آیت کی تلاوت کرتے رہے اور روتے رہے۔ یہ سورۃ یٰسین کی آیت تھی۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ○

"اے مجرمو! آج تم علیحدہ ہو جاؤ۔" (یٰسین:59)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے ذوق کا یہ عالم تھا کہ انہیں وجد بھی قرآن مجید کی آیات پر آتا اور اُن کے آنسو قرآن کی آیات کی وجہ سے بہتے تھے ایک صحابیؓ سے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے قرآن مجید سناؤ۔ اُنہوں نے تلاوت کی تو حضورِ اکرمؐ رونے لگے۔

حکیم الاُمت علامہ اقبالؒ نے کیا خوب بات کہی:

صوفی پشمینہ پوش و حال مست
از شرابِ نغمۂ قوال مست

ترجمہ: ہمارے ہاں کا صوفی جس نے پشمینہ پہن رکھا ہے، عجب حال میں مست ہو گیا ہے۔ اسے قرآن پر وجد نہیں آتا لیکن جب قوال کو سنتا ہے تو اُسے وجد آنے لگتا ہے۔

آتش از شعرِ عراقی در دلش
در نمی سازد بقرآں محفلش

ترجمہ: "عراقی کے شعر سے تو اُس کے سینے میں آگ بھڑک اٹھتی ہے۔ اُس کی محفل میں اگر کوئی چیز جگہ نہیں پاتی تو

وہ قرآن ہے۔"

بآیاتش ترا کارے جز ایں نیست
کہ از یٰسین اُو آساں بمیری

ترجمہ: قرآن کی آیات سے تمہیں بس اتنا کام رہ گیا ہے کہ سورۃ یٰسین پڑھو اور تمہیں مرنے میں آسانی ہو جائے۔

بغیر سمجھے تلاوتِ قرآن کی حیثیت

تلاوتِ قرآن کے نتیجہ میں ثواب سے متعلق جتنی احادیث ہیں، یہ اُس دور کی ہیں جب غیر عرب لوگ بھی دین اسلام کے دائرے میں داخل ہو رہے تھے۔ مثلاً حضرت سلمان فارسیؓ عربی نہیں جانتے تھے۔ اُن سے کہا گیا کہ تلاوت نہ چھوڑو۔ ہاں، جب عربی زبان سیکھ جاؤ تو سمجھ کے پڑھ لینا۔ کچھ ایرانیوں نے اسلام قبول کیا۔ نبیِ اکرمؐ نے فرمایا کہ اُن کے لئے نماز کا ترجمہ فارسی میں کر دو۔ یہ اِس لئے کہا گیا کہ وہ لوگ نماز کو پورے فہم کے ساتھ ادا کریں۔ اس دوران میں انہیں اتنی عربی آ گئی کہ وہ نماز کو سمجھ کے ادا کرنے لگے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حضورؐ نے انہیں فارسی میں نماز پڑھنے کی اجازت صرف قلیل مدت کے لئے مرحمت فرمائی تاکہ اتنے عرصہ میں یہ لوگ عربی میں شد بد حاصل کر کے عربی میں نماز پڑھنا سیکھ لیں۔ ایسے ہی وہ ساری احادیث ہیں جن میں فرمایا گیا کہ قرآنِ مجید کی تلاوت بغیر ترجمہ کے جائز ہے۔

سیدھی سی بات ہے قرآنِ مجید دنیا میں اس لئے نازل کیا گیا کہ اِس کی تلاوت کی جائے۔ اِس کو سمجھا جائے اور اِس پر عمل کیا جائے، اگر عربی سے ناواقفیت خدانخواستہ سرے سے ترکِ قرآن کا سبب بننے لگے تو ایسی صورت میں اجازت دے دی جاتی ہے کہ جب تک عربی زبان نہیں آتی اس وقت تک کے لئے قرآن کو بالکل نہ چھوڑو، بلکہ جیسے بن پڑتا ہے، بلا ترجمہ تلاوت کرتے جاؤ، پھر بھی اَجر ملے گا۔ اگر عربی زبان کے اَبجد سے بھی آگاہ نہیں تو فرمایا کہ عربی زبان اور اُس کی ابجد کو جلد از جلد سیکھ لو لیکن اِس دوران میں بھی قرآنِ مجید فرقانِ حمید سے کنارہ کشی اختیار نہیں کرنا۔ قرآن کو اُٹھا کے حسرت کی نگاہوں سے صفحہ بہ صفحہ الٹ پلٹ کے دیکھتے رہنا۔

ارشادِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہے:

"قرآن پر نظر ڈالنا بھی عبادت ہے۔"

لوگوں نے زندگی بھر کا یہ وطیرہ بنا لیا کہ صبح اٹھے، قُرآن کھولا اور ہر سطر پر انگلی پھیرتے گئے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے گئے۔ قرآنِ مجید کو صرف حسرت بھری نظر سے دیکھتے رہنے یا بغیر سمجھے بھی تلاوت کرتے رہنے کی اجازت صرف قلیل مدت کے لئے تھی۔ بعینہٖ اِس طرح جیسے حضرت سلمان فارسیؓ کے ساتھیوں کو تھوڑے عرصے کے لئے فارسی میں نماز ادا کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی گئی۔ ورنہ فارسی یا کسی دیگر زبان میں نماز ادا کرنا جائز

نہیں۔ نماز صرف عربی زبان میں ہوتی ہے۔ سورۂ فاتحہ اور قرآن سب اِسی (عربی) زبان میں پڑھا جائے گا۔ ہم نے زندگی بھر کا یہ وطیرہ بنا لیا ہے کہ یا تو سطروں پر انگلیاں پھیرتے رہیں گے اور اگر تلاوت کریں گے بھی تو بغیر سمجھے۔ ذرا غور کیجئے یہ سلوک جو ہم نے قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے ساتھ رَوا رکھا ہے اگر یہی سلوک ہم اپنے کسی محبوب کے خط کے ساتھ کریں۔ مثلاً آپ کے والد صاحب آپ کو تار دیں کہ بھئی مجھے اس ماہ کی فلاح تاریخ کو فلاں وقت لاہور ایئرپورٹ سے لے لینا۔ اب آپ اس کاغذ پر خوشبو لگائیں' اسے سبز غلاف میں لپیٹ کے رکھیں اور لے جا کر کسی انگریز کو دکھائیں کہ اِس کی تلاوت کر کے مجھے سناتے جاؤ' ترجمہ بتانے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ ایسی صورت میں والد صاحب بے چارے پہلے تو ایئرپورٹ پر انتظار کریں گے اور جب گھر پہنچیں گے تو خوب خبر لیں گے۔

ہمارے زوال کا سب سے بڑا سبب قرآنِ مجید سے لاتعلقی ہے اور قرآن سے لاتعلقی کو آخرت اور اس دنیا کے اندر ذلت کا باعث فرمایا گیا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ○

"رسولِ اکرم (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) (قیامت کے دن) یوں کہیں گے' اے میرے پروردگار! میری قوم نے قرآن پاک کو چھوڑ دیا تھا۔" (الفرقان:30)

قرآن کو چھوڑ دینا یہ ہے کہ کبھی اِس کو ہاتھ ہی نہ لگایا جائے اور قرآن کو چھوڑ دینا یہ بھی ہے کہ کبھی اِس کے مفہوم پر غور ہی نہ کیا جائے۔ اِس لئے راقم یہ فتویٰ دینے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتا کہ جس شخص کی زندگی بھر کے پروگرام میں قرآنِ پاک باترجمہ پڑھنا شامل نہیں' وہ حقیقی معنوں میں مسلمان نہیں اور وہ انہی لوگوں کی صف میں ہو گا جن کے متعلق قیامت کے روز یہ استغاثہ دائر ہو گا کہ

"یہی وہ میری قوم کے لوگ ہیں جنہوں نے قرآن پاک چھوڑ دیا تھا۔"

آپ اللہ کے ہاں اپنا جواب سوچ رکھئے حکیم الامّت حضرت ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ صحابہ کرام رضوانُ اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے بارے میں فرماتے ہیں:

؎ وہ زمانے میں معزز تھے مُسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

تمہاری خواری اور ذلت کا سبب قرآن کو چھوڑ دینا ہے۔ علامہؒ فرماتے ہیں:

؎ خوار از مہجوریٔ قرآں شدی
شکوہ سنجِ گردشِ دوراں شدی

"تو گردشِ دوراں کا شکوہ کرتا ہے اور مختلف اسباب کو اپنے زوال کا سبب بتاتا ہے۔ تو نادان ہے۔

دراصل صرف قرآن کو چھوڑنے کی وجہ سے تو خوار ہوا ہے۔"

پھر فرماتے ہیں:

سبب کچھ اور ہے جس کو تو خود سمجھتا ہے
زوال بندۂ مومن کا بے زری سے نہیں

یہی شکوہ قرآنِ مجید کے اندر ان لوگوں کے بارے میں موجود ہے جو اِس دنیا میں ذِلّت کا شکار ہو رہے ہیں۔ یہود کے بارے میں اور پھر مسلمانوں کے بارے میں بھی آگے چل کر یہی فرمایا کہ اِن اہلِ کتاب کا جرم یہ ہے کہ انہوں نے اللہ کی کتاب کو پسِ پشت ڈال دیا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ

"جن لوگوں پہ تورات (قبول کرنے، سمجھنے اور اِس پر عمل کرنے کی ذِمّہ داری) کا بوجھ ڈالا گیا پھر اُنہوں نے اِس (کے بارِ تعمیل) کو نہ اٹھایا، اُن کی مثال گدھے کی سی ہے جس پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں"

(الجمعہ:5)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ

"وہ لوگ جو اِن حکموں اور ہدایتوں کو جو ہم نے نازل کی ہیں (کسی غرض سے) چھپاتے ہیں باوجودیکہ ہم نے اُن لوگوں کے (سمجھانے کے لئے) اپنی کتاب میں کھول کھول کر بیان کر دیا ہے۔ ایسوں پر اللہ اور تمام لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں۔" (البقرۃ:159)

دیکھئے! یہ وہ کتاب ہے جس کو حق تعالیٰ شانہ نے واضح کر کے ہماری طرف نازل کیا۔ اگر ہم اس کو زمانے کے سامنے پیش نہ کریں اور خزانے کے سانپ بن کر اِس کے اوپر بیٹھ جائیں تو اس کے بارے میں یہ وعید آئی کہ اللہ ایسے لوگوں کے اُوپر لعنت بھیجتا ہے۔

امام مالکؒ نے ایک قاعدہ بیان کر دیا:

"اِس اُمّت کے آخری حصّے کے لوگوں کی اصلاح بھی اسی طرح ہو گی جس طرح پہلے لوگوں کی ہوئی تھی۔"

جس چیز سے صحابۂ کرام رضوانُ اللہ اجمعین کی اصلاح ہوئی، اسی چیز سے بعد والوں کی بھی اصلاح ہو گی۔ اگر

"(یہ) ایک (پرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لئے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ۔" (ابراہیم:1)

اور آج اگر آپ اندھیروں سے نکل کر روشنی میں آنا چاہتے ہیں تو پھر اتنی عربی تو سیکھ لیں کہ قرآن سمجھ میں آنے لگے اور پھر کثرت سے اِس کی تلاوت شروع کر دیں تو ظلمت کے اندھیرے چھٹ جائیں گے۔

ہماری مثال تو ایسے لوگوں کی سی ہے جو کسی دور دراز سرحدی چوکی پر محافظ کے طور پر متعین ہوں اور اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہو جائیں۔ چند چور ڈاکو بہروپیئے پولیس کی وردی میں وہاں پر چارج سنبھال لیں اور ملی بھگت سے وہاں چوری اور ڈاکے کی کھلی اجازت دے دیں اور ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ شریف آدمی کا جینا ہی دوبھر ہو جائے۔ غور کیجئے! اس بدانتظامی کا ذمہ دار کون ہو گا؟ آپ چوکی سے غیر حاضر ہونے والے عملہ ہی کو اس ساری صورت حال کا ذمہ دار قرار دیں گے۔

دوستو! یہ آپ کی اور ہم سب کی ذمہ داری تھی کہ اتنی عربی پڑھ لیتے کہ قرآن مجید کو سمجھنے کے قابل ہو جاتے۔ یہ آیات کریمہ ہی تو ہماری چوکیاں ہیں۔ ہم لوگ اپنی جگہ سے غیر حاضر ہیں۔ اِس کی جواب طلبی ہم سے ہو گی۔ ہم نے قرآن نہیں پڑھا، ہم کلام پاک کے ترجمے سے دور ہیں حالانکہ اِس امر کے لئے یہ شرط قطعاً ضروری نہیں کہ پہلے آپ قرآن پڑھیں، عالم دین بنیں اور پھر تبلیغ دین کے کام کا آغاز کریں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

"بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً"

"اگر صرف ایک آیت تمہیں آتی ہے تو اُسے بھی آگے پہنچاؤ۔" (ترمذی)

آپ قرآن مجید فرقانِ حمید کو سیکھنے کے لئے وقت نکالئے ورنہ اپنے اندر نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درج ذیل استغاثہ پڑھنے کا حوصلہ پیدا کیجئے۔

وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا ۝

"اے پروردگار! یہ ہے میری قوم جس نے قرآن پڑھنا ترک کر دیا تھا۔"

مجھے یقین ہے کہ دینِ اسلام کسی سیاسی رستے سے نہیں آئے گا۔ مجھے اس بات کا بھی یقین ہے کہ کسی مارشل لاء یا کسی ڈکٹیٹر شپ یا کسی اور ذریعے سے دین کا نفاذ ناممکن ہو گا۔ دین سے حکومت آیا کرتی ہے، حکومت کے ذریعے دین کبھی نافذ ہوتے نہیں دیکھا گیا اور دین قرآن کے علاوہ کسی اور رستے سے نہیں آئے گا۔ ہم صرف اور صرف قرآن ہی کے ذریعے سے مسلمان بنیں گے اور اللہ سے جو قرب کا ذریعہ قرآن ہے اور کوئی نہیں۔

تاریخ کے اوراق میں شہزادی زیبُ النّساء کا ذکر ملتا ہے جو اورنگزیب عالمگیر کی عزیزہ تھی۔ اچھی شاعرہ تھی۔ شاعر اور ناقدین ایک دن اس بات پر بضد ہو گئے کہ ملکہ کی زیارت کریں گے۔ ملکہ چونکہ پردہ دار خاتون تھیں انہوں

"(یہ) ایک (پرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لئے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ۔" (ابراہیم: 1)

اور آج اگر آپ اندھیروں سے نکل کر روشنی میں آنا چاہتے ہیں تو پھر اتنی عربی تو سیکھ لیں کہ قرآن سمجھ میں آنے لگے اور پھر کثرت سے اس کی تلاوت شروع کردیں تو ظلمت کے اندھیرے چھٹ جائیں گے۔

ہماری مثال تو ایسے لوگوں کی سی ہے جو کسی دور دراز سرحدی چوکی پر محافظ کے طور پر متعین ہوں اور اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہو جائیں۔ چند چور ڈاکو بہروپیئے پولیس کی وردی میں وہاں پر چارج سنبھال لیں اور ملی بھگت سے وہاں چوری اور ڈاکے کی کھلی اجازت دے دیں اور ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ شریف آدمی کا جینا ہی دوبھر ہو جائے۔ غور کیجئے کہ اس ناقابلیت کا ذمہ دار کون ہو گا؟ آپ چوکی سے غیر حاضر ہونے والے عملہ ہی کو اس ساری صورت حال کا ذمہ دار قرار دیں گے۔

بس تو یہ آپ کی اور ہم سب کی ذمہ داری تھی کہ اتنی عربی پڑھ لیتے کہ قرآن مجید کو سمجھنے کے قابل ہو جاتے۔ یہ [illegible] ہی تو ہماری چوکیاں ہیں۔ ہم لوگ اپنی جگہ سے غیر حاضر ہیں۔ اس کی جواب طلبی ہم سے ہو گی۔ ہم نے قرآن نہیں پڑھا، ہم کلامِ پاک کے ترجمے سے دور ہیں حالانکہ اس امر کے لئے یہ شرط قطعاً ضروری نہیں کہ پہلے [illegible] پڑھیں، عالمِ دین بنیں اور پھر تبلیغِ دین کے کام کا آغاز کریں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً

"اگر صرف ایک آیت تمہیں آتی ہے تو اُسے بھی آگے پہنچاؤ۔" (ترمذی)

آپ قرآن مجید فرقانِ حمید کو سیکھنے کے لئے وقت نکالئے ورنہ اپنے اندر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درج ذیل استغاثہ پڑھنے کا حوصلہ پیدا کیجئے۔

وَقَالَ الرَّسُولُ يٰرَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُورًا ○

"اے پروردگار! یہ ہے میری قوم جس نے قرآن پڑھنا ترک کر دیا تھا۔"

مجھے یقین ہے کہ دینِ اسلام کسی سیاسی رستے سے نہیں آئے گا۔ مجھے اس بات کا بھی یقین ہے کہ کسی مارشل لاء یا کسی ڈکٹیٹر شپ یا کسی اور ذریعے سے دین کا نفاذ ناممکن ہو گا۔ دین سے حکومت آیا کرتی ہے، حکومت کے ذریعے دین کبھی نافذ ہوتے نہیں دیکھا گیا اور دین قرآن کے علاوہ کسی اور رَستے سے نہیں آئے گا۔ ہم صرف اور صرف قرآن ہی کے ذریعے سے مسلمان بنیں گے اور اللہ سے جو قرب کا ذریعہ قرآن ہے اور کوئی نہیں۔

تاریخ کے اوراق میں شہزادی زیبُ النّساء کا ذکر ملتا ہے جو اورنگزیب عالمگیر کی عزیزہ تھی۔ اچھی شاعرہ تھی۔ شاعر اور ناقدین ایک دن اس بات پر بضد ہو گئے کہ ملکہ کی زیارت کریں گے۔ ملکہ چونکہ پردہ دار خاتون تھیں انہوں

نے اس خواہش کے جواب میں ایک شعر لکھ کر بھیج دیا۔

ے در سخن مخفی منم چوں بوئے گُل در برگِ گُل
ہر کہ دیدن میل دارد در سخن بیند مرا

یعنی میں اپنے کلام میں یوں چھپی ہوئی ہوں جیسے پھول کی پتیوں میں خوشبو چھپی ہوئی ہوتی ہے۔ جو مجھ سے ملنا چاہتا ہے وہ میرے کلام کا مطالعہ کر لے۔ یہ شعر جب طالبانِ دید نے پڑھا تو ان پر سکتہ طاری ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ ملکہ نے آج ہمیں اہم نکتہ سمجھا دیا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ بھی تو پردہ نشین ہیں' وہ بھی تو یہی فرماتے ہیں: "میرے قریب آنا چاہتے ہو تو مجھے میرے کلام میں ڈھونڈ لو۔"

حضرت علامہ اقبالؒ نے بھی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخاطب ہوتے ہوئے بار بار یہی کہا ہے کہ "اگر میرا ایک شعر بھی کلامُ اللہ سے ہٹا ہوا ہو تو مجھے قیامت کے روز ذلیل و رسوا کر دیجئے گا اور مجھے اپنے پاؤں کے بوسوں سے محروم کر دیجئے گا۔

نیز فرمایا:

ے گر تو می خواہی مسلماں زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآں زیستن

اگر تمہاری خواہش ہے کہ قرآن کے بغیر زندہ رہو تو یہ بالکل ناممکن امر ہے۔

ے فاش گویم آنچہ در دل مضمر ست
ایں کتابے نیست ' چیزے دیگر است

یعنی میرے سینے میں ایک راز ہے جو آج فاش کر دیتا ہوں اور وہ یہ کہ قرآن فقط ایک کتاب ہی نہیں بلکہ کوئی اور چیز بھی ہے اور یہ وہ چیز ہے کہ

ے چوں بجاں در اوست جاں دیگر شود
جاں چوں دیگر شد ' جہاں دیگر شود

یہ کتاب جب جان کے اندر چلی جاتی ہے تو پھر جان کوئی اور چیز بن جاتی ہے اور جب جان بدل کر اس کتاب کے رنگ میں ڈھل جاتی ہے تو پھر اس کی پوری دنیا ہی بدل جاتی ہے۔

صرف و نحو

عربی زبان کا قاعدہ

صرف کا مختصر بیان

نحو کا مختصر بیان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عربی زبان کا قاعدہ

ضروری باتیں

حرکت : زبر، زیر اور پیش کو کہتے ہیں۔

زمانہ : تین طرح کا ہوتا ہے۔ ماضی (گزرا ہوا)، حال (موجود)، مستقبل (آنے والا)۔

فعل : کام کو کہتے ہیں۔

فعل ماضی : وہ فعل ہے جو یہ بتائے کہ یہ کام گزرے ہوئے زمانہ میں ہوا ہے، جیسے

ضَرَبَ : مارا اس ایک مرد نے گزرے ہوئے زمانہ میں۔

فعل مِضارِع : وہ فعل ہے جو یہ بتائے کہ یہ کام اسی وقت ہوتا ہے یا آئندہ زمانہ میں
جیسے **یضرِبُ** : وہ ایک مرد اسی وقت مارتا ہے یا آئندہ زمانہ میں مارے گا۔ فعل مضارع
آخر میں پیشؔ آتا ہے، جیسے **یضرِبُ** ۔

امر : اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے، جیسے **اضْرِبْ** : تو مار۔

نہی : اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے روکا جائے، جیسے **لَاتَضْرِبْ** : تو مت

واحد ایک کو، **تثنیہ** دو کو اور **جمع** دو سے زیادہ کو کہتے ہیں۔

مذکر نر کو اور **مونث** مادہ کو کہتے ہیں۔

غائب وہ ہے جو موجود نہ ہو، **حاضر** وہ ہے جس سے بات کی جائے اور **متکلم** بات
والے کو کہتے ہیں۔

سبق نمبر ۱

صرف کا مختصر بیان

ماضی معروف

غائب کے چھ صیغے:

کَتَبَ	اس ایک مرد نے لکھا	صیغہ واحد مذکر غائب
کَتَبَا	ان دو مردوں نے لکھا	" تثنیہ مذکر غائب
کَتَبُوا	ان سب مردوں نے لکھا	" جمع مذکر غائب
کَتَبَتْ	اس ایک عورت نے لکھا	" واحد مونث غائب
کَتَبَتَا	ان دو عورتوں نے لکھا	" تثنیہ مونث غائب
کَتَبْنَ	ان سب عورتوں نے لکھا	" جمع مونث غائب

سوالات:

۱- ماضی غائب کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔
۲- ضَرَبْنَ: کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔
۳- اس ایک عورت نے مارا۔ اس کی عربی بناؤ۔
۴- ضربوا: کون سا صیغہ ہے؟
۵- تثنیہ مونث غائب کا صیغہ لکھو۔
۶- فعل ماضی میں کون سا زمانہ پایا جاتا ہے؟
۷- ان دو مردوں نے مارا۔ اس کی عربی بناؤ۔
۸- نَصَرَ اور سَمِعَ کے چھ صیغے پڑھو۔

جَاءَ : وہ آیا۔ خَرَجَ : وہ نکلا۔ شَرِبَ : اس نے پیا۔ کَتَبَ : اس نے لکھا۔ ذَهَبَ : وہ گیا۔ سَمِعَ : اس نے سنا۔ نَصَرَ : اس نے مدد کی۔
فَتَحَ : اس نے کھولا۔ قَرَأَ : اس نے پڑھا۔ دَخَلَ : وہ داخل ہوا۔ أَكَلَ : اس نے کھایا۔

نَصَرَتَا : ان دو عورتوں نے مدد کی۔ شَرِبَت : اس ایک عورت نے پیا۔ خَرَجَا : وہ دو مرد نکلے۔ فَتَحُوْا : ان سب مردوں نے کھولا۔ أَكَلْنَ : ان سب عورتوں نے کھایا۔ سَمِعُوا : ان سب مردوں نے سنا۔ قَرَأْنَ : ان سب عورتوں نے پڑھا۔
شَرِبَتَا : ان دو عورتوں نے پیا۔

رَجُلٌ : مرد۔ اِمْرَأَةٌ : عورت۔ طَعَامٌ : کھانا۔ مَاءٌ : پانی۔ لَحْمٌ : گوشت۔
بَاب : دروازہ۔ بَيت : گھر۔

اردو میں ترجمہ کرو

نَصَرَ رَجُلٌ	أَكَلُوا طَعَامًا	شَرِبَتْ مَاءً	كَتَبَتْ امْرَأَةٌ
فَتَحَا بَابًا	دَخَلَ الْبَيْتَ	أَكَلْتُ لَحْمًا	قَرَءُوا قُرْآنًا

عربی میں ترجمہ کرو

اس ایک عورت نے قرآن پڑھا۔
ان دو مردوں نے قلم سے لکھا۔
ان سب مردوں نے گوشت کھایا۔
ان دو عورتوں نے کھانا کھایا۔
ان سب عورتوں نے دروازہ کھولا۔
اس ایک عورت نے پانی پیا۔

ماضی حاضر کے چھ صیغے:

كَتَبْتَ	تو ایک مرد نے لکھا	صیغہ واحد مذکر حاضر
كَتَبْتُمَا	تم دو مردوں نے لکھا	" تثنیہ مذکر حاضر
كَتَبْتُم	تم سب مردوں نے لکھا	" جمع مذکر حاضر
كَتَبْتِ	تو ایک عورت نے لکھا	" واحد مونث حاضر
كَتَبْتُمَا	تم دو عورتوں نے لکھا	" تثنیہ مونث حاضر
كَتَبْتُنَّ	تم سب عورتوں نے لکھا	" جمع مونث حاضر

سوالات:

۱۔ ماضی حاضر کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔

۲۔ غائب اور حاضر کے صیغے ملا کر پڑھو۔

۳۔ ضَرَبْتَ کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

۴۔ تم دو مردوں نے مارا۔ اس کی عربی بناؤ۔

۵۔ ضَرَبْتُم کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

۶۔ تو ایک عورت نے مارا۔ اس کی عربی بناؤ۔

۷۔ ضَرَبْتُنَّ کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

۸۔ تم دو عورتوں نے مارا۔ اس کی عربی بناؤ۔

تَرَكَ : اس نے چھوڑا۔ وَجَدَ : اس نے پایا۔ غَسَلَ : اس نے دھویا۔ قَصَدَ : اس نے ارادہ کیا۔ بَلَغَ : وہ پہنچا۔ كَسَبَ : اس نے کمایا۔ طَلَبَ : اس نے بلایا۔ رَفَعَ : اس نے اٹھایا۔ حَمِدَ : اس نے تعریف کی۔ تَرَكْتُمْ : تم سب مردوں نے

چھوڑا۔ غَسَلْتِ: تو ایک عورت نے دھویا۔ وَجَدْتُنَّ: تم سب عورتوں نے پایا۔
بَلَغْتَ: تو ایک مرد پہنچا۔ قَصَدْتُمَا: تو دو عورتوں نے ارادہ کیا۔ رَفَعْتُمَا: تم دو مردوں نے اٹھایا۔ کَسَبْتُمْ: تم سب مردوں نے کمایا۔ حَمِدْتَ: تو ایک مرد نے تعریف کی۔

مُحَطَّةٌ: اسٹیشن۔ ثَوْبٌ: کپڑا۔ حِجَابٌ: پردہ۔ خَادِمٌ: نوکر۔ لَعِبٌ: کھیل۔

اردو میں ترجمہ کرو

بَلَغْتُ الْمُحَطَّةَ غَسَلْتُ ثَوْبًا قَصَدْتُمُ الْوَطَنَ رَفَعْتُنَّ
اَلْحِجَابُ طَلَبْتُمُ الْخَادِمَ تَرَكْتُ اللَّعِبَ وَجَدْتُ مَالًا
دَخَلْتُنَّ الْبَيْتَ

عربی میں ترجمہ کرو

تو ایک عورت نے گھر چھوڑا۔ تم سب مرد اسٹیشن پر پہنچے۔
تم دونوں نے کھیل چھوڑا۔ تم سب عورتوں نے کپڑا دھویا۔
تو ایک مرد نے وطن کا ارادہ کیا۔ تو ایک عورت گھر میں داخل ہوئی۔

ماضی متکلم کے دو صیغے:

ضَرَبْتُ	میں ایک مرد یا ایک عورت نے مارا	صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم
ضَرَبْنَا	ہم دو مردوں نے یا دو عورتوں یا سب مردوں یا سب عورتوں نے مارا	" تثنیہ و جمع مذکر و مونث متکلم۔

اردو میں ترجمہ کرو

غَسَلْتُ	تَرَكْنَا	بَلَغْتُ	رَفَعْنَا
حَمِدْتُ	كَسَبْنَا	غَسَلْتُ ثَوْبًا	تَرَكْنَا الْبَيْتَ
حَمِدْتُ اللّٰهَ	كَسَبْنَا مَالًا	رَفَعْتُ حِجَابًا	غَسَلْنَا ثَوْبًا
دَخَلْتُ الْبَيْتَ	بَلَغْنَا مَنْزِلًا	تَرَكْتُ اللَّعِبَ	وَجَدْنَا مَالًا

عربی میں ترجمہ کرو

میں ایک عورت نے گھر چھوڑا۔	ہم سب مردوں نے اللہ کی تعریف کی۔
ہم دو عورتوں نے پانی پیا۔	ہم دو مردوں نے نوکر کو بلایا۔
ہم سب عورتوں نے کپڑا دھویا۔	میں ایک مرد نے قوم کی مدد کی۔
ہم سب مرد اسٹیشن پر پہنچے۔	ہم سب عورتیں گھر میں داخل ہوئیں۔

فعل ماضی معروف کی پوری گردان

كَتَبَ كَتَبَا كَتَبُوا كَتَبَتْ كَتَبَتَا كَتَبْنَ كَتَبْتَ كَتَبْتُمَا
كَتَبْتُمْ كَتَبْتِ كَتَبْتُمَا كَتَبْتُنَّ كَتَبْتُ كَتَبْنَا

مندرجہ ذیل افعال سے ماضی معروف کی مکمل گردان کرو:

تَرَكَ ، غَسَلَ ، وَجَدَ ، بَلَغَ ، قَصَدَ ، رَفَعَ ، كَسَبَ ،
حَمِدَ ، نَصَرَ ، فَتَحَ ، أَكَلَ ، سَمِعَ ، قَرَأَ

سبق نمبر ۲

ماضی مجہول

ضُرِبَ	مارا گیا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
ضُرِبَا	مارے گئے وہ دو مرد	" تثنیہ مذکر غائب
ضُرِبُوا	مارے گئے وہ سب مرد	" جمع مذکر غائب
ضُرِبَتْ	ماری گئی وہ ایک عورت	" واحد مونث غائب
ضُرِبَتَا	ماری گئیں وہ دو عورتیں	" تثنیہ مونث غائب
ضُرِبْنَ	ماری گئیں وہ سب عورتیں	" جمع مونث غائب
ضُرِبْتَ	مارا گیا تو ایک مرد	" واحد مذکر حاضر
ضُرِبْتُمَا	مارے گئے تم دو مرد	" تثنیہ مذکر حاضر
ضُرِبْتُمْ	مارے گئے تم سب مرد	" جمع مذکر حاضر
ضُرِبْتِ	ماری گئی تو ایک عورت	" واحد مونث حاضر
ضُرِبْتُمَا	ماری گئیں تم دو عورتیں	" تثنیہ مونث حاضر
ضُرِبْتُنَّ	ماری گئیں تم سب عورتیں	" جمع مونث حاضر
ضُرِبْتُ	مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت	" واحد مذکر و مونث متکلم
ضُرِبْنَا	مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں	" تثنیہ و جمع، مذکر و مونث متکلم

سوالات :

۱- ماضی مجہول کی گردان بغیر معنی کے پڑھو۔

۲- تو ایک مرد مارا گیا۔ اس کی عربی بناؤ۔

۳- ضَرَبْنَ کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

۴- نَصَرَ اور سَمِعَ کی گردان کرو۔

۵- تم سب مرد مارے گئے۔ اس کی عربی بناؤ۔

۶- تَرَكَ اور رَفَعَ کی گردان کرو۔

۷- ماضی مجہول کے آخر سے پہلے حرف پر کون سی حرکت ہوتی ہے؟

۸- جمع مونث حاضر مجہول کا صیغہ بتاؤ۔

مندرجہ ذیل افعال سے ماضی مجہول کی گردان کرو :

أُخْرِجَ : نکالا گیا۔ أُدْخِلَ : داخل کیا گیا۔ مُنِعَ : روکا گیا۔ عُرِفَ : پہچانا گیا۔ عُلِمَ : جانا گیا۔ طُلِبَ : طلب کیا گیا۔ أُكْرِمَ : عزت دیا گیا۔ أُمِرَ : حکم دیا گیا۔ مُنِعُوا : وہ سب مرد روکے گئے۔ عُرِفْتَ : تو ایک مرد پہچانا گیا۔

أُدْخِلَتْ : وہ ایک عورت داخل کی گئی۔ أُكْرِمْنَا : ہم عزت دیئے گئے۔ أُمِرْتُنَّ : تم سب عورتیں حکم کی گئیں۔ مُنِعْتِ : تو ایک عورت روکی گئی۔ طُلِبَتَا : وہ دو عورتیں بلائی گئیں۔

اردو میں ترجمہ کرو

أُمِرْتُمَا	أُكْرِمْتُمَا	مُنِعْتَ	طُلِبْتُنَّ
أُخْرِجَ	أُدْخِلَتْ	عُرِفَا	عُرِفَتَا
أُمِرُوْا	أُدْخِلْتَ		

عربی میں ترجمہ کرو

میں عزت دیا گیا۔

تم سب مرد روکے گئے۔

وہ سب عورتیں پہچانی گئیں۔

تو ایک مرد داخل کیا گیا۔

وہ دو مرد حکم کیے گئے۔

تو ایک عورت بلائی گئی۔

وہ دو عورتیں نکالی گئیں۔

تم دو مرد بلائے گئے۔

نوٹ: ماضی پر "ما" لگانے سے "نہیں" کے معنی ہو جاتے ہیں جیسے، مَاضَرَبَ: اس نے نہیں مارا۔ ماضُرِب: وہ نہیں مارا گیا۔

سبق نمبر ۳

مضارع معروف

غائب کے چھ صیغے:

یَکْتُبُ	لکھتا ہے یا لکھے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یَکْتُبَانِ	لکھتے ہیں یا لکھیں گے وہ دو مرد	" تثنیہ مذکر غائب
یَکْتُبُوْنَ	لکھتے ہیں یا لکھیں گے وہ سب مرد	" جمع مذکر غائب
تَکْتُبُ	لکھتی ہے یا لکھے گی وہ ایک عورت	" واحد مؤنث غائب
تَکْتُبَانِ	لکھتی ہیں یا لکھیں گی وہ دو عورتیں	" تثنیہ مؤنث غائب
یَکْتُبْنَ	لکھتی ہیں یا لکھیں گی وہ سب عورتیں	" جمع مؤنث غائب

سوالات:

۱۔ مضارع غائب کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔

۲۔ جمع مذکر غائب کا صیغہ بتاؤ۔

۳۔ یَضْرِبْنَ: کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

۴۔ مضارع غائب کے کون کون سے صیغوں میں "یا" آتا ہے؟

۵۔ کون کون سے صیغوں میں پہلے "تا" آیا ہے۔

۶۔ وہ دو عورتیں ماری گئیں۔ اس کی عربی بناؤ۔

۷۔ یَنْصُرُ اور یَسْمَعُ سے غائب کے چھ صیغے پڑھو۔

يَنْصُرُوْنَ: مدد کرتے ہیں یا مدد کریں گے وہ سب مرد۔ يَشْرَبْنَ: پیتی ہیں یا پئیں گی وہ سب عورتیں۔ تَسْمَعُ: سنتی ہے یا سنے گی وہ ایک عورت۔ يَمْنَعَانِ: روکتے ہیں یا روکیں گے وہ دو مرد۔ يَأْمُرُ: حکم کرتا ہے یا حکم کرے گا وہ ایک مرد۔ تَعْرِفَانِ: پہچانتی ہیں یا پہچانیں گے وہ دو عورتیں۔

اردو میں ترجمہ کرو

يَسْمَعُوْنَ كَلَامًا يَأْمُرُ الْخَادِمَ يَمْنَعْنَ رَجُلًا تَفْتَحُ بَابًا

يَنْصُرَانِ امْرَأَةً تَاكُلُ لَحْمًا يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ تَغْسِلَانِ ثَوْبًا

عربی میں ترجمہ کرو

وہ ایک عورت قرآن سنے گی۔

وہ سب مرد دروازہ کھولتے ہیں۔

وہ سب عورتیں کپڑا دھوتی ہیں۔

وہ دو عورتیں ایک مرد کو روکتی ہیں۔

وہ دو مرد گوشت کھائیں گے۔

وہ ایک مرد دروازہ کھولتا ہے۔

مضارع حاضر کے چھ صیغے :

تَكْتُبُ	لکھتا ہے یا لکھے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَكْتُبَانِ	لکھتے ہو یا لکھو گے تم دو مرد	" تثنیہ مذکر حاضر
تَكْتُبُوْنَ	لکھتے ہو یا لکھو گے تم سب مرد	" جمع مذکر حاضر
تَكْتُبِيْنَ	لکھتی ہے یا لکھے گی تو ایک عورت	" واحد مونث حاضر
تَكْتُبَانِ	لکھتی ہو یا لکھو گی تم دو عورتیں	" تثنیہ مونث حاضر
تَكْتُبْنَ	لکھتی ہو یا لکھو گی تم سب عورتیں	" جمع مونث حاضر

سوالات :

۱۔ مُضَارِعْ حَاضِرْ کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔

۲۔ مُضَارِعْ غائب و حاضر کے صیغے ملا کر پڑھو۔

۳۔ مُضَارِعْ حاضر کے چھ صیغوں میں پہلا حرف کون سا ہے؟

۴۔ تَضْرِبُوْنَ کون سا صیغہ ہے؟

۵۔ تَنْصُرُ اور تَسْمَعُ کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔

۶۔ یَمْنَعُ سے جمع مونث حاضر کا صیغہ کون سا آئے گا؟

۷۔ تو ایک عورت مارتی ہے۔ اس کی عربی بناؤ۔

۸۔ تم دو مرد مارو گے۔ اس کی عربی بناؤ۔

تَشْرَبُ : پیتا ہے یا پیئے گا تو ایک مرد۔ تَمْنَعْنَ : روکتی ہو یا روکو گی تم سب عورتیں۔ تَعْرِفُوْنَ : پہچانتے ہو یا پہچانو گے تم سب مرد۔ تَخْرُجِیْنَ : نکلتی ہے یا نکلے گی تو ایک عورت۔ تَغْسِلَانِ : دھوتے ہو یا دھوؤ گے تم دو مرد۔ تَسْمَعِیْنَ : سنتی ہے یا سنے گی تو ایک عورت۔

اردو میں ترجمہ کرو

تَشْرَبُوْنَ مَاءً   تَطْلُبِیْنَ خَادِمًا   تَقْرَأْنَ قُرْآنًا   تَفْتَحْنَ بَابًا

تَدْخُلُ بَیْتًا   تَنْصُرُوْنَ الْقَوْمَ   تَضْرِبَانِ عَدُوًّا   تَاکُلِیْنَ لَحْمًا

عربی میں ترجمہ کرو

تو ایک عورت گھر میں داخل ہو گی۔
تم سب مرد قرآن سنتے ہو۔
تو ایک مرد دشمن کو مارتا ہے۔
تم سب عورتیں گوشت کھاتی ہو۔
تم دو عورتیں بات سنتی ہو۔
تم دو مرد قرآن سنو گے۔

مضارع متکلم کے دو صیغے:

أَكْتُبُ لکھتا ہوں یا لکھوں گا میں ایک مرد یا صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم
لکھتی ہوں یا لکھوں گی میں ایک عورت

نَكْتُبُ لکھتے ہیں یا لکھیں گے ہم دو مرد یا دو " تثنیہ و جمع مذکر و مونث متکلم
عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں۔

اردو میں ترجمہ کرو

أَعْرِفُ نَسْمَعُ أَتْرُكُ أَشْرَبُ

أَشْرَبُ مَاءً نَشْرَبُ أَمْنَعُ أَسْمَعُ قُرْآنًا

عربی میں ترجمہ کرو

میں ایک مرد گھر میں داخل ہوں گا۔

میں ایک عورت دروازہ کھولتی ہوں۔

ہم سب مرد گوشت کھاتے ہیں۔

ہم دو مرد قرآن سنیں گے۔

ہم دو عورتیں قرآن سنتی ہیں۔

ہم سب عورتیں قرآن سنیں گی۔

فعل مضارع کی پوری گردان

یَکْتُبُ	یَکْتُبَانِ	یَکْتُبُوْنَ	تَکْتُبُ
تَکْتُبَانِ	یَکْتُبْنَ	تَکْتُبُ	تَکْتُبَانِ
تَکْتُبُوْنَ	تَکْتُبِیْنَ	تَکْتُبَانِ	تَکْتُبْنَ
أَکْتُبُ	نَکْتُبُ		

سبق مضارع مجہول

یُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ دو مرد	" تثنیہ مذکر غائب
یُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ سب مرد	" جمع مذکر غائب
تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یا ماری جائے گی وہ ایک عورت	" واحد مونث غائب
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	" تثنیہ مونث غائب
یُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	" جمع مونث غائب
تُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا تو ایک مرد	" واحد مذکر حاضر
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد	" تثنیہ مذکر حاضر
تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب مرد	" جمع مذکر حاضر

تُضْرَبْنَ مار ی جاتی ہے یا ماری جائے گی تو ایک عورت " واحد مونث حاضر

تُضْرَبَانِ ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں " تثنیہ مونث حاضر

تُضْرَبْنَ ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم سب عورتیں " جمع مونث حاضر

أُضْرَبُ مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت " واحد مذکر و مونث متکلم

نُضْرَبُ مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں " جمع مذکر و مونث متکلم

سوالات :

۱۔ مضارع مجہول کی گردان بغیر معنی کے پڑھو۔

۲۔ مضارع میں کون کون سے صیغے ایک صورت کے ہیں؟

۳۔ وہ ایک عورت ماری جائے گی۔ اس کی عربی بناؤ۔

۴۔ تَضْرِبِيْنَ: کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

۵۔ مضارع مجہول کے پہلے حرف پر کون سی حرکت آتی ہے؟

۶۔ يَعْرِفُ اور يُكْرِمُ کی گردان کرو۔

۷۔ تم دو مارے جاؤ گے۔ اس کی عربی کیا ہے؟

۸۔ تم دو عورتیں ماری جاتی ہو۔ اس کی عربی بناؤ۔

مشق :

تُنْصَرُوْنَ : مدد کئے جاتے ہو یا مدد کئے جاؤ گے تم سب مرد

تُعْرَفِيْنَ : پہچانی جاتی ہے یا پہچانی جائے گی تو ایک عورت

يُخْرَجْنَ : نکالی جاتی ہیں یا نکالی جائیں گی وہ سب عورتیں

يُطْلَبَانِ : بلائے جاتی ہیں یا بلائے جائیں گے وہ دو مرد

تُدْخَلْنَ : داخل کی جاتی ہو یا داخل کی جاؤ گی تم سب عورتیں

يُكْرَمُوْنَ : عزت دیئے جاتے ہیں یا عزت دیئے جائیں گے وہ سب مرد

أُمْنَعُ : روکا جاتا ہوں یا روکا جاؤں گا میں ایک مرد

تُعْرَفَانِ : پہچانے جاتے ہو یا پہچانے جاؤ گے تم دو مرد

اردو میں ترجمہ کرو

تُطْلَبُوْنَ	يُعْرَفَانِ	تُخْرَجِيْنَ	تُنْصَرُ
يُمْنَعُوْنَ	تُخْرَجْنَ	تُكْرَمَانِ	أُطْلَبُ
يُعْرَفْنَ	يُكْرَمُوْنَ		

عربی میں ترجمہ کرو

تو ایک عورت بلائی جائے گی۔ وہ سب عورتیں پہچانی جائیں گی۔

تم سب عورتیں روکی جاؤ گی۔ تم دو مرد عزت دیئے جاؤ گے۔

تم دو عورتیں عزت دی جاؤ گی۔ وہ ایک عورت روکی جائے گی۔

نوٹ : مضارع پر "لَا" لگانے سے "نہیں" کے معنی ہو جاتے ہیں، جیسے لَایَضْرِبُ : نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا وہ ایک مرد۔ لَایُضْرَبُ : نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا وہ ایک مرد۔

نوٹ : مندرجہ ذیل افعال سے مضارع معروف و مجہول کی گردان کرو۔

دَخَلَ	كَرُمَ	نَصَرَ	ضَرَبَ
طَلَبَ	شَرِبَ	فَعَلَ	سَمِعَ

سبق نمبر ۵

ماضی کی مختلف قسمیں

۱۔ ماضی قریب :

ماضی مطلق پر لفظ "قَدْ" بڑھا دینے سے اکثر ماضی قریب کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں، جیسے قَدْ ذَهَبَ زَيْدٌ اِلَي السُّوْقِ (زید بازار گیا ہے)۔

۲۔ ماضی بعید :

ماضی مطلق پر لفظ "کَانَ" لگا دینے سے ماضی بعید بن جاتا ہے، جیسے کَانَ ذَهَبَ (وہ گیا تھا)۔

۳۔ ماضی استمراری :

لفظ "کَانَ" مضارع پر لگانے سے ماضی استمراری بن جاتا ہے، جیسے کَانَ يَكْتُبُ أَحْمَدُ دُرُوْسَهُ (احمد اپنا سبق لکھتا تھا)۔

نوٹ : "کَانَ" فعل ماضی ہے "کون" (ہونا) کا۔ اس کی گردان بھی اور فعلوں کی طرح ہوتی ہے :

کَانَ ، کَانَا ، کَانُوا ، کَانَتْ ، کَانَتَا ، کُنَّ ، کُنْتَ ، کُنْتُمَا ، کُنْتُمْ ، کُنْتِ ، کُنْتُمَا ، کُنْتُنَّ ، کُنْتُ ، کُنَّا ۔

نوٹ: ماضی بعید یا ماضی استمراری کا جو صیغہ بنانا ہو' وہی صیغہ مذکورہ گردان میں سے لے کر کسی فعل کے ماضی یا مضارع کے اسی صیغے پر لگا دیں۔ چنانچہ ذیل کی گردان سے تم اچھی طرح سمجھ لو گے۔

ماضی بعید کی گردان

	واحد	تثنیہ	جمع
غائب:			
مذکر:	كَانَ كَتَبَ (اس ایک مرد نے لکھا تھا)	كَانَا كَتَبَا	كَانُوا كَتَبُوا
مونث:	كَانَتْ كَتَبَتْ (اس ایک عورت نے لکھا تھا)	كَانَتَا كَتَبَتَا	كُنَّ كَتَبْنَ
مخاطب:			
مذکر:	كُنْتَ كَتَبْتَ (تو ایک مرد نے لکھا تھا)	كُنْتُمَا كَتَبْتُمَا	كُنْتُمْ كَتَبْتُمْ
مونث:	كُنْتِ كَتَبْتِ (تو ایک عورت نے لکھا تھا)	كُنْتُمَا كَتَبْتُمَا	كُنْتُنَّ كَتَبْتُنَّ
متکلم:			
مذکر:	كُنْتُ كَتَبْتُ (میں نے لکھا تھا)	كُنَّا كَتَبْنَا	كُنَّا كَتَبْنَا
مونث:	كُنْتُ كَتَبْتُ (میں نے لکھا تھا)	كُنَّا كَتَبْنَا	كُنَّا كَتَبْنَا

ماضی استمراری کی گردان

كَانَ يَكْتُبُ : وہ لکھتا تھا۔ كَانَا يَكْتُبَانِ ، كَانُوا يَكْتُبُوْنَ - كَانَتْ تَكْتُبُ : وہ لکھتی تھی۔ كَانَتَا تَكْتُبَانِ ، كُنَّ يَكْتُبْنَ - اسی طرح آخر تک۔

نوٹ : "كَانَ" کا مضارع "يَكُوْنُ" ہے۔ اس کی گردان یوں ہو گی :

يَكُوْنُ ، يَكُوْنَانِ ، يَكُوْنُوْنَ - تَكُوْنُ ، تَكُوْنَانِ ، يَكُنَّ ، تَكُوْنُ ، تَكُوْنَانِ ، تَكُوْنُوْنَ ، تَكُوْنِيْنَ ، تَكُوْنَانِ ، تَكُنَّ ، أَكُوْنُ ، نَكُوْنُ -

۴- ماضی شکیہ :

جس جملے میں فعل ماضی ہو، اس پر لفظ "لَعَلَّ" (شاید) بڑھانے سے ماضی شکیہ کے معنی پیدا ہوتے ہیں، جیسے لَعَلَّ زَيْدًا ذَهَبَ اِلَي الْمَسْجِدِ (شاید زید مسجد گیا ہو گا)۔

۲- ماضی تمنائی یا ماضی شرطیہ :

ماضی مطلق پر لفظ "لَوْ" (اگر ، کاش) بڑھانے سے ماضی شرطیہ کے معنی پیدا ہوتے ہیں ، جیسے لَوْ زَرَعْتَ لَحَصَدْتَّ (اگر تو بوتا تو ضرور کاٹتا)۔

نوٹ : "لَحَصَدْتَّ" میں "ل" کے معنی ہیں "ضرور"، "البتہ"۔ "لَوْ" کے جوابی جملے میں "لام" تاکید لگایا جاتا ہے۔ مگر کبھی نہیں بھی لگاتے۔ ماضی شرطیہ کے لئے بھی "لَوْ" کے بعد "كَانَ" یا اس کا کوئی صیغہ بڑھا دیتے ہیں۔ اس کے بعد ماضی بھی لاتے ہیں

اور مضارع بھی۔ مگر معنی میں تھوڑا سا فرق ہو جاتا ہے۔ لَوْ كُنْتَ زَرَعْتَ لَحَصَدْتَّ (اگر تو نے بویا ہوتا تو ضرور کاٹتا)۔ لَوْ كُنْتَ تَحْفَظُ دُرُوْسَكَ نَجَحْتَ (اگر تو اپنے اسباق یاد کرتا رہتا تو کامیاب ہو جاتا)۔

"لَيْتَمَا" یا "لَيْتَ" بڑھانے سے ماضی تمنائی کے معنی پیدا ہوتے ہیں، جیسے لَيْتَمَا نَجَحْتُ (کاش! میں کامیاب ہو جاتا)۔ لَيْتَ زَيْدًا نَجَحَ (کاش! زید کامیاب ہو جاتا)۔

سبق نمبر ۶

امر حاضر

امر حاضر کے چھ صیغے:

اُكْتُبْ	لکھ تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
اُكْتُبَا	لکھو تم دو مرد	" تثنیہ مذکر حاضر
اُكْتُبُوا	لکھو تم سب مرد	" جمع مذکر حاضر
اُكْتُبِي	لکھ تو ایک عورت	" واحد مونث حاضر
اُكْتُبَا	لکھو تم دو عورتیں	" تثنیہ مونث حاضر
اُكْتُبْنَ	لکھو تم سب عورتیں	" جمع مونث حاضر

سوالات:

۱- امر حاضر کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔
۲- اضربن کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔
۳- تو ایک عورت مارا۔ اس کی عربی کیا ہے؟
۴- اعرف اور اغسل کی گردان کرو۔
۵- تم سب مرد مارو۔ اس کی عربی بتاؤ۔
۶- تم دو مرد مارو۔ اس کی عربی بتاؤ۔
۷- اضربی کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔
۸- تم دو عورتیں مارو۔ اس کا عربی میں ترجمہ کرو۔

مشق :

اِغْسِلُوا : دھوؤ تم سب مرد۔ اُدْخُلِي : داخل ہو تو ایک عورت۔ اُخْرُجَا : نکلو تم دو مرد۔ اُنْصُرُوا : مدد کرو تم سب مرد۔ اِفْتَحْنَ : کھولو تم سب عورتیں۔ اِشْرَبَا : پیو تم دو مرد۔

اردو میں ترجمہ کرو

اِشْرَبْ مَاءً أُدْخُلِي الْبَيْتَ أُنْصُرُوا الْقَوْمَ اِفْتَحْنَ بَابًا

اِضْرِبَا عَدُوًّا أُكْتُبُوا بِالْقَلَمِ اِغْسِلِي ثَوْبًا أُطْلُبْ خَادِمًا

عربی میں ترجمہ کرو

تو ایک عورت پانی پی۔ تم سب عورتیں کپڑا دھوؤ۔

تم سب مرد دروازہ کھولو۔ تم دو عورتیں گھر میں داخل ہو۔

تم دو مرد قلم سے لکھو۔ تو ایک مرد قوم کی مدد کر۔

سبق نمبر ۷

نہی حاضر

نہی حاضر کے چھ صیغے :

لَا تَكْتُبْ	نہ لکھ تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَا تَكْتُبَا	نہ لکھو تم دو مرد	" تثنیہ مذکر حاضر
لَا تَكْتُبُوا	نہ لکھو تم سب مرد	" جمع مذکر حاضر
لَا تَكْتُبِي	نہ لکھ تو ایک عورت	" واحد مونث حاضر
لَا تَكْتُبَا	نہ لکھو تم دو عورتیں	" تثنیہ مونث حاضر
لَا تَكْتُبْنَ	نہ لکھو تم سب عورتیں	" جمع مونث حاضر

سوالات :

۱- نہی حاضر کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔
۲- تم دو عورتیں نہ مارو۔ اس کی عربی بناؤ۔
۳- تم سب عورتیں نہ مارو۔ اس کی عربی بناؤ۔
۴- تم سب مرد نہ مارو۔ اس کی عربی بناؤ۔
۵- لَا تَضْرِبِي کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔
۶- لَا تَعْرِفْ اور لَا تَغْسِلْ سے چھ صیغے پڑھو۔
۷- تم دو مرد نہ مارو۔ اس کی عربی بناؤ۔
۸- لَا تَضْرِبْنَ : کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

مشق :

لَا تَغْسِلُوا : نہ دھوؤ تم سب مرد۔ لَا تَفْتَحْنَ : نہ کھولو تم سب عورتیں۔ لَا تَدْخُلِي : نہ داخل ہو تم ایک عورت۔ لَا تَمْنَعِي : نہ روک تو ایک عورت۔ لَا تَشْرَبَا : نہ پیؤ تم دو مرد۔ لَا تَاكُلُوا : نہ کھاؤ تم سب مرد۔ خَمْرٌ : شراب۔ سُوْقٌ : بازار۔

اردو میں ترجمہ کرو

لَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ	لَا تَاكُلُوا الْحَرَامَ	لَا تَدْخُلِي الْبَيْتَ
لَا تَتْرُكْنَ الْبَيْتَ	لَا تَفْتَحَا الْبَابَ	لَا تَنْصُرِ الْعَدُوَّ
لَا تَرْفَعُوا الْحِجَابَ	لَا تَشْرَبْنَ الْخَمْرَ	لَا تَفْتَحِي الْبَابَ

عربی میں ترجمہ کرو

تم سب مرد شراب نہ پیؤ۔	تم دو عورتیں بازار میں داخل نہ ہو۔
تو ایک عورت کپڑا نہ دھو۔	تم سب عورتیں کسی کو نہ مارو۔
تو ایک مرد حرام نہ کھا۔	تم دو مرد گھر نہ چھوڑو۔

سبق نمبر ۸

اسم فاعل

اسم فاعل کے چھ صیغے:

کَاتِبٌ	لکھنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
کَاتِبَانِ	لکھنے والے دو مرد	" تثنیہ مذکر
کَاتِبُوْنَ	لکھنے والے سب مرد	" جمع مذکر
کَاتِبَةٌ	لکھنے والی ایک عورت	" واحد مونث
کَاتِبَتَانِ	لکھنے والی دو عورتیں	" تثنیہ مونث
کَاتِبَاتٌ	لکھنے والی سب عورتیں	" جمع مونث

سوالات:

۱۔ اسم فاعل کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔
۲۔ ایک عورت مارنے والی۔ اس کی عربی بناؤ۔
۳۔ شَارِبٌ اور سَامِعٌ کے چھ صیغے پڑھو۔
۴۔ دو مرد پینے والے۔ اس کی عربی بناؤ۔
۵۔ سب عورتیں مارنے والی۔ اس کی عربی بناؤ۔
۶۔ ضَارِبُوْنَ: کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔
۷۔ اسم فاعل کا صیغہ تثنیہ مونث بتاؤ۔
۸۔ شَارِبَاتٌ: کون سا صیغہ ہے؟ اور معنی بتاؤ۔

مشق :

نَاصِرُوْنَ : سب مدد کرنے والے مرد۔ سَامِعَاتٌ : سب عورتیں سننے والی۔ آکِلَةٌ : ایک عورت کھانے والی۔ مَانِعَانِ : دو مرد روکنے والے۔ خَارِجَتَانِ : دو عورتیں نکلنے والی۔ شَارِبُونَ : سب مرد پینے والے۔

اردو میں ترجمہ کرو

عَارِفُوْنَ   کَاتِبَانِ   شَارِبَةٌ   خَارِجَاتٌ

قَارِئٌ   دَاخِلَتَانِ   آکِلُوْنَ   فَاتِحَانِ

سَامِعَةٌ   کَاتِبَتَانِ

أَنْتِ شَارِبَةٌ   أَنْتُمْ خَارِجُوْنَ   هُمْ نَاصِرُوْنَ   هِيَ مَانِعَةٌ

هُمَا مَانِعَانِ   هُنَّ آکِلَاتٌ   أَنَا قَارِئَةٌ   أَنْتَ طَالِبٌ

عربی میں ترجمہ کرو

ایک عورت نکلنے والی۔   سب مرد لکھنے والے۔

دو عورتیں سننے والیاں۔   دو مرد کھانے والے۔

سب عورتیں پڑھنے والیاں۔   ایک مرد پہچاننے والا۔

تو ایک عورت مدد کرنے والی ہے۔   میں مرد سننے والا ہوں۔

ہم دو عورتیں چھوڑنے والی ہیں۔   تم سب عورتیں نکلنے والی ہو۔

تو ایک مرد روکنے والا ہے۔   تم سب مرد لکھنے والے ہو۔

سبق نمبر ۹

اسم مفعول

اسم مفعول کے چھ صیغے:

مَكْتُوْبٌ	ایک لکھا ہوا	صیغہ واحد مذکر
مَكْتُوْبَانِ	دو لکھے ہوئے	" تثنیہ مذکر
مَكْتُوْبُوْنَ	زیادہ لکھے ہوئے	" جمع مذکر
مَكْتُوْبَةٌ	ایک لکھی ہوئی	" واحد مونث
مَكْتُوْبَتَانِ	دو لکھی ہوئیں	" تثنیہ مونث
مَكْتُوْبَاتٌ	زیادہ لکھی ہوئیں	" جمع مونث

سوالات:

۱۔ اسم مفعول کے چھ صیغے بغیر معنی کے پڑھو۔
۲۔ ایک عورت ماری ہوئی۔ اس کی عربی بتاؤ۔
۳۔ اسم مفعول کے چھ صیغے پڑھو۔
۴۔ ماری ہوئی دو عورتیں۔ اس کی عربی بتاؤ۔
۵۔ مجموعة: کون سا صیغہ ہے؟
۶۔ اسم مفعول کا صیغہ تثنیہ مذکر بتاؤ

مشق :

مَنْصُوْرُوْنَ : مدد کئے ہوئے سب مرد۔ مَحْمُوْدَاتٌ : تعریف کی ہوئی سب عورتیں۔ مَعْرُوْفَةٌ : پہچانی ہوئی ایک عورت۔ مَمْنُوْعَتَانِ : روکی ہوئی دو عورتیں۔ مَتْرُوْكَانِ : چھوڑے ہوئے دو مرد۔ مَطْلُوْبُوْنَ : طلب کئے ہوئے سب مرد۔

اردو میں ترجمہ کرو

مَحْمُوْدُوْنَ	مَمْنُوْعَةٌ	مَعْرُوْفَانِ	مَطْلُوْبَتَانِ
مَنْصُوْرَانِ	مَتْرُوْكَاتٌ	مَحْمُوْدٌ	مَعْرُوْفَتَانِ
مَمْنُوْعَانِ	مَطْلُوْبَةٌ		

عربی میں ترجمہ کرو

دو مرد روکے ہوئے۔	سب عورتیں پہچانی ہوئیں۔
سب مرد طلب کئے ہوئے۔	دو عورتیں چھوڑی ہوئیں۔
ایک عورت مدد کی ہوئی۔	دو مرد تعریف کئے ہوئے۔

سبق نمبر: ۱۰

صرف صغیر

عربی زبان میں بیشتر کلمات ایک دوسرے سے بنتے ہیں جسے "اشْتِقَاقْ" کہا جاتا ہے۔ اسماء اور افعال کو مصادر سے بنایا جاتا ہے۔ چنانچہ مصدر سے ماضی بنائی جاتی ہے، ماضی سے مضارع اور اس سے بہت سے دوسرے فعل اور اسم بنائے جاتے ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

(۱) فعل ماضی (۲) فعل مضارع (۳) اسم فاعل (۴) اسم مفعول (۵) فعل امر (۶) فعل نہی (۷) اسم ظرف (۸) اسم آلہ (۹) اسم تفضیل۔ ان سب افعال کی گردان کو صرف صغیر (چھوٹی گردان) کہا جاتا ہے۔

ہم نے اپنے آسان ترجمہ قرآن میں ہر صفحہ کے نیچے حاشیہ میں اس صفحہ کے افعال درج کئے ہیں۔ اور ان کے ماضی، مضارع اور مصدر نوٹ کر دیئے ہیں تاکہ سمجھنے اور یاد کرنے میں آسانی ہو اور پوری گردان سے ان کے ذہن پر بوجھ نہ پڑے۔

یہاں مکمل صرف صغیر اس لئے لکھی جا رہی ہے کہ جن احباب کو شوق ہو، وہ اسے یاد کر لیں اور اس کی روشنی میں دوسرے مصادر سے مشق کر لیں۔

گردان

كَتَبَ : ماضی معروف۔ يَكْتُبُ : مضارع معروف۔ كَتْبًا : مصدر۔ كَاتِبٌ : اسم فاعل۔ كُتِبَ : ماضی مجہول۔ يُكْتَبُ : مضارع مجہول۔ كَتْبًا : مصدر۔ مَكْتُوبٌ : اسم مفعول۔ اُكْتُبْ : فعل امر۔ لَا تَكْتُبْ : فعل نہی۔ مَكْتَبٌ : اسم ظرف۔ مِكْتَبٌ : اسم آلہ۔

نوٹ :

۱- صرف صغیر مکمل یاد کر لیں۔ اس سے عربی سیکھنے اور قرآن فہمی میں آسانی ہو گی۔

۲- ابتدا میں کم از کم فعل ماضی، مضارع اور مصدر ضرور یاد کر لیں۔

۳- مندرجہ ذیل افعال سے گردان کی مشق کیجئے :

نَصَرَ، فَتَحَ، كَفَرَ، ذَكَرَ، خَلَفَ، حَدَثَ، أَقَامَ۔

عربی قاعدہ ۲

سبق نمبر ۱۱

نحو کا مختصر بیان

ضمائر مرفوع منفصل :

هُوَ	وہ ایک مرد	هُمَا	وہ دو مرد	هُمْ	وہ سب مرد
هِيَ	وہ ایک عورت	هُمَا	وہ دو عورتیں	هُنَّ	وہ سب عورتیں
أَنْتَ	تو ایک مرد	أَنْتُمَا	تم دو مرد	أَنتُمْ	تم سب مرد
أَنْتِ	تو ایک عورت	أَنْتُمَا	تم دو عورتیں	أَنْتُنَّ	تم سب عورتیں
أَنَا	میں	نَحْنُ	ہم		

مشق :

هُوَ مَانِعٌ : وہ ایک مرد روکنے والا ہے۔

هُمَا مَانِعَانِ : وہ دو مرد روکنے والے ہیں۔

هُمْ مَانِعُوْنَ : وہ سب مرد روکنے والے ہیں۔

هِيَ شَارِبَةٌ : وہ ایک عورت پینے والی ہے۔

هُمَا شَارِبَتَانِ : وہ دو عورتیں پینے والی ہیں۔

هُنَّ شَارِبَات : وہ سب عورتیں پینے والی ہیں۔

أَنْتَ نَاصِرٌ : تو ایک مرد مدد کرنے والا ہے۔

أَنْتُمَا نَاصِرَان : تم دو مرد مدد کرنے والے ہو۔

أَنْتُمْ نَاصِرُوْنَ : تم سب مرد مدد کرنے والے ہو۔

أَنْتِ سَامِعَةٌ : تو ایک عورت سننے والی ہے۔

أَنْتُمَا سَامِعَتَان : تم دو عورتیں سننے والی ہو۔

أَنْتُنَّ سَامِعَاتٌ : تم سب عورتیں سننے والی ہو۔

أَنَا كَاتِبٌ : میں ایک مرد لکھنے والا ہوں۔

اَنَا كَاتِبَةٌ : میں ایک عورت لکھنے والی ہوں۔

نَحْنُ كَاتِبُوْنَ : ہم سب مرد لکھنے والے ہیں۔

نَحْنُ كَاتِبَاتٌ : ہم سب عورتیں لکھنے والی ہیں۔

سبق نمبر ۱۲

ضمائر مجرور متصل :

لَهُ : اس ایک مرد کے لئے۔

لَهُمَا : ان دو مردوں کے لئے۔

لَهُمْ : ان سب مردوں کے لئے۔

لَهَا : اس ایک عورت کے لئے۔

لَهُمَا : ان دو عورتوں کے لئے۔

لَهُنَّ : ان سب عورتوں کے لئے۔

لَكَ : تجھ ایک مرد کے لئے۔

لَكُمَا : تم دو مردوں کے لئے۔

لَكُمْ : تم سب مردوں کے لئے۔

لَكِ : تجھ ایک عورت کے لئے۔

لَكُمَا : تم دو عورتوں کے لئے۔

لَكُنَّ : تم سب عورتوں کے لئے۔

لِيْ : میرے لئے۔

لَنَا : ہمارے لئے۔

مشق :

مَنْ : سے، فِيْ : میں، اِلٰي : تک، عَنْ : سے، عَلٰي : پر، لِ : واسطے، بِ : ساتھ۔

فيه :	اس ایک مرد میں۔	منكَ :	تجھ ایک مرد سے۔
اَلَيْكُمْ :	تم سب مردوں کی طرف۔	عَنْهُنَّ :	ان سب عورتوں سے۔
عَلَيْهِمْ :	ان سب مردوں پر۔	لَهُمَا :	ان دو عورتوں کے واسطے۔
بكُمَا :	تم دو مردوں کے ساتھ۔	منْكُنَّ :	تم سب عورتوں سے۔
اَلَيْنا :	ہم تک۔	عَنْكُمَا :	تم دو عورتوں سے۔
عَلَيْهَا :	اس ایک عورت پر۔	فِيْكِ :	تجھ ایک عورت میں۔

اردو میں ترجمہ کرو

منهُمْ	اَلَيْهَا	عَلَيْكَ	عَنْكُمْ
لَهُنَّ	بيْ	فيهمَا	اَلَيْكُنَّ
عنَّا	فِيْهِمْ	مِنِّي	عَنْهَا

عربی میں ترجمہ کرو

تجھ ایک عورت سے۔	ان سب عورتوں سے۔
تجھ ایک عورت پر۔	ہم دو عورتوں کے واسطے۔
ان سب مردوں میں۔	ہم دو عورتوں کی طرف۔
ہم سب عورتوں میں۔	اس ایک عورت کے واسطے۔

سبق نمبر ۱۳

ضمیر مجرور باضافت :

دَارُهُ : اس ایک مرد کا گھر۔

دَارُهُمَا : ان دو مردوں کا گھر۔

دَارُهُمْ : ان سب مردوں کا گھر۔

دَارُهَا : اس ایک عورت کا گھر۔

دَارُهُمَا : ان دو عورتوں کا گھر۔

دَارُهُنَّ : ان سب عورتوں کا گھر۔

دَارُكَ : تجھ ایک مرد کا گھر۔

دَارُكُمَا : تم دو مردوں کا گھر۔

دَارُكُمْ : تم سب مردوں کا گھر۔

دَارُكِ : تجھ ایک عورت کا گھر۔

دَارُكُمَا : تم دو عورتوں کا گھر۔

دَارُكُنَّ : تم سب عورتوں کا گھر۔

دَارِيْ : میرا گھر۔

دَارُنَا : ہمارے گھر۔

مشق :

أَبٌ : باپ أُمٌّ : ماں أَخٌ : بھائی أُخْتٌ : بہن اِبْنٌ : بیٹا بِنْتٌ : بیٹی
عَمٌّ : چچا جَدٌّ : دادا خَالٌ : ماموں۔

أَبُوْنَا : ہمارا باپ۔ اِبْنُهَا : اس ایک عورت کا بیٹا۔
أَبُوْكَ : تجھ ایک مرد کا باپ۔ بِنْتُكَ : تجھ ایک عورت کی بیٹی۔
أَخُوْهُ : اس ایک مرد کا بھائی۔ أُمِّي : میری ماں۔
عَمُّهُمْ : ان سب مردوں کا چچا۔ أُخْتُهُنَّ : ان سب عورتوں کی بہن۔
جَدُّكُمْ : تم سب مردوں کا دادا۔ خَالُكُنَّ : تم سب عورتوں کا ماموں۔
أُخْتُهُمَا : ان دو مردوں کی بہن۔ أَبُوكُمَا : تم دو مردوں یا دو عورتوں کا باپ۔

اردو میں ترجمہ کرو

أُمُّهُ أَبُوْكُمْ اِبْنُكَ أَخُوْهُمْ
جَدُّهُنَّ أَبُوْهُمَا خَالُكُمَا أُخْتِي
عَمُّهَا بِنْتُكِ أُمُّكُنَّ عَمُّنَا

عربی میں ترجمہ کرو

میری ماں۔

اس ایک مرد کا باپ۔

ہم دو مردوں کا دادا۔

ہم سب عورتوں کا دادا۔

تو ایک مرد کی بہن۔

ان سب عورتوں کا بھائی۔

تجھ ایک عورت کا چچا۔

تم سب عورتوں کی بہن۔

سبق نمبر ۱۴

اشارہ قریب

هٰذَا : یہ ایک مرد۔ هٰذَانِ : یہ دو مرد۔ هٰذِهِ : یہ ایک عورت۔ هَاتَانِ : یہ دو عورتیں۔ هٰؤُلَاءِ : یہ سب مرد یا یہ سب عورتیں۔

هٰذَا الطِّفْلُ : یہ ایک لڑکا۔ هٰذَانِ الطِّفْلَانِ : یہ دو لڑکے۔ هٰذِهِ الْبِنْتُ : یہ ایک لڑکی۔ هَاتَانِ الْبِنْتَانِ : یہ دو لڑکیاں۔ هٰؤُلَاءِ الأَطْفَالُ : یہ سب لڑکے۔ هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ : یہ سب لڑکیاں۔

اردو میں ترجمہ کرو

هٰذَا الطِّفْلُ شَرِيْرٌ ، وَهٰذِهِ الْبِنْتُ صَالِحَةٌ – هٰذَا الْكِتَابُ كَامِلٌ ، وَهٰذِهِ الرِّسَالَةُ نَاقِصَةٌ – هٰذَانِ الطِّفْلَانِ مَرِيْضَانِ وَهَاتَانِ الْبِنْتَانِ صَحِيْحَتَانِ – هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ مُسَافِرُوْنَ وَهٰؤُلَاءِ النِّسَآءُ مُقِيْمَاتٌ –

عربی میں ترجمہ کرو

یہ لڑکا نیک ہے اور یہ لڑکی شریر ہے۔ یہ کتاب ادھوری ہے اور یہ رسالہ پورا ہے۔

یہ لوگ مقیم ہیں اور یہ دو عورتیں مسافر ہیں۔ یہ دو لڑکے تندرست ہیں اور یہ دونوں لڑکیاں بیمار ہیں۔

سبق نمبر ۱۵

اسم اشارہ بعید

ذَالِكَ: وہ ایک مرد۔ ذَانِكَ: وہ دو مرد۔
تِلْكَ: وہ ایک عورت۔ تَانِكَ: وہ دو عورتیں۔
أُولٰئِكَ: وہ سب مرد یا وہ سب عورتیں۔

اردو میں ترجمہ کرو

ذَالِكَ الْكِتَابُ لِسَعِيْدٍ ذَانِكَ الطِّفْلَانِ أَخَوَانِ
تِلْكَ الرِّسَالَةُ لِوَحِيْدٍ تَانِكَ الْبِنْتَانِ أُخْتَانِ

عربی میں ترجمہ کرو

وہ لڑکا نیک ہے۔ وہ دو عورتیں مسلمان ہیں۔
وہ دو مرد مسلمان ہیں۔ وہ ایک عورت نیک ہے۔
وہ ایک مرد کامل ہے۔ وہ سب مرد رشید کے بھائی ہیں۔
وہ سب عورتیں حمید کی بہنیں ہیں۔

سبق نمبر ۱۶

اسم موصول

تعریف : اسم موصول وہ اسم ہے کہ جب تک اس کے ساتھ ایک اور جملہ (جس کو صلہ کہتے ہیں) نہ ملایا جائے، پورا مطلب نہیں دیتا۔ اردو میں "جو، جن، جس" وغیرہ حروف صلہ ہیں۔ اسمائے موصولہ درج ذیل ہیں:

اَلَّذِيْ : جو ایک مرد۔

اَلَّذَانِ : جو دو مرد۔

اَلَّذِيْنَ : جو سب مرد۔

اَلَّتِيْ : جو ایک عورت۔

اَللَّتَانِ : جو دو عورتیں۔

اَللَّاتِيْ : جو سب عورتیں۔

"مَا" اور "مَنْ" بھی اسم موصول ہیں۔ مَنْ : عاقل کے لئے ہے اور مَا : غیر عاقل کے لئے ہے، جیسے جَاءَ مَنْ أُحِبُّهُ : جسے میں چاہتا تھا وہ آ گیا اور ضَاعَ مَا أَكَلْتَ : جو تو نے کھایا وہ ضائع ہو گیا۔

مثالیں :

قَرَأْتُ الْبَرْنَامَجَ الَّذِيْ فِيْ يَدِيْ — میں نے وہ پروگرام پڑھا جو میرے ہاتھ میں ہے۔

هٰذَانِ الَّذَانِ أُحِبُّهُمَا — یہ وہ دو مرد ہیں جنہیں میں پسند کرتا ہوں۔

هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ نُشَاهِدُهُمْ — یہ وہ سب ہیں جن کو ہم دیکھیں گے۔

اَلرِّوَايَةُ الَّتِيْ فِيْ الْمَسْرَحِ عَجِيْبَةٌ — جو کہانی تھیٹر میں ہے وہ عجیب ہے۔

اَعْجَبَتْنِي الدَّجَاجَتَانِ اللَّتَانِ تَبِيْضَانِ — مجھے وہ دو مرغیاں پسند آئیں جو انڈے دیتی ہیں۔

رَأَيْتُ الْمُمَثِّلَاتِ اللَّتِيْ ظَهَرْنَ فِيْ الْفَصْلِ الْاَوَّلِ — میں نے ان ایکٹرسوں کو دیکھا جو پہلے ایکٹ میں سامنے آئیں۔

مَنْ اِجْتَهَدَ فَازَ — جس نے محنت کی وہ کامیاب ہوا۔

مَا اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ — جو اچھائی تجھے پہنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے۔

اَلْمَرْأَةُ الَّتِيْ رَأَيْتُهَا بِالْاَمْسِ جَمِيْلَةٌ — وہ عورت جو میں نے کل دیکھی، وہ خوبصورت ہے۔

أُحِبُّ النَّعَامَتَيْنِ اللَّتَيْنِ فِيْ حَدِيْقَةِ الْحَيَوَانَاتِ — میں ان دو شتر مرغوں کو پسند کرتا ہوں جو چڑیا گھر میں ہیں۔

عربی میں ترجمہ کرو

۱- وہ شاگرد جو مسجد میں ہے، محنتی ہے۔

۲- جو دو ٹیمیں کھیل کے میدان میں ہیں، کھیل رہی ہیں۔

۳- وہ سب مرد ہیں جنہوں نے میری مدد کی۔

۴- مجھے وہ ڈرامہ پسند آیا جو تھیٹر میں ہے۔

۵- میں وہ مرغیاں پسند نہیں کروں گا۔

۶- وہ دو ایکٹریس جنہیں میں پہچانتا تھا، ظاہر ہوئیں۔

۷- جس نے خدمت کی وہ جنت میں داخل ہوا۔

۸- جو چیز میں نے کل دیکھی وہ مفید ہے۔

۹- جو عورت اپنے خاوند کی خدمت کرتی ہے، پسندیدہ ہے۔

۱۰- جو دو لڑکے کل آئیں گے، شریف ہیں۔

سبق نمبر ۱۷

کلمات استفہام

مَنْ :	کون؟	لِمَ :	کیوں؟	أَيْنَ :	کہاں؟
مَاذَا :	کیا؟	كَيْفَ :	کیسے، کس طرح؟	مَتٰي :	کب؟
هَلْ :	کیا؟	كَمْ :	کتنا، کتنی؟	أَ :	کیا؟
أَيٌّ :	کون سا؟	أَنّٰي	کیوں کر؟	أَيَّانَ	کب؟

اردو میں ترجمہ کرو

مَنْ أَنْتَ؟ كَيْفَ حَالُكَ؟ مَاذَا تَقْرَأُ؟ أَيْنَ كِتَابِي؟ مَنْ دَخَلَ فِي الْبَيْتِ؟ هَلْ قَرَأْتَ دَرْسَكَ؟ مَتٰي تَذْهَبُ اِلَي الْمَدْرَسَةِ؟ لِمَ جِئْتَ؟ كَمْ عُمُرُكَ؟ مَا اسْمُكَ؟ أَيْنَ ذَهَبَ أَخُوْكَ؟ مَتٰي جَاءَ أَبُوْهُ؟ أَاَكَلْتَ طَعَامًا؟ أَيَّانَ يَوْمُ الْعِيْدِ؟ أَيَّ كِتَابٍ تَقْرَأُ؟ أَنّٰي لَكِ هٰذَا؟

عربی میں ترجمہ کرو

تو کہاں سے آیا؟ تیرا باپ کہاں گیا؟ کیا تو نے پانی پیا؟

میرا قلم کہاں گیا؟	یہ کون سا قلم ہے؟	چھٹی کا دن کب ہے؟
تو کیوں گھر سے نکلا؟	تیری عمر کتنی ہے؟	یہ کون شخص ہے؟
تو کس طرح پڑھتا ہے؟	وہ کب مدرسہ جائے گا؟	یہ کیا ہے؟
تمہارا گھر کہاں ہے؟	یہ گھر کس کا ہے؟	تو نے میرے بھائی کو کیوں مارا؟
تیرے ہاتھ میں کیا ہے؟	اس کا حال کیسا ہے؟	

سبق نمبر ۱۸

ظرف مکان

فَوْقَ :	اوپر۔	تَحْتَ :	نیچے۔	هٰهُنَا :	یہاں۔
هُنَاكَ :	وہاں۔	أَمَامَ :	آگے۔	خَلْفَ :	پیچھے۔
لَدَيَّ :	میرے پاس۔	عِنْدَ :	پاس۔	سَمَاءٌ :	آسمان۔
أَرْضٌ :	زمین۔	رَاسٌ :	سر۔	رِجْلٌ :	پاؤں۔

اردو میں ترجمہ کرو

اَلسَّمَاءُ فَوْقَ رَاسِكَ وَ الاَرْضُ تَحْتَ رِجْلِكَ۔ سَعِيْدٌ جَالِسٌ خَلْفَكَ۔ أَنْتَ قَائِمٌ اَمَامِيْ۔ لَا تَذْهَبْ هُنَاكَ۔ اِجْلِسْ هٰهُنَا۔ كَمْ رَجُلًا عِنْدَكَ۔ وَحِيْدٌ جَالِسٌ۔ لَدَيَّ حَمِيْدٌ۔

عربی میں ترجمہ کرو

میری کتاب کس کے پاس ہے؟ — ہمارے سر کے اوپر آسمان ہے۔

میرے پاؤں کے نیچے زمین ہے۔ — خالد رشید کے پاس بیٹھا ہے۔

میں تیرے سامنے کھڑا ہوں۔ — میں وہاں نہیں جاؤں گا۔

تو کیوں یہاں نہیں آیا؟ — تمہارا بھائی میرے سامنے بیٹھا ہے۔

سبق نمبر ۱۹

ظرف زمان

اَلْاٰنَ : اب۔ اَلْیَوْمَ : آج۔ غَدًا : کل آئندہ۔
بَعْدَ غَدٍ : پرسوں آئندہ۔ اَمْسِ : کل گزشتہ۔ قَبْلَ الاَمْسِ : گزشتہ پرسوں۔
قَبْلُ : پہلے۔ بَعْدُ : بعد۔

اردو میں ترجمہ کرو

اَلْاٰنَ جِئْتَ مِنَ السُّوْقِ ـ اَلْیَوْمَ خَیْرٌ مِنَ الْاَمْسِ ـ جَاءَ اَخِيْ بِالْاَمْسِ
وَذَهَبَ اَبِي قَبْلَ الْاَمْسِ ـ هَلْ تَجِيْئُنِيْ غَدًا ؟ لَا اَجِيْئُكَ بَعْدَ غَدٍ ـ
اَلْیَوْمَ اَكَلْتُ لَحْمًا ـ جَاءَ زَیْدٌ قَبْلَكَ ـ اِذْهَبْ اِلَیْهِ بَعْدَ یَوْمَیْنِ ـ

عربی میں ترجمہ کرو

میرا بھائی کل جائے گا۔ میرا باپ پرسوں آئے گا۔

اب میں کھانا کھاتا ہوں۔ آج تو نے کیا کھایا؟

آج میں نے کچھ نہیں کھایا۔ پرسوں سعید آیا تھا۔

میں ظہر سے پہلے گھر سے نکلا اور عصر کے بعد واپس آیا۔

سبق نمبر ۲۰

اعداد

وَاحِدٌ	ایک
اِثْنَانِ	دو
ثَلٰثَةٌ	تین
اَرْبَعَةٌ	چار
خَمْسَةٌ	پانچ
سِتَّةٌ	چھ
سَبْعَةٌ	سات
ثَمَانِيَةٌ	آٹھ
تِسْعَةٌ	نو
عَشَرَةٌ	دس
اَحَدَ عَشَرَ	گیارہ
اِثْنَا عَشَرَ	بارہ
ثَلٰثَةَ عَشَرَ	تیرہ
اَرْبَعَةَ عَشَرَ	چودہ
خَمْسَةَ عَشَرَ	پندرہ

سِتَّةَ عَشَرَ	سولہ
سَبْعَةَ عَشَرَ	سترہ
ثَمَانِيَةَ عَشَرَ	اٹھارہ
تِسْعَةَ عَشَرَ	انیس
عِشْرُوْنَ	بیس
وَاحِدٌ وَعِشْرُوْنَ	اکیس
اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ	بائیس
ثَلٰثَةٌ وَعِشْرُوْنَ	تیئس
اَرْبَعَةٌ وَعِشْرُوْنَ	چوبیس
خَمْسَةٌ وَعِشْرُوْنَ	پچیس
سِتَّةٌ وَعِشْرُوْنَ	چھبیس
سَبْعَةٌ وَعِشْرُوْنَ	ستائیس
ثَمَانِيَةٌ وَعِشْرُوْنَ	اٹھائیس
تِسْعَةٌ وَعِشْرُوْنَ	انتیس
ثَلٰثُوْنَ	تیس
اَرْبَعُوْنَ	چالیس
خَمْسُوْنَ	پچاس
سِتُّوْنَ	ساٹھ
سَبْعُوْنَ	ستر
ثَمَانُوْنَ	اسی
تِسْعُوْنَ	نوے
مِائَةٌ	سو

ہفتہ کے دن

يَوْمُ السَّبْتِ	ہفتہ
يَوْمُ الاَحَدِ	اتوار
يَوْمُ الاِثْنَيْنِ	پیر
يَوْمُ الثُّلَاثَاءِ	منگل
يَوْمُ الاَرْبَعَاءِ	بدھ
يَوْمُ الْخَمِيْسِ	جمعرات
يَوْمُ الجُمُعَةِ	جمعہ

(مترجم حافظ نذر احمد صاحب)

منتخب الفاظ کی تشریح

(ماخوذ المفردات امام راغب اصفہانی)

منتخب الفاظ کا قرآنی آیات میں استعمال اور آیات کا سلیس ترجمہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

اَعُوْذُ	بِ	اللّٰهِ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ
میں پناہ میں آتا ہوں	کی	اللہ	سے	شیطان	مردود

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	ال	رَحْمٰنِ	ال	رَحِيْمِ
سے	نام	اللہ	جو	رحم کرنے والا	جو	نہایت مہربان

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

سورۃ فاتحہ

اَعُوْذُ: ”میں پناہ میں آتا ہوں“ (عَوْذ)

عَوْذٌ کے معنی ہیں کسی کی پناہ لینا۔ عَاذَ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: فلاں نے فلاں کی پناہ لی۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ	”میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ نادان بنوں“۔
وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ	”اس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کرو، میں اپنے تمہارے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں“
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	”کہو کہ میں صبح کے پروردگار کی پناہ میں آتا ہوں“۔
اِنِّيْ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ	”میں تم سے اللہ کی پناہ میں آتی ہوں“۔
اِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ	”میں اس کو تیری پناہ میں دیتی ہوں“۔
مَعَاذَ اللّٰهِ	”اللہ پناہ میں رکھے“۔
اِسْتَعِذْ بِاللّٰهِ	”اللہ کی پناہ مانگو“۔

اَللّٰهُ : اسم الجلالہ (اَ لِ ہَ)

اِلٰہٌ کا لفظ عام ہے اور ہر معبود پر بولا جاتا ہے خواہ وہ معبود برحق ہو یا معبود باطل۔ آلِهَةٌ اسی کی جمع ہے

اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِنْ دُوْنِنَا : ”کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں کہ ان کو مصائب سے بچا لیں“؟

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ : ”اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی“۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ : ”اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں“۔

اِسم : نام (س م و)

سَمَاءٌ (آسمان) ہر شے کے بالائی حصے کو کہا جاتا ہے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰاتِ : ”اسی نے آسمانوں کو پیدا کیا“۔

اَلسَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ : ”جس سے آسمان پھٹ جائے گا“۔

اَلِاسْمُ : کسی چیز کی علامت جس سے اسے پہچانا جائے۔

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ اِلَّا اَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوْهَا : ”جن چیزوں کی تم اس کے سوا پرستش کرتے ہو وہ صرف نام ہی نام ہیں جو تم نے رکھ لیے ہیں“

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ : "تمہارے پروردگار کا نام بڑا بابرکت ہے"۔

اِسْمُهٗ يَحْيٰي لَمْ نَجْعَلْ لَهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا : "اس کا نام یحییٰ ہے۔اس سے پہلے ہم نے اس نام کا کوئی شخص پیدا نہیں کیا"۔

هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ : "اس نے تمہارا نام مسلمان رکھا تھا"۔

اِلٰي اَجَلٍ مُّسَمًّي : "کسی میعاد معین تک"۔

رَحْمٰن، رَحِيْم : بہت مہربان نہایت رحم والا آیت نمبر :1 (رَ حِ مَ)

رَحِمٌ : عورت کا رحم۔ رحم کا لفظ قرابت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے کیونکہ تمام اقربا ایک ہی رحم سے پیدا ہوتے ہیں۔

وَاَقْرَبَ رُحْمًا : "اور قرابت میں اس سے بہتر ہو"۔

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ : "بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے"۔

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ : "مگر جس پر اللہ مہربانی کرے"۔

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ : "تاکہ تم پر رحمت کی جائے"۔

اُولٰئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَةَ اللّٰهِ : "وہی اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں"۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ : "شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے"۔

سورۃ الفاتحۃ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ① الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ②

اَلْ	حَمْدُ	لِ	اللّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	ال	رَحْمٰنِ	ال	رَحِيْمِ
تمام	تعریفیں	لیے	اللہ	رب	تمام جہان	جو	رحم کرنے والا	جو	نہایت مہربان

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ③ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ④

مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَ	اِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
مالک	دن	بدلہ	صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور	صرف تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

بدلے کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑤ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۵

اِهْدِ	نَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ	عَلٰى	هِمْ
ہدایت دے	ہمیں	راستہ	سیدھا	راستہ	ان لوگوں کا	تو نے انعام کیا	پر	ان

ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت دے۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ⑦

غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلٰى	هِمْ	وَ	لَا	ال	ضَآلِّيْنَ
نہ	غضب کیا گیا	پر	ان	اور	نہ	جو	گمراہ ہوئے

نہ ان کا جن پر غضب کیا گیا اور نہ ان کا جو گمراہ ہوئے

مشق افعال: نَعْبُدُ (مضارع جمع متکلم، عَبَدَ يَعْبُدُ عَبْدًا) نَسْتَعِيْنُ (مضارع جمع متکلم) اِسْتَعَانَ۔ يَسْتَعِيْنُ۔ اِسْتِعَانَةً (مدد چاہنا) اِهْدِ (امر واحد حاضر) هَدٰى يَهْدِيْ۔ هِدَايَةً۔ اَنْعَمْتَ (ماضی واحد مذکر حاضر) اَنْعَمَ يُنْعِمُ اِنْعَامًا (نَعِمَ يَنْعَمُ نِعَمًا)

وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَانَشَاءُ : ''اور ہم جس کو چاہتے ہیں' ایک میعاد مقرر تک پیٹ میں ٹھہرائے رکھتے ہیں''۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ : میرے پروردگار! مجھے بخش دیجئے اور رحم فرمائیے

وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ : ''کہ آپ رحم کرنیوالوں میں سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ہیں''۔

اَلْحَمْدُ: شکر یا تعریف کرنا (آیت نمبر: 2) (حَ مِ دَ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰه :کے معنی اللہ تعالیٰ کی فضیلت کے ساتھ اس کی ثناء بیان کرنے کے ہیں۔ یہ مدح سے خاص اور شکر سے عام ہے۔

اَنَّهُ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ : ''وہ سزاوار تعریف اور بزرگ و برتر ہے''۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه : ''محمد ﷺ (جنکی ہمیشہ تعریف کی گئی اور کی جاتی رہے گی) اللہ کے پیغمبر ہیں''۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ : ''سب تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے 'جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے''۔

رَبّ: پالنہار' پروردگار (آیت نمبر: 2) (رَ بَ بَ)

رُبُوْبِيَّتْ کے اصل معنی تربیت کرنا یعنی کسی چیز کو تدریجاً نشو و نما دے کر حد کمال تک پہنچانے کے ہیں۔

اِرْجِعْ اِلٰي رَبِّكَ : ''اپنے مالک کے پاس لوٹ جا''۔

كُوْنُوْا رَبَّانِيِّيْنَ : ''تم اللہ پرست ہو کر رہو''۔

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ : ’’کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے‘‘۔

عَالَمِیْن: تمام جہان (آیت نمبر: 2) (ع ل م)

اَلْعِلْمُ کسی چیز کی حقیقت کا ادراک کرنا۔

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ : ’’تم انہیں نہیں جانتے' اللہ جانتا ہے‘‘۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْآنَ : ’’اللہ جو نہایت مہربان ہے' اس نے قرآن کی تعلیم فرمائی‘‘۔

وَعُلِّمْتُمْ مَالَمْ تَعْلَمُوْا : ’’اور تم کو وہ باتیں سکھائی گئیں جن کو تم نہ جانتے تھے‘‘۔

وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ : ’’اور ہر علم والے سے بڑھ کر علم والا موجود ہے‘‘۔

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ : ’’وہ غیب کی باتوں کا جاننے والا ہے‘‘۔

اَلْعَلَمُ : ایسا نشان جس سے کوئی شے پہچانی جاسکے۔

فَلَانٌ عَلَمٌ : ’’فلاں مشہور و معروف ہے‘‘۔

فَلَانٌ مُعَلَّمٌ لِّلْخَيْرِ : ’’فلاں خیروبرکت کا نشان ہے‘‘۔

کائنات کے ذریعے بھی چونکہ اللہ کا علم حاصل ہوتا ہے اس لئے جملہ کائنات اَلْعَالَمْ کہلاتی ہے۔ اور اَلعَالَمْ کی جمع اَلعَالَمِیْن اس لئے بناتے ہیں کہ کائنات کی ہرنوع اپنی جگہ ایک مستقل عالم کی حیثیت رکھتی ہے۔

وَاِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ : ’’اور وہ قیامت کی نشانی ہے‘‘۔

قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ : "تمام لوگوں نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کر لیا"۔

فَعَلِمُوْا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ : "انہوں نے جان لیا کہ سچ بات اللہ کی ہے"۔

قَالَ اِنِّيْ اَعْلَمُ مَا لَا : "(اللہ) نے فرمایا' میں وہ باتیں جانتا ہوں جو

تَعْلَمُوْنَ : تم نہیں جانتے"

اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ : "کیا یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ جو کچھ یہ چھپاتے اور جو کچھ

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ : ظاہر کرتے ہیں' اللہ کو سب معلوم ہے"۔

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ : "ان کو تم نہیں جانتے' اللہ جانتا ہے"۔

وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ : "اور جان رکھو کہ اللہ ڈرنے والوں کے

الْمُتَّقِيْنَ : ساتھ ہے"۔

وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا : "اور ہم نے اسے اپنے پاس سے علم بخشا تھا"۔

عَلٰي اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا : "اس شرط پر کہ جو علم آپکو سکھایا گیا ہے' آپ اس میں سے مجھے

عُلِّمْتَ رُشْدًا : کچھ بھلائی سکھائیں گے"۔

ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ : "بھلا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ"۔

مَالِكِ : آقا' حاکم (آیت نمبر3) (م ل ك)

اَلْمَلِكُ : بادشاہ۔

مِلَاكُ الْاَمْرِ : کسی چیز کا سرمایہ جس کے سہارے پر وہ قائم ہو۔ جیسے کہا جاتا ہے : اَلْقَلْبُ مِلَاكُ

اَلْجَسَد : دل پر جسم کا دارومدار ہے۔

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ : ''اسی کی سچی بادشاہی ہے اور اسی کی تعریف لامتناہی ہے''۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ : ''کہو: اے اللہ! بادشاہی کے مالک! تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے

مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ : اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے''۔

قُلْ لَّا اَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا : ''کہو: میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ اختیار نہیں رکھتا''۔

اَوَلَمْ يَنْظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ : ''کیا انہوں نے آسمان اور زمین کی بادشاہت میں نظر نہیں کی''۔

عَبْدًا مَّمْلُوْكًا : ''ایک ملکیت میں آیا ہوا غلام ہے''۔

مَا اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا : ''ہم نے اپنے اختیار سے تم سے وعدہ کے خلاف نہیں کیا''۔

وَالْمَلَكُ عَلٰي اَرْجَائِهَا : ''اور فرشتے اس کے کناروں پر اتر آئیں گے''۔

يَوْمٌ : دن (آیت نمبر: 4) (ي و م)

اَلْيَوْمُ (دن) یہ طلوع آفتاب پر بولا جاتا ہے۔

خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ : "اس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا"۔

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيَّامِ اللّٰهِ ـ : "اور ان کو اللہ کے دن یاد دلا"۔

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ـ : "انصاف کے دن کا مالک"۔

الدِّيْن : جزا (آیت نمبر: 4) (د ي ن)

الدِّيْن : کے معنی اطاعت اور جزا کے ہیں۔

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ : "دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہے"۔

وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ : "اور نہ دین حق کو قبول کرتے ہیں"۔

فَلَوْلَا اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ : "اگر تم سمجھتے ہو کہ تمہیں تمہارے اعمال کی جزا نہیں دی جائے گی"۔

دَيْنٌ : قرض۔

اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰي اَجَلٍ مُّسَمًّي : "جب تم آپس میں کسی میعاد معین کے لئے قرض کا معاملہ کرنے لگو"۔

نَعْبُدُ : ہم تیری عبادت کرتے ہیں (آیت نمبر: 5) (ع ب د)

اَلْعبُوْدِيَّة کے معنی ہیں کسی کے سامنے ذلت اور انکساری ظاہر کرنا مگر العبادۃ کا لفظ انتہائی درجہ کی ذلت اور انکساری ظاہر کرنے پر بولا جاتا ہے۔

اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ	:	"کہ اسکے سوا کسی کی عبادت نہ کرو"۔
اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ	:	"اپنے پروردگار کی عبادت کرو"۔
وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ	:	"اور غلام کے بدلے غلام"۔
فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا	:	"وہاں انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ دیکھا"۔
وَمَا اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ	:	"اور میں بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں"۔
وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا : "اور تمہارے پروردگار کی بات سچائی اور انصاف میں پوری ہے"۔

لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ : "اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں"۔

يُرِيدُونَ أَنْ يُّبَدِّلُوا كَلَامَ اللّٰهِ : "یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے کلام کو بدل دیں"۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا : "اور کسی آدمی کے لئے ممکن نہیں ہے کہ اللہ اس سے بات کرے مگر الہام کے ذریعہ سے"۔

فَتَابَ :(آیت نمبر 37) (ت وَ بَ)

اَلتَّوْبُ کے معنی گناہ کو باحسن وجوہ ترک کرنے کے ہیں"۔

وَتُوبُوا إِلَى اللّٰهِ جَمِيعًا : "سب اللہ کے آگے توبہ کرو"۔

تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ : "اللہ نے اس کی توبہ قبول کی"۔

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا : "پھر خدا نے ان پر مہربانی کی تاکہ وہ توبہ کریں"۔

اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ	:	”بیشک وہ بار بار توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے“۔
وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ یَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مَتَابًا	:	”جو شخص توبہ کرے اور نیک عمل کرے وہ تو حقیقتاً اللہ کی طرف سچا رجوع کرتا ہے“۔

تَبِعَ :(آیت نمبر 38) (ت بِ عَ)

تَبِعَهٗ وَ اتَّبَعَهٗ کے معنی کسی کے نقش قدم پر چلنا ہیں۔

وَ اتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ	:	”اور تمہارے پیرو تو ذلیل لوگ ہوتے ہیں“۔
وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّیْطٰنِ	:	”اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو“۔
ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا	:	پھر وہ سفر کے سامان میں لگا“۔

خَوْفٌ :(آیت نمبر 38) (خَ وَ فَ)

اَلْخَوْفُ کے معنی ہیں قرائن و شواہد سے کسی آنے والے خطرہ کا اندیشہ کرنا۔

وَکَیْفَ اَخَافُ مَا اَشْرَکْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّکُمْ اَشْرَکْتُمْ بِاللّٰهِ	:	”بھلا میں ان چیزوں سے جن کو تم (اللہ کا) شریک بناتے ہو کیونکر ڈروں جب کہ تم اس سے نہیں ڈرتے کہ اللہ کے ساتھ شریک بناتے ہو“۔

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا

فَ	لَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُونَ	وَالَّذِينَ	كَفَرُوا
سو	نہ	خوف	اُن پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	اور جن لوگوں نے	کفر کیا

سو نہ ان پر کوئی خوف ہوگا ۔ نہ وہ غمگین ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۳۹﴾

وَ	كَذَّبُوا	بِآيَاتِنَا	أُولَٰئِكَ	أَصْحٰبُ	النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خٰلِدُونَ
اور	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	وہی	ساتھی	آگ	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ۔ وہی آگ کے ساتھی (جہنمی) ہیں ۔ وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ

يَا	بَنِي	إِسْرَآءِيلَ	اذْكُرُوا	نِعْمَتِيَ	الَّتِي	أَنْعَمْتُ	عَلَى	كُمْ
اے	اولاد	یعقوب	تم یاد کرو	میری منت	وہ جو کہ	میں نے بخشی	پر	تم

اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب) میری نعمت کو یاد کرو جو میں نے تمھیں بخشی

وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿۴۰﴾

وَ	أَوْفُوا	بِعَهْدِي	أُوفِ	بِعَهْدِ	كُمْ	وَ	إِيَّايَ	فَارْهَبُونِ
اور	پورا کرو	میرا وعدہ	میں پورا کرونگا	وعدہ	تمہارا	اور	مجھ ہی سے	تم ڈرو

اور میرا وعدہ پورا کرو ۔ میں تمہارا وعدہ پورا کروں گا ۔ اور مجھ ہی سے ڈرو

مشقِ افعال

يَحْزَنُونَ (جمع مذکر غائب۔ مضارع) حَزِنَ ۔ يَحْزَنُ ۔ حُزْنًا   اُذْكُرُوا (جمع مذکر حاضر۔ امر) ذَكَرَ
ماضی يَذْكُرُ مضارع۔ ذِكْرًا (مصدر)   اَوْفُوا (جمع مذکر حاضر۔ امر) اُوْفِ (واحد متکلم۔ مضارع)
اَوْفٰى ۔ يُوْفِي ۔ اِيْفَاءً (وَفٰى يَفِي وَفَاءً) مزید الفاتحہ آیت، اِرْهَبُوا (جمع مذکر حاضر۔ امر) رَهِبَ ماضی۔ يَرْهَبُ رَهْبَةً

تَتَجَافٰي جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا : "ان کے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں (اور) وہ اپنے پروردگار کو خوف اور امید سے پکارتے ہیں"۔

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا : "اور اگر تم کو اس بات کا خوف ہو کہ انصاف نہ کر سکو گے"۔

ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ : "(یہ عذاب ہیں) جن سے اللہ اپنے بندوں کو ڈرا رہا ہے"۔

وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآئِيْ : "اور میں اپنے بعد اپنے بھائی بندوں سے ڈرتا ہوں"۔

تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ : "(اور کیا) تم ان سے اس طرح ڈرتے ہو جس طرح اپنوں سے ڈرتے ہو؟"۔

يَحْزَنُوْنَ : (آیت نمبر: 38) (ح زِ نَ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ : "اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کیا"۔

وَلَا تَحْزَنُوْا : "اور تم کسی طرح کا غم نہ کرو"۔

لَا تَحْزَنْ : "تو غم نہ کر"۔

بِاٰيَاتِنَا : (آیت نمبر: 39) (ا ي ة)

اَلْاٰيَةُ : اس کی جمع آیات ہے۔ اس کے معنی علامت ظاہرہ یعنی واضح علامت کے ہیں۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ آيَتٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ : "اور آسمان و زمین میں کتنی ہی نشانیاں موجود ہیں"۔

تِلْكَ آيَاتُ اللّٰهِ : "یہ اللہ کی آیتیں ہیں"۔

اَصْحَابٌ : (آیت نمبر: 39) (ص ح ب)

اَلصَّاحِبُ کے معنی ہیں ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔

اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ : "جس وقت پیغمبر اپنے رفیق کو (تسلی دیتے ہوئے) کہہ رہے تھے کہ غم نہ کرو"۔

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ : "تو اس کا دوست جو اس سے گفتگو کر رہا تھا، اس سے کہنے لگا"۔

وَاَصْحَابِ مَدْيَنَ : "اور مدین کے رہنے والے بھی"۔

وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ : "اور مچھلی کا لقمہ ہونے والے (یونس علیہ السلام) کی طرح نہ ہونا"۔

مَا بِصَاحِبِكُمْ مِنْ جِنَّةٍ : "تمہارے رفیق کو کوئی دیوانگی نہیں"۔

وَلَا هُمْ مِنَّا يُصْحَبُوْنَ : "اور نہ ہماری طرف سے انہیں رفاقت مہیا کی جائے گی"۔

اُذْكُرُوْا: (آیت نمبر: 40) (ذ ك ر)

اَلذِّكْرُ : یہ کبھی تو اس ہیئت نفسانیہ پر بولا جاتا ہے جس کے ذریعہ سے انسان اپنے علم کو محفوظ رکھتا ہے۔ اور کبھی "ذکر" کا لفظ دل یا زبان پر کسی چیز کے حاضر ہونے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

اَلذِّكْرٰي : کثرت سے ذکر الہٰی کرنا۔ اس میں "اَلذِّكْر" سے زیادہ مبالغہ ہے۔

اَلذَّكَرُ : انثیٰ (مادہ) کی ضد ہے۔

وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰي : "نر مادہ کی طرح نہیں ہوتا"۔

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ اَنْزَلْنٰهُ : "اور یہ مبارک نصیحت ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے"۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآئَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا : "تو (منیٰ میں) اللہ کو یاد کرو، جس طرح اپنے باپ دادا کو یاد کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ"۔

وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ : "اور اللہ کا ذکر بڑا (اچھا کام) ہے"۔

وَذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰي تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ : "اور نصیحت کرتے رہو کہ نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے"۔

كَلَّا اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ : "دیکھو یہ (قرآن) نصیحت ہے"۔

فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ : "سو تم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد کروں گا"۔

اَوْفُوْا: (آیت نمبر: 40) (وَ فَ يَ)

اَلْوَفِيُّ: مکمل اور پوری چیز کو کہتے ہیں۔

اَوْفَيْتُ الْكَيْلَ وَالْوَزْنَ میں نے ناپ تول کر پورا پورا دیا۔

وَفِي بِعَهْدِهِ (ص) وَفَاءً : اس نے عہد وپیمان پورا کر دیا

وَاَوْفِي

وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ : "اور جب کوئی چیز ناپ کر دینے لگو تو پیمانہ پورا بھرا کرو"۔

اَوْفُوْا بِعَهْدِيْ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ : "اور اس اقرار کو پورا کرو جو تم نے مجھ سے کیا تھا میں وہ پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا تھا"

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عَاهَدُوْا : "اور جب عہد کر لیتے ہیں تو اسے پورا کرتے ہیں"۔

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ : "یہ لوگ نذریں پوری کرتے ہیں"۔

وَاِبْرَاهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰي : "اور ابراہیم جنہوں نے (حق طاعت ورسالت) پورا کیا"۔

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ : "اور ہر شخص اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ پائے گا"۔

ثُمَّ تُوَفّٰي كُلُّ نَفْسٍ : "اور ہر شخص اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ پائے گا"۔

فَوَفّٰاهُ حِسَابَهُ : "تو اس سے اس کا حساب پورا پورا چکا دے"۔

اَللّٰهُ يَتَوَفَّي الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا	: "اللہ لوگوں کے مرنے کے وقت ان کی روحیں قبض کر لیتا ہے"۔
وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ	: "اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اٹھا"۔
يٰعِيْسٰي اِنِّي مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ	: "عیسیٰ! میں تمہاری دنیا میں رہنے کی مدت پوری کر کے تم کو اپنی طرف اٹھا لوں گا"۔

وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ

مَعَكُمْ	لِمَا	مُصَدِّقًا	اَنْزَلْتُ	بِمَا	اٰمِنُوْا	وَ
تمہارے پاس	اُس کی	تصدیق کرنے والا	میں نے نازل کیا	اس پر جو	تم ایمان لے آؤ	اور

اور تم اس (کلام) پر ایمان لے آؤ جو میں نے نازل کیا۔ تصدیق کرنے والا اس کی جو تمہارے پاس ہے

وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ

اٰيٰتِىْ	بِ	لَا تَشْتَرُوْا	وَ	بِهٖ	كَافِر	اَوَّلَ	تَكُوْنُوْا	وَلَا
میری آیتیں	عوض	نہ خریدو	اور	اس کے	منکر	پہلے	ہوجاؤ	اور نہ

اور تم سب سے پہلے اس کے منکر نہ ہوجاؤ اور میری آیتوں کے عوض نہ لو

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ

ثَمَنًا	قَلِيْلًا	وَاِيَّاىَ	فَاتَّقُوْنِ	وَلَا	تَلْبِسُوْا	الْحَقَّ
دام	تھوڑا	اور مجھ ہی سے	ڈرتے رہو	اور نہ	ملاؤ	حق

تھوڑے دام اور مجھ ہی سے ڈرتے رہو۔ اور تم حق کو نہ ملاؤ

بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

الصَّلٰوةَ	وَاَقِيْمُوْا	تَعْلَمُوْنَ	وَاَنْتُمْ	الْحَقَّ	وَتَكْتُمُوْا	الْبَاطِلِ	بِ
نماز	اور تم قائم کرو	جانتے ہو	حالانکہ تم	حق	اور (نہ) چھپاؤ	باطل	سے

باطل سے۔ اور تم حق کو نہ چھپاؤ۔ حالانکہ تم جانتے ہو۔ اور تم نماز قائم کرو

مشتق افعال

اَنْزَلْتُ (واحد متکلم ماضی) اَنْزَلَ۔ يُنْزِلُ۔ اِنْزَالًا — لَا تَكُوْنُوْا (جمع مذکر حاضر نہی) کَانَ ماضی

يَكُوْنُ مضارع (۳۳) — لَا تَشْتَرُوْا (جمع مذکر حاضر نہی) اِشْتَرٰى۔ يَشْتَرِىْ۔ اِشْتِرَاءً (۱۶)

لَا تَلْبِسُوْا (جمع مذکر حاضر نہی) لَبَسَ۔ يَلْبِسُ۔ لَبْسًا — اِتَّقُوْا (واحد مذکر امر) اِتَّقٰى۔ يَتَّقِىْ۔ اِتِّقَاءً (۲۱)

قَلِيْلًا (آیت نمبر 41) (ق ل ل)

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا : ”ہم ان کو تھوڑا سا فائدہ پہنچائیں گے“۔

قَلِيْلًا : مصدر محذوف کی صفت ہے۔

وَيُقَلِّلُكُمْ فِيْ اَعْيُنِهِمْ : ”اور تمہیں کافروں کی نظریں میں تھوڑا کر کے دکھاتا ہے“۔

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ : ”اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں“۔

اَلزَّكٰوةُ : (آیت نمبر:43) (ز ک و)

اَلزَّكٰوةُ : اس نمو (افزونی) کو کہتے ہیں جو برکت الہیہ سے حاصل ہو۔

اَيُّهَا اَزْكٰي طَعَامًا : ”کونسا کھانا زیادہ صاف ستھرا ہے“۔

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ : ”نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرتے ہو“۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا : ”جس نے اپنی روح کو پاک کیا، وہ ضرور اپنی مراد کو پہنچا“۔

بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاءُ : ”بلکہ اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے“۔

لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا : ”تاکہ میں تجھے ایک پاکیزہ لڑکا بخشوں“۔

لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ : ”اپنے آپ کو پاک نہ ٹھہراؤ“۔

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

وَ	اٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَ ارْكَعُوْا	مَعَ	الرّٰكِعِيْنَ	اَ	تَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ
اور	ادا کرو	زکوٰۃ	اور جھکو	ساتھ	جھکنے والے	کیا	تم حکم دیتے ہو	لوگ

اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اور جھکو جھکنے والوں کے ساتھ۔ کیا تم لوگوں کو حکم دیتے ہو

بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ

بِالْبِرِّ	وَتَنْسَوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَاَنْتُمْ	تَتْلُوْنَ	الْكِتٰبَ
نیکی کا	اور تم بھول جاتے ہو	اپنے نفسوں کو	اور تم	پڑھتے ہو	کتاب

نیکی کا؟ اور اپنے نفسوں کو بھول جاتے ہو اور تم کتاب پڑھتے ہو

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

اَ	فَ	لَا	تَعْقِلُوْنَ	وَ	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَ	الصَّلٰوةِ
کیا	پھر	نہیں	تم سمجھتے	اور	تم مدد حاصل کرو	صبر سے	اور	نماز

پھر کیا تم نہیں سمجھتے؟ اور تم صبر اور نماز سے مدد حاصل کرو

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ

وَ	اِنَّهَا	لَكَبِيْرَةٌ	اِلَّا	عَلَى	الْخٰشِعِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَظُنُّوْنَ
اور	وہ ہے	بڑی (دشوار)	مگر	پر	عاجزی کرنے والے	وہ جو	خیال کرتے ہیں

اور وہ بڑی دشوار ہے۔ مگر عاجزی کرنے والوں پر (نہیں) جو خیال کرتے ہیں

مشتق افعال

تَاْمُرُوْنَ (جمع مذکر حاضر مضارع) اَمَرَ۔ یَاْمُرُ۔ اَمْرًا

اِرْکَعُوْا (جمع مذکر حاضر امر) رَکَعَ۔ یَرْکَعُ۔ رُکُوْعًا

یَظُنُّوْنَ (جمع مذکر غائب مضارع) ظَنَّ۔ یَظُنُّ۔ ظَنًّا

تَتْلُوْنَ (جمع مذکر حاضر) تَلَا ماضی۔ یَتْلُوْا مضارع۔ تِلَاوَۃً

تَنْسَوْنَ (جمع مذکر حاضر مضارع) نَسِیَ۔ یَنْسٰی۔ نِسْیَانًا

تَنْسَوْنَ : (آیت نمبر: ۴۴) (نَ سِ يَ)

اَلنِّسْيَانُ : یہ نَسِيَ يَنْسَى کا مصدر ہے اور اس کے معنی کسی چیز کو ضبط میں نہ رکھنے کے ہیں"۔

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ : "سو اب (آگ کے مزے) چکھواس لئے کہ تم نے اس دن کی ملاقات کو بھلا رکھا تھا"۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰي : "ہم تمہیں پڑھائیں گے کہ تم فراموش نہ کرو گے"۔

نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ : "انہوں نے خدا کو بھلایا تو خدا نے بھی ان کو بھلا دیا"۔

وَلَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوْا اللّٰهَ فَاَنْسَاهُمْ اَنْفُسَهُمْ : "اوران لوگوں کی طرح نہ ہوناجنہوں نے خداکوبھلا دیا توخدانے انہیں ایساکر دیا کہ خود اپنے آپ کوبھول گئے"۔

وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا : "اور میں بھولی بسری ہوگئی ہوتی"۔

مَانَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْنُنْسِهَا : "ہم جس آیت کو منسوخ کر دیتے ہیں یا فراموش کر دیتے ہیں"۔

تَتْلُوْنَ : تم تلاوت کرتے ہو (آیت نمبر:44) (ت لَ وَ)

اَلتِّلَاوَۃُ :کسی کے پیچھے چلنا۔ کہیں تو یہ جسمانی طور پر ہوتا ہے کہیں کسی کتاب کی قرات (پڑھنے) اور اس کے معانی سمجھنے کے لئے غور و فکر کرنے کی صورت میں اور کہیں اس کے اوامر و نواہی (احکام)' ترغیب و ترہیب اورجو کچھ ان سے سمجھا جا سکتا ہے' کی اِتباع اورپیروی کی صورت میں ہوتا ہے۔

یَتْلُوْنَ آیَاتِ اللّٰہِ	:	" وہ آیات الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں"۔
وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْھِمْ آیَاتُہُ زَادَتْھُمْ اِیْمَانًا	:	"اور جب انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کے ایمان میں اضافہ کرتی ہیں"۔
وَاتْلُ مَا اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ کِتَابِ رَبِّکَ	:	"اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمھارے پاس وحی کی جاتی ہے' پڑھتے رہا کرو"۔
یَتْلُوْنَہُ حَقَّ تِلَاوَتِہِ	:	"وہ اس کو (ایسا) پڑھتے ہیں جیسا کہ اس کے پڑھنے کا حق ہے"۔ (کہ وہ اسے پڑھ کر سمجھتے اور اس پر عمل کرتے ہیں)۔

تَعْقِلُوْنَ : تم عقل رکھتے ہو (آیت نمبر: 44) (عَ قَ لَ)

اَلْعَقْلُ : اس قوت کو کہتے ہیں جو قبول علم کے لئے تیار رہتی ہے۔

اَلْعَقْلُ : کے معنی روکنا اور منع کرنا ہیں۔

وَمَایَعْقِلُھَا اِلَّا الْعَالِمُوْنَ	"اور اسے تو اہل دانش ہی سمجھتے ہیں"۔

بِالصَّبْرِ (آیت نمبر: 45) (ص ب ر)

اَلصَّبْرُ : کے معنی ہیں کسی کو تنگی کی حالت میں روک رکھنا۔

وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصَّابِرَاتِ : ''صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں''۔

فَمَا اَصْبَرَهُمْ عَلَي النَّارِ : ''یہ آتش جہنم کو کیسے برداشت کرنے والے ہیں''۔

اِصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا : ''ثابت قدم رہو اور ایک دوسرے کو تھامے رکھو''۔

وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِه : ''اور اس کی عبادت پر ثابت قدم رہ''۔

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ : ''اچھا صبر (کہ وہی) خوب ہے''۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ : ''تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو''۔

يَظُنُّوْنَ : (آیت نمبر: 46) (ظ ن ن)

يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلَاقُوا اللّٰهِ : ''جو لوگ یقین رکھتے ہیں کہ انکو خدا کے روبرو حاضر ہونا ہے''۔

وَظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ : ''اور اس (جان بلب) نے سمجھا کہ اب سب سے جدائی ہے''۔

ذَالِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ : ''اور اسی خیال نے جو تم رکھتے تھے''۔

الظَّانِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ : ''جو خدا کے حق میں برے برے خیال رکھتے ہیں''۔

فَضَّلْتُكُمْ : (آیت نمبر: 47) (ف ض ل)

اَلْفَضْلُ : کے معنی کسی چیز کا درمیانی اور متوسط درجہ سے زیادہ ہونا اور اسکی دو قسمیں ہیں۔

أَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾

أَنَّ	هُمْ	مُلٰقُوْا	رَبِّهِمْ	وَأَنَّ	هُمْ	إِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ
کہ	وہ	روبرو ہونے والے	اپنا رب	اور یہ کہ	وہ	اس کی طرف	لوٹنے والے

کہ وہ اپنے رب کے روبرو ہونے والے ہیں - اور یہ کہ وہ اس کی طرف لوٹنے والے ہیں

يٰبَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ

يَآ	بَنِيْ	إِسْرَاءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ	الَّتِيْ	أَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ
اے	اولاد	یعقوب	تم یاد کرو	میری نعمت	جو کہ	میں نے بخشی	تم پر

اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب) میری نعمت یاد کرو جو میں نے تمہیں بخشی

وَأَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا

وَ	أَنِّيْ	فَضَّلْتُ	كُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَ اتَّقُوْا	يَوْمًا
اور	یہ کہ میں نے	فضیلت دی	تمہیں	پر	تمام عالم	اور تم ڈرو	وہ دن

اور یہ کہ میں نے تمہیں تمام عالم پر فضیلت دی - اور اس دن سے ڈرو

لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

لَا	تَجْزِيْ	نَفْسٌ	عَنْ	نَفْسٍ	شَيْئًا	وَ لَا يُقْبَلُ	مِنْهَا
نہ	بدلہ بنے گا	کوئی شخص	سے	کسی شخص	کچھ	اور نہ قبول کی جائے گی	اس سے

(جس دن) کوئی شخص کسی شخص کا کچھ بدلہ نہ بنے گا اور نہ اس سے قبول کی جائے گی

مشق افعال

فَضَّلْتُ (واحد متکلم ماضی) فَضَّلَ - يُفَضِّلُ

تَفْضِيْلًا (فَضَلَ يَفْضُلُ فَضْلًا) لَا تَجْزِيْ (واحد مونث نہی) جَزَى - يَجْزِيْ جَزَاءً

لَا يُقْبَلُ (واحد مذکر غائب - مضارع مجہول) قَبِلَ - يَقْبَلُ - إِقْبَالًا (قَبِلَ يَقْبَلُ قَبُوْلًا)

(۱) محمود: جیسے علم وحلم وغیرہ کی زیادتی (۲) مذموم: جیسے غصہ کا حدت بڑھ جانا لیکن عام طور پر الفضل اچھی باتوں پر بولا جاتا ہے اور الفضول بری باتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَي الْقَاعِدِيْنَ : ”خدا نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر کہیں زیادہ فضیلت بخشی ہے“۔

وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِه : ”اور خدا سے اس کا فضل (وکرم) مانگتے رہو“۔

تَجْزِي : (آیت نمبر: 47)(جَ زَ يَ)

لَايَجْزِيْ وَالِدٌعَنْ وَّلَدِه وَلَامَوْلُوْدٌ هُوَجَازٍ عَنْ وَّالِدِه شَيْئًا : ”نہ تو باپ اپنے بیٹے کے کچھ کام آئے گا اور نہ بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آسکے گا“۔

وَذٰلِكَ جَزَاءُ مَنْ تَزَكّٰي : ”اور یہ اس شخص کا بدلہ ہے جو پاک ہوا“۔

وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍبِمِثْلِهَا : ”اور برائی کا بدلہ تو اسی طرح کی برائی ہے“۔

قَبْلُ :(آیت نمبر: 48) (قَ بَ لَ)

قَبْلُ : پہلے

اِقْبَالٌ : کے معنی بھی کسی کے روبرو اور اس کی طرف متوجہ ہونے کے ہیں۔

قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ : ”اس سے پہلے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں“۔

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ : ”ان کو پہلے سے کتاب دی گئی تھی“۔

وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ : ”اور وہ ان کی طرف متوجہ ہوئے“۔

شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾

شَفَاعَةٌ	وَ	لَا	يُؤْخَذُ	مِنْهَا	عَدْلٌ	وَلَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ
کوئی سفارش	اور	نہ	لیا جائے گا	اس سے	کوئی معاوضہ	اور نہ	ان	مدد کی جائے گی

کوئی سفارش۔ اور نہ اس سے کوئی معاوضہ لیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

وَ	اِذْ	نَجَّيْنٰكُمْ	مِنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ
اور	جب	ہمنے تمہیں رہائی دی	سے	آل فرعون	تمہیں دکھ دیتے تھے	سخت	عذاب

اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہیں آل فرعون سے رہائی دی وہ تمہیں سخت عذاب سے دکھ دیتے تھے

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ وَفِيْ ذٰلِكُمْ

يُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَ	كُمْ	وَ	يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ فِيْ	ذٰلِكُمْ
ذبح کرتے تھے	بیٹے	تمہارے	اور	زندہ چھوڑ دیتے تھے	تمہاری عورتیں	اور میں	اس

تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں

بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ

بَلَآءٌ	مِنْ	رَبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَ	اِذْ	فَرَقْنَا	بِكُمْ	الْبَحْرَ
آزمائش	سے	رب تمہارا	بڑی	اور	جب	ہم نے پھاڑ دیا	تمہارے لیے	دریا

تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور جب ہم نے تمہارے لیے دریا کو پھاڑ دیا

مشتق افعال

يُؤْخَذُ (واحد مذکر غائب مضارع مجہول) اَخَذَ۔ يَاْخُذُ۔ اَخْذًا
يُنْصَرُوْنَ (جمع مذکر غائب مضارع مجہول) نَصَرَ۔ يَنْصُرُ۔ نَصْرًا
نَجَّيْنَا (جمع متکلم مضارع) نَجّٰى۔ يُنَجِّيْ۔ تَنْجِيَةً (نجی ینجو نجاۃً)
يُذَبِّحُوْنَ (جمع مذکر غائب مضارع) ذَبَّحَ۔ يُذَبِّحُ۔ تَذْبِيْحًا
فَرَقْنَا (جمع متکلم ماضی) فَرَقَ۔ يَفْرُقُ۔ فَرْقًا

يَسُوْمُوْنَ (جمع مذکر غائب مضارع) سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ	: "ابراہیم ﷤ کی بیوی چلاتی ہوئی آئیں"۔
وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ	: "اور نہ اس سے بدلہ قبول کیا جائے گا"۔
وَقَابِلِ التَّوْبِ	: "اور توبہ قبول کرنے والا"۔
وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ	: "اور وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے"۔
اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ	: "اللہ پرہیز گاروں ہی سے (نیاز) قبول فرمایا کرتا ہے"۔

يُؤْخَذُ (آیت نمبر: 48) (اَ خَ ذَ)

اَلْاَخْذُ : کے معنی ہیں کسی چیز کو حاصل کرلینا' جمع کرلینا اور احاطہ میں لے لینا اور یہ حصول کبھی کسی چیز کو پکڑ لینے کی صورت میں ہوتا ہے۔

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ	: "نہ اس پر اونگھ غالب آسکتی اور نہ ہی نیند"۔
وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ	: "اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا ان کو چنگھاڑ (کی صورت میں عذاب نے) آپکڑا"۔
وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰي وَهِيَ ظَالِمَةٌ	: "اور تمہارا پروردگارجب ظالم بستیوں کو پکڑا کرتا ہے تو اس کی پکڑ اسی طرح ہوتی ہے"۔
لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰي اَوْلِيَاءَ	: "تم یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ"۔

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا : ”تم ان کا مذاق اڑاتے رہے“۔

يُنْصَرُوْنَ : (آیت نمبر: 48) (نَ صَ رَ)

اَلنَّصْرُ وَالنُّصْرَةُ : کے معنی کسی کی مدد کرنے کے ہیں۔

اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰه : ”جب اللہ کی مدد آپہنچی“۔

وَانْصُرُوْا آلِهَتَكُمْ : ”اور اپنے معبودوں کی مدد کرو“۔

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا : ”ہم یقیناً اپنے پیغمبروں کی مدد کرتے ہیں“۔

اِنْ تَنْصُرُوْا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ : ”اگر تم خدا کی مدد کروگے تو وہ بھی تمہاری مدد کرے گا“۔

كُوْنُوْا اَنْصَارَ اللّٰه : ”تم خدا کے مددگار بن جاؤ“۔

اَلْاِنْتِصَارُ وَالْاِسْتِنْصَارُ : کے معنی طلب نصرت کے ہیں۔

وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ : ”اور جس پر ظلم ہوا ہو وہ اگر اس کے بعد انتقام لے“۔

مَالَكُمْ لَاتَنَاصَرُوْنَ : ”تم کو کیا ہوا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے“؟

نَجَّيْنَاكُمْ : (آیت نمبر: 49) (نَ جَ وَ)

اَلنَّجَاءُ وَالنَّجَاةُ : نجات دینا۔

فَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا : ”اور جو لوگ ایمان لائے ان کو ہم نے نجات دی“۔

اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ : ”ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچا لیں گے“۔

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا : ”اور ہم اپنے پیغمبروں کو نجات دیتے رہے ہیں“۔

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ : ”تو آج ہم تیرے بدن کو نجات دے دیں گے“۔

وَاِذْهُمْ نَجْوٰي : ”اور جب یہ سرگوشیاں کرتے ہیں“۔

وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا : ”اور ہم نے باتیں کرنے کے لئے اسے نزدیک بلایا“۔

سُوْءٌ (آیت نمبر 49) (س و ء)

اَلسُّوْءُ : ہر وہ چیز جو انسان کو غم میں مبتلا کر دے۔

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَائُوْا السُّوْئِي : "پھر جن لوگوں نے برائی کی ان کا انجام بھی برا ہوا"۔

بَلٰي مَن كَسَبَ سَيِّئَةً : "ہاں جو برے کام کرے"۔

اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ : "نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں"۔

ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ : "پھر ہم نے تکلیف کو آسودگی سے بدل دیا"۔

سِيْئَتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا : "کافروں کے منہ برے ہو جائیں گے"۔

زُيِّنَ لَهُمْ سُوْءُ اَعْمَالِهِمْ : "ان کے برے اعمال ان کو بھلے دکھائی دیتے ہیں"۔

عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ : "انہیں پر بری مصیبت واقع ہو"۔

وَسَائَتْ مَصِيْرًا : "اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے"۔

بَلَاءٌ (آیت نمبر: 49) (ب ل و)

بَلِيَ الثَّوْبُ يَبْلٰي وَبَلَاءٌ کے معنی کپڑے کا بوسیدہ اور پرانا ہونا ہیں۔

وَفِي ذَالِكُمْ بَلَاءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ : "اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی (سخت) آزمائش تھی"۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْف	: "اور ہم کسی قدر خوف سے ضرور تمھاری آزمائش کریں گے"۔
وَاِذِابْتَلٰي اِبْرَاهِيْمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَاَتَمَّهُنَّ	: "اور جب پروردگار نے چند باتوں میں ابراہیم کی آزمائش کی تو وہ ان میں پورے اترے"۔

فَرَقْنَا (آیت نمبر 50) (ف رَ ق)

اَلْفَرْقُ : الگ ہونے والا ٹکڑا۔ اسی سے فِرْقَةٌ ہے جس کے معنی لوگوں کا گروہ یا جماعت ہیں۔"

فَرِيْقٌ : اس جماعت کو کہتے ہیں جو دوسروں سے الگ ہو۔

وَاِذْفَرَقْنَابِكُمُ الْبَحْرَ	: "اور جب ہم نے تمھارے لئے دریا کو پھاڑ دیا"۔
فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ	: "تو دریا پھٹ گیا اور ہر ایک ٹکڑا یوں ہو گیا (کہ) گویا بڑا پہاڑ ہے"۔
وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًايَّلْوُوْنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتَابِ	: "اور اہل کتاب میں بعض ایسے ہیں کہ کتاب (تورات) کو (پڑھتے ہوئے) اپنی زبان کو مروڑتے ہیں"۔
فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ	: "ایک جماعت کو تم جھٹلاتے اور ایک جماعت کو قتل کر دیتے ہو"۔
فَالْفَارِقٰتِ فَرْقًا	: "(حق و باطل کے درمیان) فرق کرنے والے (فرشتوں کی) قسم"۔

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيمٍ : ”اسی رات میں تمام حکمت کے کام فیصل کئے جاتے ہیں“۔

اِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ : ”جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کیا“۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا : ”مومنو! اگر تم خدا سے ڈرو گے تو وہ تمھارے لئے قوتِ فیصلہ فراہم کر دے گا“۔

تَنْظُرُوْنَ (آیت نمبر: 50) (نَ ظَ رَ)

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ : ”تب اس نے ستاروں کی طرف دیکھا اور کہا: میں تو بیمار ہوں“۔

فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ : ”پس تم بھی انتظار کرو، میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرتا ہوں“۔

انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ : ”ہمیں موقع دیں کہ ہم بھی تمھارے نور سے روشنی حاصل کریں“۔

قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ : ”اس نے کہا کہ مجھے اس دن تک مہلت عطا فرما جب لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے۔ فرمایا: (اچھا) تجھے مہلت ہے“۔

رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ : ”اے میرے پروردگار مجھے جلوہ دکھا کہ میں تیرا دیدار کروں“۔

فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٠﴾

فَ	اَنْجَيْنَا	كُمْ	وَ	اَغْرَقْنَا	اٰلَ فِرْعَوْنَ	وَاَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ
پھر	ہم نے رہائی دی	تمھیں	اور	ہم نے ڈبو دیا	آل فرعون	اور تم	دیکھ رہے تھے

پھر ہم نے تمھیں رہائی دی اور آل فرعون کو ڈبو دیا۔ اور تم دیکھ رہے تھے

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ

وَاِذْ	وٰعَدْنَا	مُوْسٰى	اَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً	ثُمَّ	اتَّخَذْتُمُ	الْعِجْلَ
اور جب	ہم نے وعدہ کیا	موسٰی	چالیس	رات	پھر	تم نے بنا لیا	بچھڑا

اور جب ہم نے موسٰی سے چالیس رات کا وعدہ لیا۔ پھر تم نے بچھڑا بنا لیا

مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

مِنْ بَعْدِهٖ	وَاَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ	ثُمَّ	عَفَوْنَا	عَنْكُمْ	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ
اس کے بعد	اور تم	ظالم (جمع)	پھر	ہم نے معاف کیا	تمھیں	بعد	اس

اس کے بعد۔ اور تم ظالم ہوئے۔ پھر ہم نے تمھیں اس کے بعد معاف کر دیا

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى

لَعَلَّ	كُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَ	اِذْ	اٰتَيْنَا	مُوْسٰى
تاکہ	تم	احسان مانو	اور	جب	ہم نے دی	موسٰی

تاکہ تم احسان مانو۔ اور جب ہم نے دی موسٰی کو

مشق افعال

اَغْرَقْنَا (جمع متکلم ماضی) اَغْرَقَ۔ يُغْرِقُ۔ اِغْرَاقًا (غرق۔ غرق ہونا) تَنْظُرُوْنَ (جمع مذکر حاضر مضارع) نَظَرَ۔ يَنْظُرُ۔ نَظْرًا

اِتَّخَذْتُمْ (جمع مذکر حاضر ماضی) اِتَّخَذَ۔ يَتَّخِذُ۔ اِتِّخَاذًا (اَخَذَ يَاْخُذُ اَخْذًا)

عَفَوْنَا (جمع متکلم ماضی) عَفَا۔ يَعْفُوْ۔ عَفْوًا تَشْكُرُوْنَ (جمع مذکر حاضر مضارع) شَكَرَ۔ يَشْكُرُ۔ شُكْرًا

اَنْجَيْنَا (۴۹) اٰتَيْنَا (۲۳) وٰعَدْنَا (جمع متکلم ماضی) وَاعَدَ يُوَاعِدُ

وَاعَدْنَا (آیت نمبر: 51) (و ع د)

اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ : "یقیناً جو وعدہ اللہ نے تم سے کیا تھا، وہ تو سچا تھا"۔

اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ : "ان کے عذاب کے وعدے کا وقت صبح ہے"۔

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ : "شیطان تمہیں تنگدستی کا خوف دلاتا ہے"۔

اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ : "کچھ شک نہیں کہ جو وعدہ تم سے کیا جاتا ہے، وہ آنے ہی والا ہے"۔

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ : "(موسیٰؑ نے) کہا کہ تمہارے لئے جشن کے دن کا وعدہ ہے"۔

قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ : "کہہ دو کہ تمہارے لئے ایک دن مقرر ہے"۔

فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ : "پس جو ہمارے عذاب کی وعید سے ڈرے، اس کو قرآن سے نصیحت کرتے رہو"۔

عَفَوْنَا : (آیت نمبر: 52) (ع ف و)

عَفَوْتُ عَنْهُ : میں نے اس سے درگزر کیا۔

فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ : "مگر جو درگزر کرے اور معاملے کو درست کرلے"۔

الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

الْكِتٰبَ	وَ	الْفُرْقَانَ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَ اِذْ قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ
کتاب	اور	جدا جدا کرنے والے احکام	تا کہ تم	ہدایت پا لو	اور جب کہا	موسیٰ	اپنی قوم سے

کتاب اور جدا جدا کرنے والے احکام تا کہ تم ہدایت پا لو اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا

يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ

یَا	قَوْمِ	اِنَّ	كُمْ	ظَلَمْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ	بِاتِّخَاذِكُمُ	الْعِجْلَ
اے	قوم	بے شک	تم	تم نے زیادتی کی	اپنے تئیں	تم نے بنا لیا	بچھڑا

اے قوم تم نے بچھڑا بنا کر بے شک اپنے تئیں زیادتی کی

فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ

فَتُوْبُوْا	اِلٰى	بَارِئِ	كُمْ	فَاقْتُلُوْا	اَنْفُسَكُمْ	ذٰلِكُمْ
سو تم رجوع کرو	طرف	پیدا کرنے والا	اپنا	تم ہلاک کرو	اپنی جانیں	یہ

سو تم اپنے پیدا کرنے والے کی طرف رجوع کرو۔ اپنوں کو ہلاک کرو یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

خَيْرٌ	لَّكُمْ	عِنْدَ	بَارِئ	كُمْ	فَتَابَ	عَلَيْكُمْ
بہتر	تمہارے لیے	نزدیک	پیدا کرنے والا	تمہارا	توبہ قبول کی	تمہاری

تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک تمہارے لیے بہتر ہے پس اس نے تمہاری توبہ قبول کی

مشق افعال

تَهْتَدُوْنَ (جمع مذکر حاضر مضارع) هَدٰى۔ يَهْدِىْ۔ هِدَايَةً — ظَلَمْتُمْ (جمع مذکر حاضر ماضی)

ظَلَمَ۔ يَظْلِمُ۔ ظُلْمًا — تُوْبُوْا (جمع مذکر حاضر۔ امر) تَابَ۔ يَتُوْبُ۔ تَوْبَةً

اُقْتُلُوْا (جمع مذکر حاضر۔ امر) قَتَلَ۔ يَقْتُلُ۔ قَتْلًا

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ : ''پھر اس کے بعد ہم نے تم کو معاف کر دیا''۔
فَاعْفُ عَنْهُمْ : ''تو آپ انہیں معاف کر دیں''۔
خُذِ الْعَفْوَ : ''(اے محمد) عفو اختیار کرو''۔
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا : ''بے شک خدا معاف کرنے والا اور بخشنے والا ہے''۔

لِقَوْمٍ (آیت نمبر 54) (ق و م)

مِنْهَا قَائِمٌ وَّحَصِيْدٌ : ''ان میں سے بعض تو باقی ہیں اور باقی تہس نہس ہو گئے ہیں''۔
اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا : ''جو کھڑے اور بیٹھے ہر حال میں خدا کو یاد کرتے ہیں''۔

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ ''مرد عورتوں پر راعی اور محافظ ہیں''۔
وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ : ''اور وہ نماز قائم کرتے ہیں''۔
وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى : ''جس مقام پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کھڑے ہوئے تھے اس کو نماز کی جگہ بنالو''۔
ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ : ''یہی درست اور مضبوط دین ہے''۔
وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ : ''اور جس روز قیامت برپا ہوگی''۔

نَرٰى : (آیت نمبر: 55) (ر ء ی)

فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ : ''اللہ تعالیٰ تمہارے کردار کو دیکھے گا''۔

إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿٥٤﴾ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ

إِنَّهُ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيمُ	وَإِذْ	قُلْتُمْ	يَا	مُوسَىٰ
بے شک وہ	وہ	توبہ قبول کرنے والا	نہایت مہربان	اور جب	تم نے کہا	اے	موسیٰ

بے شک وہ وہ توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور جب تم نے کہا اے موسیٰ

لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ

لَنْ	نُؤْمِنَ	لَكَ	حَتَّىٰ	نَرَى	اللَّهَ	جَهْرَةً	فَأَخَذَتْكُمُ
ہرگز نہ	ہم مانیں گے	تجھے	جب تک	ہم دیکھ لیں	اللہ	کھلم کھلا	پھر تمہیں آ لیا

ہم ہرگز تجھے نہ مانیں گے جب تک ہم اللہ کو کھلم کھلا نہ دیکھ لیں۔ پھر تمہیں آ لیا

الصَّاعِقَةُ وَأَنْتُمْ تَنْظُرُونَ ﴿٥٥﴾ ثُمَّ بَعَثْنَاكُمْ مِنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ

الصَّاعِقَةُ	وَ أَنْتُمْ	تَنْظُرُونَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا	كُمْ	مِنْ بَعْدِ	مَوْتِكُمْ
بجلی	اور تم	تم دیکھ رہے تھے	پھر	ہم نے اٹھایا	تمہیں	بعد	تمہاری موت

بجلی نے اور تم دیکھ رہے تھے۔ پھر ہم نے تمہیں تمہاری موت کے بعد اٹھایا۔

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٥٦﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ

لَعَلَّ كُمْ	تَشْكُرُونَ	وَظَلَّلْنَا	عَلَىٰ	كُمْ	الْغَمَامَ	وَأَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمْ
تاکہ تم	احسان مانو	اور ہم نے سایہ کیا	پر	تم	بادل	اور ہم نے اتارا	تم پر

تاکہ تم احسان مانو۔ اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا۔ اور تم پر اتارا

مشتق افعال

نَرَىٰ (جمع متکلم ماضی) رَأَىٰ - يَرَىٰ - رُؤْيَةً۔ بَعَثْنَاكُمْ (جمع متکلم ماضی) بَعَثَ - يَبْعَثُ - بَعْثَةً

ظَلَّلْنَا (جمع متکلم ماضی) ظَلَّلَ - يُظَلِّلُ - تَظْلِيلًا (ظَلَّ يَظَلُّ ظَلًّا)

أَخَذَتْ (واحد مؤنث غائب ماضی) أَخَذَ - يَأْخُذُ - أَخْذًا

اِنِّي اَرٰي مَالَا تَرَوْنَ : "میں وہ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے"۔

مَاكَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَاٰي : "(پیغمبر نے) جو دیکھا تھا اس کے دل نے اس میں کوئی جھوٹ نہیں ملایا"۔

وَيَرَي الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ : "اور جن لوگوں کو (صحف آسمانی کا) علم دیا گیا ہے وہ جانتے ہیں"۔

قُلْ اَرَاَيْتَكُمْ : "(اے پیغمبر!) ان سے کہو کہ بھلا دیکھو تو سہی"۔

قُلْ اَرَاَيْتُمْ مَّاتَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ : "(اے پیغمبر!) ان لوگوں سے کہو کہ کیا تم نے انہیں دیکھا بھی ہے جنکو تم (اللہ کے سوا) پکارتے ہو"؟

اَلَمْ تَرَ اِلَي رَبِّكَ : "(اے پیغمبر!) کیا تو نے اپنے پروردگار کی (قدرت کی) طرف نظر نہیں کی"۔

فَلَمَّا تَرَاءَ الْجَمْعَانِ : "پھر جب دونوں فوجیں آمنے سامنے آئیں"۔

بَعَثْنَاكُمْ : (آیت نمبر: 56) (ب ع ث)

اَلْبَعْثُ کسی چیز کو ابھارنا یا کسی کو کسی طرف بھیجنا۔

وَالْمَوْتَي يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ : "اور مردوں کو تو خدا (قیامت ہی کو) اٹھائے گا"۔

مَاخَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ : "تمہارا پیدا کرنا اور جلا اٹھانا ایک شخص (کے پیدا کرنے اور جلا اٹھانے) کی طرح ہے"۔

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ : "اور یہ قیامت ہی کا دن ہے"۔

الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۚ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۚ وَ

الْمَنَّ	وَ	السَّلْوٰى	كُلُوْا	مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا	رَزَقْنٰكُمْ	وَ
من	اور	سلویٰ	تم کھاؤ	سے	پاک چیزیں	جو	ہمنے تمہیں دیں	اور

من و سلویٰ ۔ وہ پاک چیزیں کھاؤ جو ہم نے تمہیں دیں ۔ اور

مَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ قُلْنَا

مَا	ظَلَمُوْ	نَا	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ	اِذْ	قُلْنَا
نہیں	انہوں نے نقصان کیا	ہمارا	اور لیکن	وہ رہے	اپنا	نقصان کرتے	اور	جب	ہم نے کہا

انہوں نے ہمارا نقصان نہیں کیا ۔ بلکہ وہ اپنا ہی نقصان کرتے رہے ۔ اور جب ہم نے کہا

ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا

ادْخُلُوْا	هٰذِهِ	الْقَرْيَةَ	فَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	رَغَدًا
تم داخل ہو	اس	بستی	پھر کھاؤ	اس سے	جہاں	تم چاہو	اطمینان سے

تم اس بستی میں داخل ہو پھر اس میں جہاں چاہو اطمینان سے کھاؤ

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ

وَ	ادْخُلُوْا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَقُوْلُوْا	حِطَّةٌ	نَغْفِرْ	لَكُمْ
اور	تم داخل ہو	دروازہ	سجدہ کرتے ہوئے	اور تم کہو	بخش دے	ہم بخش دیں گے	تمہیں

اور دروازہ سے سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور تم کہو بخش دے ہم بخش دیں گے تمہیں

مشتق افعال

كُلُوْا (جمع مذکر حاضر ۔ امر) اَكَلَ ۔ يَاْكُلُ ۔ اَكْلًا　　ادْخُلُوْا (جمع مذکر غائب امر) دَخَلَ ۔ يَدْخُلُ ۔ دُخُوْلًا

شِئْتُمْ (جمع مذکر حاضر ماضی) شَاءَ ۔ يَشَاءُ ۔ شَيْئًا

نَغْفِرْ (جمع متکلم ۔ مضارع) غَفَرَ ۔ يَغْفِرُ ۔ غُفْرَانًا

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيْدًا : ''اور (اس دن کو یاد کرو)جس دن ہم ہر امت میں سے خود ان پر گواہ کھڑا کریں گے''۔

طَيِّبَاتِ : (آیت نمبر: 57) (ط ي ب)

طَابَ الشَّيْءُ يَطِيْبُ طَيْبًا فَهُوَ طَيِّبٌ کے معنی کسی چیز کے پاکیزہ اور حلال ہونے کے ہیں۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ : ''تو جو عورتیں تم کو پسند ہوں ان سے نکاح کرلو''۔

رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبَاتِ : ''اور (کھانے کو) تمہیں پاکیزہ چیزیں دیں''۔

وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِيْنَ : ''اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے''۔

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ : ''اور جو پاکیزہ (زمین) ہے''۔

طُوْبٰي لَهُمْ : ''ان کے لئے خوشحالی ہے''۔

اُدْخُلُوْا : (آیت نمبر: 58) (د خ ل)

اَلدُّخُوْلُ : یہ خروج کی ضد ہے۔ **بمعنی داخل ہونا۔**

اُدْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ : ''تم اس گاؤں میں داخل ہو جاؤ''۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ : "اور کہو کہ اے پروردگار مجھے (مدینے میں) اچھی طرح داخل کیجیو"۔

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهُ : "وہ ان کو ایسے مقام میں ضرور داخل کرے گا جسے وہ پسند کریں گے"۔

اَلْقَرْيَةَ : (آیت نمبر: 58) (ق ر ي)

اَلْقَرْيَةَ : وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہو کر آباد ہو جائیں۔

وَاسْئَلِ الْقَرْيَةَ : "بستی سے دریافت کر لیجئے"۔

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰي : "اور تمہارا پروردگار ایسا نہیں کہ بستیوں کو تباہ کر دے"

نَغْفِرْ : (آیت نمبر: 58) (غ ف ر)

اَلْغَفْرُ : کسی کو ایسی چیز پہنا دینا جو اسے میل کچیل سے محفوظ رکھ سکے۔

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا : "اے پروردگار! ہم تیری بخشش مانگتے ہیں"۔

سَارِعُوْا اِلٰي مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ : "اور اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف لپکو"۔

وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ	"اور اللہ کے سوا گناہ بخش بھی کون سکتا ہے"۔
اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا	"اپنے پروردگار سے معافی مانگو کہ وہ بڑا بخشنے والا ہے"۔
اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ	"آپ ان کے لئے بخشش مانگیں یا نہ مانگیں"۔
اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ	"وہ بے شک بخشنے والا قدر دان ہے"۔
وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا	"اور ہمارے گناہ بخش دے"۔

سَنَزِيْدُ : (آیت نمبر: 58) (ز ا د)

اَلزِّيَادَةُ : اس اضافہ کو کہتے ہیں جو کسی چیز کے پورا ہونے کے بعد بڑھایا جائے۔

وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ	"اور (اس کے حصہ کا) ایک بار شتر غلہ اور لیں گے"۔
لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ	"جو نیکی کرتے ہیں ان کے لئے نیک بدلہ ہے (بلکہ) اور بڑھ کر"۔
مَا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا	"ان کی نفرت میں اضافہ ہی ہوتا ہے"۔
فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ	"تم تو میرا نقصان ہی بڑھا رہے ہو"۔
فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا	"سو اللہ نے ان کے مرض میں اور اضافہ کر دیا"۔

خَطٰیٰكُمْ ؕ وَ سَنَزِیْدُ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۸﴾ فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا

ظَلَمُوْا	الَّذِیْنَ	فَبَدَّلَ	الْمُحْسِنِیْنَ	سَنَزِیْدُ	وَ	خَطٰیٰكُمْ
ظلم کیا (ظالم)	وہ لوگ جنھوں نے	پھر بدل ڈالا	نیکی کرنے والے	عنقریب زیادہ دیں گے	اور	تمہاری خطائیں

تمہاری خطائیں۔ اور نیکی کرنے والوں کو عنقریب زیادہ دیں گے۔ پھر ظالموں نے بدل ڈالا

قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا

الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا	عَلٰى	فَاَنْزَلْنَا	لَهُمْ	قِیْلَ	الَّذِیْ	غَیْرَ	قَوْلًا
جنھوں نے ظلم کیا (ظالم)	پر	پھر ہم نے اتارا	انہیں	کہی گئی	وہ جو کہ	خلاف	بات

بات کو اس کے خلاف جو انہیں کہی گئی تھی۔ پھر ہم نے ظالموں پر

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا یَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى

مُوْسٰى	اِسْتَسْقٰى	وَاِذْ	كَانُوْا یَفْسُقُوْنَ	بِمَا	السَّمَآءِ	مِنْ	رِجْزًا
موسیٰ	پانی مانگا	اور جب	نافرمانی کرتے تھے	چونکہ	آسمان	سے	عذاب

آسمان سے عذاب اتارا۔ چونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور جب موسیٰ نے پانی مانگا

لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

مِنْهُ	فَانْفَجَرَتْ	الْحَجَرَ	بِعَصَاكَ	اضْرِبْ	فَقُلْنَا	قَوْمِهٖ	لِ
اس سے	سو بہہ نکلے	پتھر	اپنا عصا	مار	پھر ہم نے کہا	اپنی قوم	لیے

اپنی قوم کے لیے۔ تو ہم نے کہا اپنا عصا پتھر پر مار۔ سو اس سے بہہ نکلے

مشتق افعال

سَنَزِیْدُ (جمع متکلم مضارع) زَادَ۔ یَزِیْدُ۔ زِیَادَۃً

بَدَّلَ (واحد مذکر غائب۔ ماضی) بَدَّلَ۔ یُبَدِّلُ۔ تَبْدِیْلًا

قِیْلَ (واحد مذکر غائب ماضی مجہول) قَالَ۔ یَقُوْلُ۔ قَوْلًا

كَانُوْا یَفْسُقُوْنَ (ماضی استمراری جمع مذکر غائب) فَسَقَ۔ یَفْسُقُ۔ فِسْقًا

اِنْفَجَرَتْ (واحد مؤنث غائب ماضی) اِنْفَجَرَ۔ یَنْفَجِرُ۔ اِنْفِجَارًا (مجرد: فَجَرَ۔ یَفْجُرُ)

هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ : "کیا کچھ اور ہے؟"

ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا : "پھر وہ کفر میں (اور) بڑھ گئے"۔

اَلْمُحْسِنِيْنَ : (آیت نمبر: 58) (ح س ن)

اَلْحُسْنُ : ہر خوش کن اور پسندیدہ چیز۔

وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا : "اور لوگوں سے اچھی باتیں کہنا"۔

وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ : "اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لئے خدا سے اچھا حکم کس کا ہے؟"

اَلَّذِيْ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ : "جس نے ہر چیز کو اچھی طرح بنایا جسے اس نے پیدا کیا"۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ : "جنہوں نے اس دنیا میں نیکی کی ان کے لئے بھلائی ہے"۔

بِعَصَاكَ : (آیت نمبر: 60) (ع ص ي)

قَالَ هِيَ عَصَايَ : "اس نے کہا یہ میری لاٹھی ہے"۔

فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ : "تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں"۔

وَعَصٰۤي اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰي : "اور آدم ع نے اپنے پروردگار کے حکم کے خلاف کیا پس بہک گیا۔"

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا وَاشْرَبُوا

اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا	قَدْ عَلِمَ	كُلُّ	أُنَاسٍ	مَشْرَبَ	هُمْ	كُلُوا	وَ اشْرَبُوا
بارہ	چشمے	جان لیا	ہر	قوم	گھاٹ	اپنا	کھاؤ	اور پیو

بارہ چشمے ۔ ہر قوم نے اپنا گھاٹ جان لیا ۔ تم کھاؤ اور پیو

مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٦٠﴾ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ

مِنْ	رِزْقِ	اللّٰهِ	وَلَا تَعْثَوْا	فِي الْأَرْضِ	مُفْسِدِينَ	وَإِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوسٰى
سے	رزق	اللہ	اور نہ پھرو	زمین میں	فساد مچاتے	اور جب	تم نے کہا	اے موسیٰ

اللہ کے رزق سے ۔ اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو اور جب تم نے کہا اے موسیٰ

لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا

لَنْ	نَصْبِرَ	عَلٰى	طَعَامٍ وَّاحِدٍ	فَادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُخْرِجْ	لَنَا
ہرگز نہ	ہم صبر کریں گے	پر	کھانا ایک	دعا کر	ہمارے لیے	اپنا رب	نکالے	ہمارے لیے

ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ کریں گے پس اپنے رب سے دعا کر ہمارے لیے نکالے

مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا

مِنْ	مَّا	تُنْبِتُ	الْأَرْضُ	مِنْ	بَقْلِهَا	وَ	قِثَّائِهَا	وَفُومِهَا
سے	جو	اُگاتی ہے	زمین	سے	ترکاری	اور	ککڑی	اور گیہوں

جو زمین اُگاتی ہے ۔ کچھ ترکاری اور ککڑی اور گیہوں

مشق افعال

اُشْرَبُوْا (جمع مذکر حاضر امر) شَرِبَ ۔ یَشْرَبُ ۔ شُرْبًا

لَا تَعْثَوْا (جمع مذکر حاضر ۔ نہی) عَثَا ۔ یَعْثُوْا ۔ عُثُوًّا

لَنْ نَّصْبِرَ (جمع متکلم مضارع نفی) صَبَرَ ۔ یَصْبِرُ ۔ صَبْرًا

اُدْعُ (واحد مذکر حاضر امر)

(۲۳)

تُنْبِتُ (واحد مؤنث غائب مضارع) اَنْبَتَ ۔ یُنْبِتُ ۔ اِنْبَاتًا ۔ نَبَتَ ۔ یَنْبُتُ ۔ نَبَاتًا

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ :"اور جو خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا"۔

آٰلْئٰنَ وَقَدْعَصَيْتَ قَبْلُ : "(جواب ملائکہ) اب تو ایمان لاتا ہے، حالانکہ تو پہلے نافرمانی کرتا رہا"۔

عَيْنًا : (آیت نمبر 60) (ع ي ن)

اَلْعَيْنُ کے معنی آنکھ کے ہیں۔ پانی کے چشمہ کو بھی عین کہا جاتا ہے"۔

اَلْعَيْنُ بِالْعَيْنِ : "آنکھ کے بدلے آنکھ"۔

لَطَمَسْنَا عَلٰي اَعْيُنِهِمْ : "ہم ان کی آنکھوں کو مٹا (کر اندھا) کر دیں"۔

عَيْنًافِيْهَاتُسَمّٰي سَلْسَبِيْلًا : "یہ بہشت میں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے"۔

وَفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا : "اور ہم نے زمین میں چشمے جاری کر دیئے"۔

فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَاءٍ مَّعِيْنٍ : "تو (سوائے خدا کے) کون ہے جو تمھارے لئے شیریں پانی کا چشمہ بہا لائے"۔

قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ : "جو نگاہیں نیچی رکھتی ہوں گی (اور) آنکھیں بڑی بڑی"۔

وَحُوْرٌ عِيْنٌ : "اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں"۔

اُنَاسٍ (آیت نمبر: 60) (ا ن س)

اَلْاِنْسُ : یہ جن کی ضد ہے اور اُنس (بضمہ الہمزہ) نفور کی ضد ہے"۔

اٰنَسْتُ نَارًا : "میں نے آگ دیکھی"۔

حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا : "جب تک تم ان سے اجازت لے کر انس پیدا نہ کر لو"۔

طَعَامٌ : (آیت نمبر: 61) (ط ع م)

اَلطَّعْمُ : کے معنی غذا کھانے کے ہیں۔

وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ : "اور اس کا کھانا تمہارے لئے متاع ہے"۔

فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا : "اور جب کھانا کھا چکو تو چل دو"۔

اسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا : "ان دونوں نے (بستی) والوں سے کھانا طلب کیا"۔

وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ : "اور وہ کھانا کھلاتے ہیں"۔

وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ : "وہی سب کو کھانا کھلاتا ہے اور اسے کھانا نہیں دیا جاتا"۔

وَاحِدٌ (آیت نمبر 61) (و ح د)

اَلْوَحْدَۃُ: ایک ہونا۔

وَاِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَحْدَہُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِیْنَ لَایُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ: "اور جب تنہا خدا کا ذکر کیا جاتا ہے تو جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کے دل پراگندہ ہو جاتے ہیں"۔

تَنْبُتُ: (آیت نمبر: 61) (ن ب ت)

اَلنَّبْتُ وَالنَّبَاتُ: ہر وہ چیز جو زمین سے اگتی ہے۔

لِنُخْرِجَ بِہٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا: "تاکہ اس سے اناج اور سبزہ نکالیں"۔

وَاللّٰہُ اَنْبَتَکُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا: "اور خدا ہی نے تم کو زمین سے پیدا کیا"۔

تَنْبُتُ بِالدُّھْنِ: "(زیتون کا درخت) جو تیل نکالتا ہے"۔

خَیْرٌ: (آیت نمبر: 61) (خ ی ر)

اَلْخَیْرُ: وہ ہے جو سب کو مرغوب ہو۔ مثلاً عقل، عدل و فضل اور تمام مفید چیزیں۔ یہ اَلشر کی ضد ہے۔

وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۚ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي

وَعَدَسِهَا	وَبَصَلِهَا	قَالَ	اَ	تَسْتَبْدِلُوْنَ	الَّذِيْ	هُوَ	اَدْنٰى	بِ	الَّذِيْ
اور مسور	اور پیاز	اس نے کہا	کیا	بدلنا چاہتے ہو	وہ جو کہ	وہ	ادنیٰ	سے	وہ جو کہ

اور مسور اور پیاز۔ اس نے کہا کیا تم بدلنا چاہتے ہو وہ جو ادنیٰ ہے اس سے جو

هُوَ خَيْرٌ ۚ اهْبِطُوا مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ ۗ وَضُرِبَتْ

هُوَ	خَيْرٌ	اِهْبِطُوْا	مِصْرًا	فَاِنَّ	لَكُمْ	مَا	سَاَلْتُمْ	وَ	ضُرِبَتْ
وہ	بہتر ہے	تم اترو	شہر	پس بے شک	تمہارے لیے	جو	تم مانگتے ہو	اور	ڈالدی گئی

بہتر ہے۔ تم شہر میں اترو۔ بے شک تمہیں ملے گا جو تم مانگتے ہو۔ اور ڈال دی گئی

عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ ۗ ذَٰلِكَ

عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ	وَ	الْمَسْكَنَةُ	وَ بَاءُوْ	بِغَضَبٍ	مِنَ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ
ان پر	ذلت	اور	محتاجی	اور وہ لپیٹ میں آگئے	غضب	سے	اللہ	یہ

ان پر ذلت اور محتاجی۔ اور وہ اللہ کے غضب کی لپیٹ میں آ گئے۔ یہ

بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ الْحَقِّ

بِاَنَّ	هُمْ	كَانُوْا	يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَ	يَقْتُلُوْنَ	النَّبِيّٖنَ	بِغَيْرِ الْحَقِّ
اس لیے کہ	وہ	تھے	کفر کرتے	آیتوں کا	اللہ	اور	قتل کرتے تھے	نبیوں کو	ناحق

اس لیے ہوا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا کفر کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے

مشتق افعال

تَسْتَبْدِلُوْنَ (۵۹)

[illegible]

بَاءُوْ: جمع مذکر غائب ماضی، بَاءَ، يَبُوْءُ، بَوْءٌ

نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا	:	”تو ہم اس سے بہتر لے آتے ہیں“۔
وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ	:	”اور روزہ رکھنا ہی تمھارے حق میں بہتر ہے“۔
سَأَلْتُمْ	:	(آیت نمبر: 61) (س ء ل)
قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ	:	”موسیٰ! تمھاری دعا قبول کر لی گئی“۔
يَقْتُلُونَ	:	(آیت نمبر: 61) (ق ت ل)
قُتِلَ الْإِنْسَانُ	:	”انسان ہلاک ہو جائے“۔
وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا	:	”اور انہوں نے (عیسیٰ علیہ السلام کو) یقیناً قتل نہیں کیا“۔
وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ	:	”اور ان سے اس وقت تک لڑتے رہنا کہ فساد نابود ہو جائے“۔
وَلَئِنْ قُوتِلُوا	:	”اور اگر ان سے جنگ ہوئی“۔
وَمَنْ يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ	:	”اور جو شخص خدا کی راہ میں جنگ کرے پھر شہید ہو جائے“۔
قَاتَلَهُمُ اللَّهُ	:	”اللہ ان کو ہلاک کرے“۔
وَلَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ	:	”اور اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو“۔

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَكَانُوْا	يَعْتَدُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
یہ	اس لیے کہ	انہوں نے نافرمانی کی	اور وہ تھے	حد سے بڑھتے	بے شک	وہ جو کہ	ایمان لائے

یہ اس لیے ہوا کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے بڑھتے تھے۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَ	الَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالنَّصٰرٰى	وَالصّٰبِـِٕيْنَ	مَنْ	اٰمَنَ	بِ	اللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور	وہ جو	یہودی ہوئے	اور نصاریٰ	اور صابی	جو	ایمان لایا	پر	اللہ	اور روزِ آخرت

اور جو یہودی ہوئے اور نصاریٰ اور صابی جو ایمان لایا اللہ پر اور روزِ آخرت پر

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ
اور	عمل کیے	نیک	سو ان کے لیے	ان کا اجر	پاس	ان کا رب	اور نہ	کوئی خوف	ان پر

اور نیک عمل کیے تو ان کے لیے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے۔ اور ان پر نہ کوئی خوف ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ

وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَ	كُمْ	وَرَفَعْنَا	فَوْقَكُمْ	الطُّوْرَ
اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	اور جب	ہم نے لیا	اقرار	تم	اور ہم نے اٹھایا	تمہارے اوپر	طور

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جب ہم نے تم سے اقرار لیا اور تمہارے اوپر کوہ طور اٹھایا

مشتق افعال

عَصَوْا : جمع مذکر غائب۔ ماضی ؛ عَصٰى يَعْصِىْ عِصْيَانًا وَّمَعْصِيَةً

يَعْتَدُوْنَ : جمع مذکر غائب۔ مضارع ؛ اِعْتَدٰى يَعْتَدِىْ اِعْتِدَاءً (عَدَا يَعْدُوْ عَدْوًا)

رَفَعْنَا : جمع متکلم ماضی ؛ رَفَعَ يَرْفَعُ رَفْعَةً

عَصَوْا : (آیت نمبر 61) (ع ص ي)

قَالَ هِيَ عَصَايَ : "اس نے کہا یہ میری لاٹھی ہے"۔

فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ : "تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں"۔

وَعَصَى آدَمُ رَبَّهُ فَغَوَى : "اور آدم ﷺ نے اپنے پروردگار کے حکم کے خلاف کیا، پس وہ بہک گیا"۔

وَمَنْ يَّعْصِ اللَّهَ وَرَسُوْلَهُ : "اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا"۔

آلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ : "(جواب ملائکہ) اب ایمان لاتا ہے، حالانکہ تو پہلے نافرمانی کرتا رہا"۔

رَفَعْنَا : (آیت نمبر 63) (ر ف ع)

اَلرَّفْعُ : کے معنی اٹھانے اور بلند کرنے کے ہیں۔

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ : "اور ہم نے طور پہاڑ کو تمہارے اوپر لا کر کھڑا کیا"۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ : "اور ہم نے تمھارے ذکر خیر کا آوازہ بلند کیا"۔

نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ : "اور ہم جسے چاہتے ہیں، اس کے درجے بلند کر دیتے ہیں"۔

رَفِيْعُ الدَّرَجَاتِ ذُوالْعَرْشِ : "خدا بڑا عالی مرتبہ (اور) عرش (بریں) کا مالک ہے"۔

بَلْ رَّفَعَهُ اللَّهُ اِلَيْهِ : "بلکہ اللہ نے اسے اپنی طرف اٹھا لیا"۔

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾

